باب اول: غصب، اجارہ، گواہی، تہاتر اور تراتر اور مدعی اور مدعا علیہ کی پہچان کی مسائل

فصل اول: غصب کے مسائل

فصل دوم: اجارہ کے مسائل

فصل سوم: مردود الشہادۃ کا بیان

فصل چہارم: تہاتر اور تواتر کا بیان

فصل پنجم: مدعی اور مدعا علیہ کی پہچان کا بیان

فصل اول:

غصب کے مسائل

(یعنی کسی سے کوئی چیز زبردستی لینا)

مسئلہ نمبر 1:

زید اور بکر کے گواہ ایک کپڑے کی بابت زید گواہ پیش کرتا ہے کہ یہ کپڑا زید نے مجھ سے غصب کیا ہے اور بکر بھی یہی دعوی کرتا ہے تو دونوں کیلئے کپڑے کا حکم کیا جائیگا۔

مسئلہ نمبر 2: دو افراد کے گواہ کسی زمینی حد یا دیوال کے باب میں اور دونوں ایک دوسرے پر دعوی کہ میرا حصہ اس میں داخل ہو گیا ہے تو حکم کیا جائیگا ہر ایک کیلئے صاحب ید کے حصہ پر۔

مسئلہ نمبر 1: بینۃ اثنین ادعیا ثوبا فی ایدیھما وک واحد منھما اقام البینۃ علی ان الاخر غصبہ یقضی بینھمااثنین۔(1)

مسئلہ نمبر2: بینۃ اثنین اختلفا فی حد وحائط بین نصیبین فقال کل منھمانصیبی دخل فی ید الاخر یقضی لکل منھم مافی ید الأخر۔(2)

1: الانقروی محمد بن الحسین الانکوری الحنفی متوری 1098ھ الفتاوی الانقرویہ مطبعۃ الامیریۃ بولاق مصر۔کتاب الدعوی جلدنمبر 2 ص 144

2: غانم ،غانم بن محمدالبغدادی المتوفی سن 1030ھ ملجاء القضاۃ عند تعارض البینات المعروف بہ ترجیح البینات، جامعہ ام القری مکۃ المکرمہ 1403ھ 1983ء کتاب الغضب ص 156

فصل دوم

اجارہ کا مسئلہ

فصل دوم:

اجارہ کامسئلہ

مسئلہ نمبر 3: دوافراد کے گواہ کسی گھر کے بارے جو کسی تیسے شخص کی ملکیت ہے دونوں اس پر گواہ پیش کرتے ہیں کہ یہ گھر میراہے میں صاحب قبضہ کودس روپے اجارہ پر دیاہے اورصاحب قبضہ انکارکرتاہوتوگھرکافیصلہ دونوں(1) کیلئے کیاجائیگا۔

---

(1)دونوں کے درمیان گھر برابر تقسیم کیاجائیگا،اوراگرصاحب قبضہ اس میں رہ چکاہوتواس سے دس روپیہ کرایہ بھی لیاجائی گا،اوردونوں مدعی پانچ پانچ روپیہ لیں گے،اسی طرح ذکرہے قاضی خان میں۔۱۲۔مترجم۔

مسئلہ نمبر 3: بینۃ اثنین ادعیادارافی یداخران کلامنھما قد اجرہ ایاھا بعشرۃ وھی ملکہ وھو جاحددعواھمایقضی بینھما۔(1)

:1 الشیخ نظام وجماعۃ من علماء الھند،الفتاوی الھندیہ ،دارالفکربیروت لبنان ۔کتاب الدعوی باب دعوی الرجلین جلدنمبر 4 ص 90

مردود الشہادۃ کا بیان

فصل سوم:

(تتمہ) کس کس کی گواہی قبول نہیں ان کے بیان میں۔

نابینا کی گواہی مطلقا قابل قبول نہیں۔

(برابر بات ہے گواہی سے پہلے نابینا ہو یا بعد میں) اسی طرح گونگے کے گواہی قابل قبول نہیں۔

مرتد کے گواہی بھی قابل قبول نہیں (مرتد وہ شخص ہے جو اسلام سے روگردانی کر چکا ہوں) غلام اور نابالغ کے گواہی قبول نہیں۔ اور غافل شخص کی گواہی قابل قبول نہیں۔

مسلمان جو قذف میں محدود ہو چکا ہوں اور قیدی کی گواہی قبول نہیں جو جیل میں واقع ہو چکا ہوں دونوں کے گواہی قبول نہیں (مثلا جیل میں جھگڑا ہوا اور پھر بعض لوگ بعض کے خلاف گواہی کریں تو قابل قبول نہیں)۔

شوہر کیلئے بیوی کے گواہی اور بیوی کیلئے شوہر (1) کی گواہ قابل قبول نہیں۔ اور اصل کی گواہی کرنا فرع (2) کیلئے جائز نہیں اور اس کے برعکس اور اسی طرح آقا کی گواہی اپنی مملوک کیلئے جائز نہیں

شراکت کرنے والے کے گواہی قبول نہیں شریک کیلئے اور اجیر خاص کے گواہی اپنے مستاجر کیلئے اور تابع کی گواہی متبوع کیلئے اور خاص شاگرد کی گواہی اپنے استاد کیلئے قابل قبول نہیں۔

---

(1) اور اگر عقد نکاح ٹوٹنے کے بعد میاں بیوی ایک دوسرے کیلئے گواہی دے تو پھر قابل قبول ہے جیسا کی شامی میں ذکر ہے۔ ۱۲۔ مترجم۔

(2) جس کیلئے گواہی قبول نہیں اس کیلئے قضاء بھی قبول نہیں، تو قاضی اپنے باپ دادا اوپر تک کیلئے اور بیٹے اور نواسے کیلئے نیچے تک کیلئے فیصلہ نہیں کر سکتا، اور اگر انہوں نے کسی کو وکیل کیا تو پھر بھی جائز نہیں۔ اور اگر دو افراد کے مقدمے میں کسی ایک نے قاضی کے بیٹے یا کسی ایسے شخص کو وکیل کیا جس کی گواہی قاضی کے حق میں جائز نہ ہو تو اگر قاضی نے وکیل کیلئے حکم کیا تو یہ حکم جائز نہیں۔ ۱۲ مترجم

(تتمہ) فیها لا یقبل شهادته

لاتقبل من اعمی مطلقا، ومثله الاخرس ،والمرتدوالمملوک والمغفل۔(1)

ومسلم محدودفی قذف ،ومسجون فی حادثة تقع فی السجن ، والزوجة لزوجها،وهولها۔

"والفرع لاصله والاصل لفرعه ،وسیدلعبده۔"(1)

"والشریک لشریکه فیما هوللشرکة ، والاجیرالخاص لمستاجره، والخدام، والاتباع لمتبوعهم والتلمیذ الخاص لاستاذه"۔(1)

:1 الدررالحکام شرح غررالحکام 379جلد نمبر2 ص

:2 ملاخسروالحنفی ؛الدررالحکام فی شرح غررالاحکام۔ میرمحمد کتب خانه کراچی۔کتاب الشہادات باب القبول وعدمه ج: 2ص، 379

اور مخنث کی گواہی قابل قبول نہیں اور نائحہ عورت کی گواہی قابل قبول نہیں اور دشمن کی گواہی جو دنیاوی(1) سبب سے گواہی کرتا ہو ناقابل قبول ہے (مثلاً کسی نے زید پر زنا کا تہمت لگایا تو اس کے خلاف زید کی گواہی قابل قبول نہیں۔

اور عام باتوں میں جھوٹ بولنے والے کی گواہی قبول نہیں۔ اور جو باتوں میں زیادہ قسمیں کھاتا ہوں، اور اس کے گواہی جو باتوں میں گالم گلوچ کرتا ہوں اور زکوۃ نہ دینے والے کی گواہی قابل قبول نہیں۔

اور جو شخص باجماعت نماز چھوڑتا ہو یا جمعہ کے نماز کو بلا عذر ترک کرتا ہو ان کی گواہی قابل قبول نہیں۔ اور جو شخص ضرورت سے زیادہ کھانا کھاتا ہوں اور جو شخص کسی امیر شخص کی استقبال کیلئے شہر سے باہر جاتا ہوں (لیکن اگر امیر شخص صالح اور عادل ہو تو پھر کوئی حرج نہیں) کی گواہی قابل قبول نہیں۔

اور عام راستے میں پیشاب کرنے والے اور طفیلی کے (یعنی جو شخص جو بلا دعوت کے دعوت میں شریک ہوتا ہے) گواہی قابل قبول نہیں۔ اور وہ شخص جو بہت زیادہ مسخرہ کرتا ہوں (یعنی مزاح) کی گواہی قبول نہیں۔ اور بہت زیادہ بخیل آدمی کی گواہی قابل قبول نہیں۔ اور کینہ گر آدمی کی گواہی قابل قبول نہیں اور نہ اس شخص کی گواہی جو کفن بیچنے کے انتظار میں بیٹھا ہوں (اور اگر کپڑے کا کاروبار کرتا ہو تو پھر کوئی حرج نہیں۔

---

(1) دشمنی کی وجہ سے گواہی کا قبول نہ ہونا عام نہیں، قنیہ، بحر اور شامی میں ذکر ہے کہ اگر گواہی دینے والا عادل اور ثقہ ہو تو اس کی گواہی قبول ہے۔ ۱۲۔ مترجم۔

"والشریک لشریکہ فیما هوللشرکۃ ، والاجیرالخاص لمستاجرہ، والخدام، والاتباع لمتبوعھم واللتلمیذ الخاص لاستاذہ"۔(1)

"المخنث الذی یؤتی، والمغنی بالاجرۃ ، والمغنیۃ، والنائحۃ للغیر،والعدوبسبب الدنیا"۔(2)

"والمجازف فی کلامہ،وکثیرالحلف،ومعتارالشتم ولوالدایۃ ومانع الزکوۃ"۔(3)

"وتارک الجماعۃ اوالجمعۃ بلاعذر ،والاکل فوق الشبع بلاعذر،والذی یخرج لفرجۃ قدوم امیر"۔(4)

1: الدررالحکام شرح غررالاحکام ج2 ص 380

2: الدررالحکام شرح غررالاحکام ج2 ص 380

3: درجہ بالا حوالہ ص: 380

4: درجہ بالا حوالہ ص: 380

اور وہ وکلاء جو قاضی اور حکام کے دروازوں پر فیصلوں کیلئے جاتے ہوں۔اور جھگڑا کرنے والے وکیل کے گواہی قبول نہیں۔اور جو شخص بلاوجہ نشہ آور اشیاء کی عادی ہو،اور جو شخص نابالغ اور بے ریش لڑکوں کے ساتھ لہو لعب میں مشہور ہوا ہو۔

اور کبوتر باز کی گواہی قبول نہیں(یعنی وہ شخص جو کبوتر بازی کے عادی ہو اور اگر عادی نہ ہو تو پھر کوئی حرج نہیں)اور دُف بجانے والا اور طبلہ بجانے والے کی گواہی قبول نہیں۔اور اس شخص کی گواہی قابل قبول نہیں جس کا اٹھنا بیٹھنا گناہ اور فسق و فجور کے محافل میں ہو۔یا ایسے گناہوں کا ارتکاب کرتا ہو جو حد کا موجب ہو یا لوگوں کے سامنے اپنا عورت ظاہر کرتا ہوں کے گواہی قبول نہیں۔

یا وہ شخص جو نردشیر (1) کھیلتا ہوی،اشطرنج سے جوا کھیلتا ہو، یا سودی ہو یا جو راستہ جاتے ہوئے کھانے کی عادی ہو یا وہ جو لوگوں کے سامنے استنجاء کرتا ہوں، یا وہ ظاہری طور اسلاف کو گالی دیتا ہو۔

وصی کے گواہی میت کے حق میں قابل قبول نہیں۔اگر فی الحال وصی نہ ہو(مثلاً زید وصی ہے تو اس کا گواہی میت کے حق میں قبول نہیں)اور اسی طرح یتیم کے وصی کے گواہی یتیم کیلئے قبول نہیں اور جو ایک یا کسی مقدمے میں خصم رہ چکا ہوں تو اس کی گواہی قبول نہیں۔

نوٹ:۔یہاں تک یہ تمام مسائل الدرر الحکام شرح غرر الاحکام اور اس کے حواشی سے لئے گئے ہیں۔

---

(1) نردشیر شطرنج کی طرح ایک کھیل ہے۔جو شیر ابن بابک نے ایجاد کیا تھا اسی وجہ سے اس کو نردشیر کہتے ہیں۔۱۲۔مترجم۔

"ومن يبول على الطريق، والطفيلي،والمسخرة وشيديدالبخل ،وكل متعصب مع الغير،والمترصدلبيع لكفان الموتى"۔(1)

"ومن يطيرالحمام، وطارب الطتبوروالمزامير،ومن يجلس مجالس الفجور،اوريرتكب مايوجب الحداو يكشف عورته عندالناس"۔(2)

"ومن يظهر سب السلف بل والخلف "(3)

"والوصى بحق للميت ولوبعد الغزل مطلقا،وكل من صارخصمافى حادثة"۔(4)

1: الدرر الحكام شرح غرر الاحكام ج:2 ص:381

2: (الدررالاحكام فى شرح غررالاحكام ج2 ص 381)

3: (حواله بالا ج:2 ،ص: 381۔

4: حواله بالا ج:2، ص: 381،382

یتیم کے مال کھانے والے کی گواہی قابل قبول نہیں۔اور وہ شخص جو نماز باجماعت ترک کرتا ہولاپرواہی کی وجہ سے،اور نہ شعبدہ باز اور فاسق کی گواہی قبول ہوگی۔

شاعر کی گواہی قبول نہیں اگر اپنے اشعار میں کسی کا ہجو کرتا ہو اور وہ شخص جو مجمعوں میں لڑکوں سے لہو ولعب میں مصروف ہوتا ہوں اور لشکر کی گواہی قبول نہیں امیر کی حق میں اگر لشکر میں لوگ کم ہو اور لشکر میں لوگ زیادہ ہو تو پھر قابل قبول ہے۔زیادہ ہونے سے مراد یہ ہے کہ سو100 سے زیادہ ہو۔ایساذکر ہے فتاوی ہندیہ میں۔

قاضی کے سامنے فیصلہ کرنے والوں کو حاضر کرانے والے کے گواہی قابل قبول نہیں۔(کیونکہ ایسا شخص اکثر رشوت لینے والا ہوتا ہے)اور دستاویز لکھنے والے اور دلال کے گواہی قابل قبول نہیں۔

اور قرضہ دینے والے کے گواہی اپنی مقروض پر اس کے موت کے بعد قابل قبول نہیں اور اس طرح قذف یعنی تہمت لگانے والے کی گواہی قابل قبول نہیں جو محدود ہو چکا ہوں۔اسی طرح رعیت کی گواہی اپنے عامل اور رئیس کیلئے قبول نہیں۔

"ولاتقبل شهادة آكل مال اليتيم باكله مرة،اذاترك الرجل للصلوة استخعاقا بالجماعة بان لايتعظم تفويت الجماعة اومجانة اوفسقالا تجوز شهادة ،فلاالرقاص والمشعود"۔(1)

"والشاعرالذى يهجوالناس،ومضارع الحداث فى المجامع والجندللاميران كانوايحصون وان كانوالايحصون تقبل ومالايحضى مازادعلى المائة"۔(2)

"ولاتقبل شہادة محضرالقاضى ولاالصكان ولاالدلال"۔(3)

"ولارب الدين لمديونه بعد موت المديون ولاالقاذف والاالرعية للعامل والرئيس"۔(4)

1: فتاوى الهنديه ج3 ص: 468

2: فتاو الهنديه ج3 ص 468

3: ايضا ج: 3 ص: 469

4: الدررالحكام فى شرح غررالاحكام، ج2 ص 382

جاہل کے گواہی عالم کے خلاف قابل قبول نہیں (عالم سے مراد وہ عالم ہے عبارت سے مسئلہ نکال سکتا ہو) اور جو گواہی کے طلب ہونے سے پہلے گواہی دیں اور اقلف کے گواہی قابل قبول نہیں۔

اسی طرح چور، ڈاکو، زناکار اور عمل قوم لوط کرنے والے کے گواہی قبول نہیں۔ اسی کے علاوہ شرابی، شطرنج کھیلنے والے، جھوٹی قسمیں کھانے والا، حرام مال کھانے والے، اور مشہور جھوٹ بولنے والے کی گواہی قابل قبول نہیں۔

{1} بھائی کی گواہی بھائی کیلئے قابل قبول ہے اور اسی طرح چاچا کیلئے یا رضاعی بھائی، بہن کیلئے، ساس اور سسر کیلئے، اسی طرح اقلف کی گواہی قابل قبول ہے۔ اگر بوجہ عذر ہو، اس کے علاوہ خصی اور عنین اور ولد زنا کی گواہی قابل قبول نہیں ہے۔

{1} یہ تشریح فتاوی ودودیہ کی مصنف نے کی ہے۔

"ولاالجاهل على العالم الشريف لعدم الولاية والمرادبالعالم من يستخرج المعنى من التركيب كماينبغى ،ولامن بدء بالشهادة قبل الطلب من صاحبهاوالمشهود به مالى،ولاالاقلف الذى ترک الختان استخفافا بالدين۔(1)

"ولاتقبل شهادة سارق،وقاطع طريق وزان ،ومن يعمل عمل قوم لوط،ومن يشرب ويسخرمنه الصبيان ومن تفوته الصلوة بلعب الشطرنج، ومن يحلف الايمان الكاذبة ،ومن ياكل الحرام ولايبالى من ابن اكتسب المال ،والمعروف بالكذب الفاحش"۔(2)

:1 الدررالحكام فى شرح غررالاحكام ج 2ص 382

:2 الصدرالشهيد،عمربن عبدالعزيزبن مازه البخارى،المتوفى 536هـ۔شرح ادب القاضى للخصاف۔مطبقة الارشاد بغداد،الطبعة الاولى 1988ء كتاب الشهاداب،الاسباب ،الموجبة لسقوط العدالة، ج 3ص 33

تہاتر اور تواتر کا بیان

فصل چہارم:

تہاتر اور تواتر کا بیان

تہاتر کا لغوی اور اصطلاحی معنی:

تہاتر کا لغت عربی میں کیا معنی ہے؟

"مغرب" کتاب میں ذکر ہے جس وقت شہادت بے کار ہو جاتا ہے تو عربی میں کہا جاتا ہے کہ شہادات متہاتر ہوئے۔اسی طرح "تہاتر القوم" کہا جاتا ہے جب لوگ ایک دوسرے پر جھوٹے دعوی کر رہے ہو۔

تہاتر کا لفظ ھتر سے لیا گیا ہے،اور ھتر لغت عربی میں جھوٹی بات اور غلط خبر کو کہتے ہیں اور جو گواہی شریعت میں حجت نہیں وہ تہاتر کی قبیلے سے ہے۔ (مغرب کی مضمون ختم ہوا)

اور فیروز آبادی نے کہا ہے کہ عربی میں تھاتر اس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی ایکسی اور پر جھوٹ کا دعوی کرے۔اور تھاتر وہ شہادات ہیں جس کے ذریعے ایک دوسرے کے جھوٹا ہونا ثابت کیا جاتا ہو۔اور اسی طرح مصباح کتاب میں ذکر ہے۔

الخاتمۃ فی التہاتر والتواتر

"اماالتہارلغۃ: فقال فی المغرب تہاترت الشہادات وبطلت وتہاتر القوم ادعی کل منہم علی صاحبہ باطلا"۔(1)

تہاتر:

"ماخوذ من الھتروھوالسقط فی الکلام والخطاء وکل بنیۃ لاتکون حجۃ شرعافھی من التہاتر"۔(2)

"وقال الفیروزی آبادی تہاتراذاادعی کل علی صاحبہ باطلاوالتہاترالشہادات التی یکزب بعضھابعضا۔انتہی کامہ ومثلہ فی المصباح"۔(3)

1: المطرزی،ابوالفتح ناصرالدین متوفی 610ھ۔المغرب فی ترتیب المغرب ۔مکتبۃ اسامۃ بن زید حلب سوریہ۔باب لھاء مع التاء ، جلد2 ص 377 الطبقۃ الاولی 1399ھ 1979ء

2: المغرب فی ترتیب المغرب جلدنمبر 2 ص 377

3: الفیروزی ابادی ،مجدالدین محمدبن یعقوب المتوفی سنۃ 817ھ۔القاموس المحیط، 2005۔موسسۃ الرسالۃ للنشروالتوزیع بیروت لبنان، فصل الھاء، ص 495

اور فقہاء کے نزدیک بعض شہادات بعض کو باطل کر دیتے ہیں۔ کسی تعارض یا شریعت کے خلاف ہونے کی وجہ سے یا نا ممکن ہونے کی وجہ سے محیط میں ذکر ہے کہ ایک آزاد شخص گواہ پیش کرتا تھا کہ یہ گھر میرا ہے میں نے اس مکاتب {1} غلام پر ایک ہزار روپے کے عوض بیچ دیا ہے، اور مکاتب گواہ پیش کرتا ہوں کہ یہ گھر میرا ہے میں نے اس عورت کو ایک ہزار روپے میں فروخت کیا ہے، اور عورت گواہ پیش کرتی ہے کہ یہ گھر میری ہے میں نے اس آزاد کو جس کے قبضے میں گھر ہے ایک ہزار روپے میں بیچ دیا ہے، اور تینوں نے تاریخ کا تعین نہیں کیا تو شیخینؒ کے نزدیک تینوں کے گواہ باطل ہیں اور گھر کو صاحب قبضہ کے ہاں چھوڑ دیا جائیگا۔ برابر بات ہے کہ صرف بیع پر گواہ دیں یا بیع اور قبضہ کرنے کے گواہی دیں۔ یہ گواہی اس لئے باطل ہے کہ ان میں سے ہر ایک کی گواہ یہ تقاضا کرتی ہے کہ وہ بائع ہو اور وہ دوسرا قیمۃ خریدنے والا ہو اور یہ دونوں ایک دونوں کے منافی ہیں۔(تو اسی وجہ سے تھاتر آگیا)

{1}: مکاتب وہ غلام ہے جس کو آقا کہے کہ اتنی رقم مجھے کما کر دو تو تم آزاد ہو۔ ۱۲ مترجم

"وعندالفقهاء البينات يبطل بعضهابعضالعلل اما لتعارض اوالتضاد اوالاستحالۃ او عدم المشروعيۃ قال فی المحيط اذاكانت الدار فی يد رجل حر فاقام البينۃ انها داره باعهامن هذ المكاتب بالف درهم واقام مكاتب البينۃ انها داره باعهامن هذه المراء ة بالف درهم،واقامت المراءة البينۃ انهادارباعتها من الحرالتی فی يده بالف ولم يؤرخوافقی قول ابی حنيفۃؒ وابی يوسفؒ البينات كلهاباطلۃ وتترک الدارفی دی ذی اليد قضاء ترک سواء شهدالشهود بالبيع ولم يشهدوبالقبض او شهدوا بالبيع والقبض جميعا"۔
"لان بينۃ كل واحدمنهاتقتضی ان يكون مشترياوبينهما تناف"۔(1)

1: حوالہ الطريقۃ الواضحۃ ص:22

اور اگراعتراض کیاجائے کہ شیخینؒ کے نزدیک یہ تہاتر نہیں کیونکہ یہ گواہی ایک دوسرے کے ساتھ منافی نہیں کیونکہ مدعی جس چیز کا دعوی مدعاعلیہ پر کرتاہے تو مدعاعلیہ اس چیز کا دعوی مدعی پر نہیں بلکہ کسی اور پر کرتاہے۔ تو وہ ہم جواب میں کہتے ہیں کہ پچھلے مسائل میں گواہی کے باطل ہونے کی وجہ یہ نہیں کہ مدعاعلیہ اپنے مدعی پر وہی دعوی دہرارہاہے جو مدعی کرتاہو بلکہ تہاتر کی وجہ یہ ہے کہ گواہ ایک دوسرے کے معارض اور منافی ہیں۔ اور یہی سب ان مسائل میں بھی موجود ہے۔

یاہم جواباً کہتے ہیں کہ وہاں تہاتر کی وجہ وہی ہے جو تم بیان کررہے ہو، لیکن اس کا مطلب یہ تو نہیں کہ کسی اور جگہ کسی اور سبب سے تہاتر ہو۔ اور ہم نے جو بیان کیا تھا کہ یہ شہادت اور گواہی ایک دوسرے کے معارض اور فنافی ہیں وہ اس لئے کہ ہر ایک مدعی ایک وقت میں بائع اور مشتری ہوا۔ تو یہاں معارض ہونے کی وجہ یہ ہے کہ مدعی کا بائع اور مشتری ہوناایک وقت میں واقع ہواجو ناممکن ہے ۔ محیط کا مضمون ختم ہوا۔

اور پھر محیط میں ذکر ہے کہ اسی مسئلے میں امام محمدؒ کے جو قول ہے اس میں اس حد تک اضطراب ہے کہ ابو معین نسفیؒ نے ذکر کیاہے کہ امام محمدؒ کے قول پر تقریباًاسی اعتراضات کئے گئے ہیں۔ اور اسی اضطراب کی وجہ یہ ہے کہ جس وقت امام محمدؒ نے اس کتاب کے لکھنے کاارادہ کیاتواپنے وکیل کو ہدایت کی کہ مجھے کسی حاجت اور ضرورت کے بارے میں کچھ نہیں بتانابلکہ جب مجھے کسی چیز کی ضرورت کو پورا کرنا یہاں تک کہ میرے رہنے کے گھر کے بیچنے کااگر ضرورت پیش آئے تو وہ بھی بیچنااور مجھے اطلاع دیناکہ میں گھر کو خالی کرالوں! تواتفاقاً جس وقت امام محمدؒ نے اس باب کے مسائل کو لکھناشروع کیاتوایک دن اس کاوکیل آیااور کہنے لگاکہ میں نے تمہارا گھر بیچ دیاہے تواسی وجہ سے امام محمدؒ کے دل میں تشویش اور غم آگئی اور فکر میں خلل واقع ہوااسی وجہ سے اس قول میں ان سے اضطراب صادر ہوا۔ محیط کی عبارت یہاں ختم ہوگئی۔

"فان قیل ینبغی ان لاتھاتر البینات عندھما ھنا لانہ لاتعارض لان کل واحد منھمالایدعی علی صاحبہ مثل مایدعی صاحبہ علیہ بل یدعی علی غیرہ بخلاف ماتقدم۔

قلنافی تلک المسائل ماتھاترت البینات باعتبار ان کل واحدمنھما یدعی علی صاحبہ مثل مایدعی صاحبہ علیہ بل لاجل التضاد والاستحالۃ وانہ مورد ھنا۔

اوان کان التھاترثمہ لاجل ماذکرتم فھذالاینفی التھاترلعلۃ اخریٰ وبیان التضادان کل واحدمنھماجعل بائعاومشتریافی وقت واحدلانامتی جھلنا التاریخ فعل کانھماوقعامعاوھذاالمعنیٰ موجود ھنا۔انتھی"۔

"ثم قال وقول محمدؒ مضطرب فی ذالک حتی ذکر ابومعین النسفیؒ انھم اوردواعلی اجوبتہ قریبامن ثمانین ایراداوسبب اضطراب قولہ فی ھذاالباب انہ لماشرع فی تصنیف ھذاالکتاب قال لوکیلہ لاترجع الیّ فی حاجۃ ولاتشغل خاطری بشئی ،وکلمااحتجت الی شیئ بع من مالی وانفق حتی الباب واذا بعت الدار فحینئذ اعلمنی حتی اخرج واسلمھاالی المشتری فاتفق انہ لما شرع فاشتغل خاطرہ وتفرق فکرہ بسبب التفلۃ فوقع الاضطراب۔انتھی۔

1: الطریقۃ الواضحۃ: ص: 224

2: ایضا :ص: 224

اور ذخیرہ کتاب میں وضاحت کے ساتھ مذکور ہے کہ جو گواہی شریعت میں حجت نہ ہو وہ بھی تہاتر کی قبیلے سے ہے۔اور اسی باب کی ایک صورت وہ بھی ہے جو ابن سماعہ نے امام ابو یوسفؒ سے نقل کیا کہ اگر دو افراد گواہی دیں اور تاریخ کا تعین کریں کسی پر، کسی ایسی بات یا کام کی جس سے اس کے خلاف اجارہ، مکاتب ہونے، بیع، قصاص، مال، طلاق یا غلام اور لونڈی کا آزاد ہونے کا لزوم ہوتا ہو اور مدعی علیہ گواہ پیش کریں میں اس وقت وہاں پر موجود نہیں تھا جو وقت اور دن گواہ بتا رہے ہیں تو مدعا علیہ کے یہ گواہ قابل قبول نہیں۔اور اسی باب میں ہر وہ گواہی داخل ہے کہ فلاں نے یہ بات کی ہے یا یہ کام نہیں کیا ہے یا اس قسم کا کوئی اقرار نہیں کیا ہے یہ سب تہاتر میں داخل ہیں۔

اگر ایک شخص نے گواہ پیش کئے کہ فلاں شخص نے مجھے بقر عید کے دن مکہ مکرمہ اس زخم سے زخمی کیا ہے اور قاضی نے حکم صادر فرمایا۔ پھر زید نے گواہ پیش کئے کہ مدعی کے ایک گواہ نے کوفہ میں بقر عید کے دن مجھے زخمی کیا ہے تو زید کے گواہی قبول نہیں۔اور اگر قاضی نے پہلے گواہوں کے بیان پر حکم صادر نہیں فرمایا ہو جبے تک جانبین کے گواہ جمع نہ ہو جائیں تو دونوں کے گواہی کو رد کیا جائیگا۔

وقال فی الذخیرۃ مانصہ کل بینۃ لاتکون حجۃ شرعا فھی من التھاترفمن جملۃ ذالک ماذکر ابن سماعۃ عن ابی یوسفؒ فی شاھدین شھدا علی رجل بقول یلزمہ بذالک اجارۃ اوکنایہ اوبیع اوقصاص اومال اوطلاق اوعتاق فی موضع وصفاہ اوفی یوم سمیاہ فاقام المشھود علیہ البینۃ انہ لم یکن فی ذالک الموضع اولافی ذالک الیوم الذی وصفاہ لم تقبل البینۃ علی ذالک وکذالک کل بینۃ قامت علی ان فلانا لم یقل لم یفعل لم یقرفھذاکلہ من التھاتر۔

رجل اقام بینۃ علی اخرانہ جرحہ یوم النحر بمکۃ ھذالجراح وقضیت بذالک ثم اقام المدعی علیہ الجراحۃ علی احدالشاھدین بینۃ انہ جرحہ یوم النحربالکوفۃ لم اقابل بینۃ علی ذالک ولولم اکن قضیت باالاولی حتی اجتمع البینتان والدعوتان ابطلتھا"۔

1: الطریقۃ الواضحۃ ص:228

اور حدود کے مسائل میں ذکر کیاہے کہ اگرچار گواہوں نے زید پر یہ گواہی دی کہ اس نے عیدالاضحی کے دن فلاں عورت سے زنا کیاہے اور دو گواہوں نے گواہی دی کہ زید نے اسی دن کوفہ شہر میں کسی کو قتل کیاہے، یا کسی عورت سے نکاح کیاہے یاطلاق دیاہے یااپنے غلام کوآزاد کیاہے یا کسی کو زخمی کیاہے اور یا کسی شخص نے اپنے دو غلاموں سے کہاکہ تم میں سے جس نے روٹی کھائی وہ آزاد ہے ۔اب دو گواہوں نے ایک کے روٹی کھانے پر گواہی دی اوراس کے علاوہ دو اور گواہوں نے اسی طرح گواہی تو ان صورتوں میں جانبین کے گواہی کورد کیاجائیگا۔

قاضی کے دونوں فریقین کے گواہی رد کرنے کے بعد ایک فریق فوت ہوگیا، پھر دوسری فریق نے اپنے سابقہ دعوی پر گواہ پیش کئے تو یہ گواہی قبول نہیں،اوراگر دو نئے گواہوں نے گواہی دی تو پھر قبول ہے۔

"وقال فی کتاب الحدوددلوشهد اربعۃ علی رجل انہ زنی بفلانۃ یوم التحریمۃ وشهد اثنان انہ قتل فلانایوم النحربالکوفۃ اوکانت الشهادة الثانیۃ فی نکاح او طلاق اوعتاق اوجراح،او قال الرجل لعبد یہ ایکمااکل اهذالرغیف فهو حرفشهد شاهدان ان هذااکلہ وشهدأخران ان هذالاخراکلہ لم قبل شهادتهما"۔(1)

"وان شهد احد الفریقین اولاوقضی القاضی بشهادتهم ثم شهد الفریق الاخر بماوصفنا لاتقبل شہادة الفریق الثانی وان رد القاضی الشهود جمیعاثم مات احدالفریقین ثم شهدالفریق الثانی بما شهدوا بہ لاتقبل شہادتهم فان جاء الاخر بشاهدین أخرین قبلت شهادتهما"۔(2)

1: (ابن مازة ،محمود بن احمدبن عبدالعزیزالبخاری الحنفی المتوفی 616ھ۔المحیط البرهانی فی الفقہ النعمانی۔ دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان۔الطبعۃ الاولی 1424ھ 2004ء۔کتاب الشہادات ،الفصل السابع عشر فی التهاتر بین الشهادتین ج : 8، ص: 449۔)

2: (المحیط البرهانی جلدنمبر 8 ص 450)

اوراسی بناپرا گردو گواہوں نے گواہی دی کہ اس شخص نے عیدالاضحی کے دن کوفہ شہر میں اپنی بیوی عمرہ کو طلاق دی ہے اس کے علاوہ دواور گواہوں نے مکہ مکرمہ میں طلاق کے گواہی دی یا گواہوں نے الگ الگ عورت کے طلاق ہونے پر گواہی دی تو دونوں فریقین کی گواہی قبول نہیں۔ایک فریق نے اگر پہلی گواہی دی او قاضی نے فیصلہ صادر کیااب دوسرا فریق گواہی دے رہا تھاتو قاضی دوسرے فریق کے گواہی پر فیصلہ نہیں فرمائے گا۔

دوافراد نے دعوی کیااور گواہ پیش کئے کہ فلاں میت میرا آزاد کردہ غلام تھااور میرے سوااس کا کوئی وارث معلوم نہیں تو میت کاورثہ ان دونوں کے درمیان برابر تقسیم کیاجائیگا۔اورا گران دونوں میں سے ایک مدعی نے دعوی میں پہل کیا تھااور گواہ پیش کئے اور قاضی نے اس کیلئے حکم کیاوارثت پر۔اس کے بعدا گردوسرے مدعی نے اپنے دعوی پر گواہ پیش کئے تو قاضی یہ گواہی قبول نہیں کرے گا۔

"وعلی هذااذاشهدشاهدان علی رجل انہ طلق امرء تہ عمرة یوم النحر بالکوفة وشهد أخران انہ طلقها یوم النحر بمکة او کانواشهدوعلی امراء تین لم تقبل شہادتهماولوشہد احدا لفریقین اولاوقضی القاضی بشہادتهماثم شهدالفریق الاخر فالقاضی لایقضی بشہادة الفریق الثانی"۔(1)

"وان ادعی رجلان ولاء رجل فاقام کل منهمابینة انہ اعتقہ وهو یملکہ ثم مات ولایعلم لہ وارث غیره جعلنا الولاء بینهماوان ادعی احدهمااولا و قضی القاضی لہ بالولاء ثم اقام الاخر بعدذالک بینة علی دعواه فالقاضی لایقبل بینة الثانی"۔

1: (المحیط البرهانی ج8 ص 450)

2: (المحیط البرهانی ج8 ص 450)

چار، چار افراد نے کسی مرد اور عورت پر زنا کی گواہی دی اور اس کے علاوہ چار افراد نے گواہی دی کہ یہ گواہی دینے والے خود زنا کرنے والے ہیں تو فریق دوم کی گواہی قبول نہیں شیخینؒ کے نزدیک، اور امام محمدؒ کے ہاں پہلے فریق پر دوسرے فریق کی گواہی سے حد زنا لاگو ہوگی اور جس پر پہلے فریق نے زنا کی گواہی دی ان پر حد زنا نہیں لگے گا۔ قاضی نے گواہوں کے گواہی سے کسی کیلئے فیصلہ کیا اور مدعاعلیہ کہتے ہو کہ میں بھی گواہ پیش کرنا چاہتا ہوں کہ یہ چیز میرا ہے یہ گواہی قبول نہیں۔ امام محمدؒ نے اس بات کی دلیل کی طرف اپنی کتاب "الاصل" میں اشارہ کیا ہے کہ اگر میں اس کے گواہوں کو قبول کرلوں تو پھر مدعی کے گواہوں کو قبول کرنا پڑیگا تو اس کی کوئی حد نہیں۔ اس دلیل سے اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ مدعاعلیہ کو اگر قاضی کے حکم کو توڑنے کا موقع دیا جائے تو پھر مدعی کیلئے بھی جائز ہو جائیگا کہ وہ اس کی ملکیت کا دعوی کرے تو یہ سلسلہ ایسا جاری رہے گا تو اسی وجہ سے تہاتر کے قبیلے سے شمار کیا جائیگا۔

لیکن زیادہ صحیح یہ ہے کہ مدعاعلیہ کے گواہ کسی چیز کے ثبوت کیلئے گواہی نہیں دیتے بلکہ قاضی کے حکم کو فسخ کرنے کیلئے اور جو گواہی قاضی کے فیصلے کو توڑتا ہو قابل قبول نہیں۔ اور کیسا قبول کیا جائیگا ایسے بات کو جس کا کوئی حد نہیں جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ہے۔ اور امام محمدؒ نے وصیت کے بارے میں ذکر ہے کہ دو گواہوں نے گواہی دی کہ فلاں شخص نے اقرار کیا تھا کہ اگر مجھے قتل کیا گیا تو میرا {1} غلام آزاد ہے اب وہ شخص قتل کیا گیا ہے، لہذا اس کا غلام آزاد ہے اور دو اور گواہوں نے گواہی دی کہ زید اپنی طبعی موت مرا ہے تو یہ گواہی قبول نہیں۔

{1} مدبر وہ غلام ہے جس کو آقا کہے کہ تم میرے مرنے کے بعد آزاد ہو۔ اور اس کا حکم یہ ہے کہ آقا کے مرنے کے بعد دیکھا جائیگا اگر میت کا ترکہ اتنا ہو کہ غلام کی قیمت ترکہ کی تہائی حصہ سے کم یا برابر ہو تو غلام آزاد ہو جائیگا، اور اگر آقا نے صرف مدبر غلام چھوڑا کوئی اور مالیت نہیں تھی تو اس مدبر کی ایک تہائی آزاد ہوگی اور باقی دو تہائی قیمت سعایت کرکے آقا کے ورثاء کو دے گا تاکہ وہ وراثت میں تقسیم کرسکیں، اور اگر آقا پر قرض بھی ہو تو اپنی پوری قیمت کی سعایت کرے گا۔ ۱۲ مترجم

"واذاشهدااربعة على رجل وامراة بالزنافشهداربعة أخرعلى هؤلاء الشهود انهم زناة فهذاباطل عندابى حنيفةؒ وعند ابى يوسف، وعندمحمدؒ يحدالفريق الاول بشهادة الفريق الثانى اما لايحد المشهود عليه الاول ،واذاقضى القاضى لرجل بحق ببينة اقامهافقال المقضى عليه انا اقيم البينة انه لى لم يقبل ذالک منه اشار فى الاصل فقال لواقبلت من هذاالقبلت من الاخر مثلهافيؤدى الى مالايتناهى اشارالى المدعى عليه لوتمكن من اقام البينة على ملكه بنقص القضاء الاول كان للمدعى ان يقيم البينة انهالى ثم يقيم المدعى عليه بعد ذالک فيؤدى الى مالايتناهى فكان من التهاتر فلايقبل"۔(1)

لكن الصحيح ان هذه بينة قامت على نقض القضاء الاول لاللاثبات والبينة القائمة على نقض القضاء مطلقالاتقبل كيف وانه يتضمن امرالايتناهى من الوجه الذى ذكرنا ،وقال فى كتاب الوصايااذا شهد شاهدان انه دبر فلانا وان قتل وانه قد قتل وشهد أخران انه مات موتا فانه يقضى بعتق المدبر من الثلث ولاتجوزشهادة شهودالموت۔(2)

:1 المحيط البرهانى ج 8 ص 451

:2 المحيط البرهانى ج8 ص 450

اوراسی طرح حکم ہے اگردو گواہوں کی گواہی سے ثابت کیا گیا کہ زید نے کہا تھا کہ میں اگراسی سفر کے دوران مجھے کوئی حادثہ پیش آیاتو میرا یہ غلام آزاد ہے اب وہ اسی سفر میں بیمار ہو چکا تھااور مر چکا ہے اس کے بر خلاف دو گواہ، گواہی دیں کہ وہ اسی سفر سے گھر واپس آیا تھااور مرض سے صحت یات ہو چکا تھا بعد میں اپنے گھر میں کسی اور مرض کی وجہ سے مر چکا ہے تو دوسری فریق کی گواہی قابل قبول نہیں۔

اسی طرح اگر کسی نے کہا کہ میں اگر جمادی الاولی کے مہینے میں وفات ہوا تو میرا فلاں غلام آزاد ہے اور اگر رجب کے مہینے میں مجھے موت آئی تو فلاں، اب دو گواہ جمادی الاولی میں وفات ہونے پر اور دو رجب میں وفات ہونے پر گواہی دے رہے ہوں تو پہلے تاریخ والے کے گواہی قبول ہو گی۔

"وکذالک اذاشھدوا انہ اعتق عبدہ فلاناان حدث بہ حدث من مرض فی سفرہ وانہ مرض فی سفرومات، وشھدأخران انہ رجع من سفرہ ومات فی اھلہ اوبرئ من مرضہ ومات من مرض أخربعد ذالک"۔

"اوان رجلاقال ان مت فی جمادی الاولی ففلان حروان مت فی رجب ففلان الاخر فشھد شاھدان انہ مات فی رجب اخذت بقول من شھد علی التاریخ الاول ولاالتفت الی قول الاخرین"۔

:1 (المحیط البرھانی ج8 ص 452)

:2 (المحیط البرھانی کتاب الشھادات ج 8 ص 452)

اور اگر مریض کہنے لگا کہ میں اگر اسی مرض سے وفات ہونے لگا تو میرا (زید) غلام آزاد ہے اور اگر میں اس مرض سے صحت یاب ہو گیا تو میرا فلاں (سالم) غلام آزاد ہو گا۔ اب زید کہتا ہے کہ وہ اسی مرض کی وجہ سے فوت ہو گیا تھا اور میت کے ورثاء کہتے ہو کہ وہ مرض سے صحت یاب ہو گیا تھا تو ورثاء کی بات معتبر ہے قسم کے ساتھ اور سالم آزاد ہو جائے گا۔ کیونکہ ورثاء کے اقرار سے اس کے آزاد ہونے کی شرط موجود ہو چکا ہے۔ پس اگر زید نے مریض کے مخصوص بیماری سے فوتگی گواہی سے ثابت کیا تو یہ گواہی قبول ہے اور زید آزاد ہو جائیگا۔ اور اگر جانبین نے ایک ساتھ گواہی سے ثابت کیا کہ (یعنی زید کے گواہ گوای دے رہے تھے کہ وہ مرض سے وفات پا چکا ہے اور ورثاء یا سالم کے گواہ گواہی دے رہو کہ وہ مرض سے صحت یاب ہو چکا تھا) تو زید کی گواہی قبول ہے۔ اور سالم کی گواہی قبول نہیں بر خلاف اس صورت کے وارث نے اگر گواہی سے ثابت کیا کہ میرا باپ فلاں تاریخ کو فوت ہوا تھا اور ایک عورت گواہی سے ثابت کریں کہ مدعی کے باپ نے مجھ سے اس تاریخ کے بعد نکاح کیا جو اس نے ذکر کیا ہے کیونکہ اسی صورت میں عورت کی گواہی قبول کی جائے گی۔

"فان قال ان مت من مرض هذاففلان حروان برئت ففلان الاخرحر ،فقال العبد الذی قال لہ ان مت من مرض هذافائت حر مات منہ وقالت الورثۃ برئ فالقول قول الورثۃ مع ایمانھم ویعتق العبد الاخر لاقرارھم بوجودشرطہ وھوالبرء من ذالک المرض فان اقام العبد الذی قال لہ ان مت من مرض هذافانت حرالبینۃ انہ مات من مرضہ ذالک قبلت ببینتہ ویقضی بعتقہ وعتق الاخر باقرارہ واقرارالوارث ، فان اقامت البینتات جمیعااخذت بالبینۃ التی شھدت علی موتہ من ذالک المرض ولااقبل بینۃ الاخر ،وهذابخلاف الوارث یقیم البینۃ علی الموت فی زمان ثم تقیم المرءۃ البینۃ علی النکاح بعدا لزمان الاول فانہ یقبل"۔

1: المحیط البرہانی ج8 ص 452

اور امام محمدؒ نے رقہ مقام میں جس کتاب کی املاء کی تھی اس میں مذکور ہے کہ امام محمدؒ نے کہا ہے کہ مدعی نے مدعاعلیہ پر کسی حق کا ثبوت کیا او گواہی سے ثابت کیا اس نے یہ کام فلاں دن کو فلاں جگہ میں کیا ہے اور مدعاعلیہ گواہی سے ثابت کریں کہ میں تو اسی دن کسی اور مقام میں تھا تو اس دونوں مقامات پر ایک وقت میں موجود ہونا ممکن ہے اسی وجہ سے مدعی کے گواہی قبول ہے اور مدعاعلیہ کے گواہی باطل ہے۔اور آنے والے مسائل بھی اسی قبیلے سے ہے۔

مدعی نے گواہوں سے ثابت کیا کہ مدعاعلیہ نے میرے باپ کو ربیع الاول کے مہینے میں قصداً قتل کیا ہے اور مدعاعلیہ گواہوں سے ثابت کریں کہ میں نے اس کے باپ کو ایک ہزار روپے قرض دیئے ہیں اور میرے گواہوں نے اس کو مذکورہ تاریخ کے بعد زندہ دیکھا ہے، یا مدعی گواہ پیش کریں کہ میں نے مدعاعلیہ کے باپ کو کل ایک ہزار روپے قرض دیئے تھے اور مدعاعلیہ گواہ پیش کریں کہ میرا باپ مذکورہ تاریخ سے پہلے فوت ہو چکا تھا، یا کوئی عورت دو گواہوں سے ثابت کریں کہ میرے شوہر نے رقہ شہر میں عیدالاضحی کے دن مجھے طلاق دی ہے اور وہ گواہ پیش کرتا ہوا اسی دن تو میں منی میں حج پر تھا۔ تو ان سب مسائل میں مدعی کے گواہ مقبول ہیں اور مدعاعلیہ کے گواہی نہیں سنی جائے گی۔ ہاں اگر بہت زیادہ لوگوں نے گواہی دی اور ان کی بالکل ظاہر تھی تو پھر ان کے شہادت کو قبول کیا جائیگا۔اور اگر عورت نے رقہ شہر میں طلاق پر گواہ پیش کئے اور غلام نے گواہ پیش کئے اس نے مجھے اسی دن مکہ مکرمہ میں آزاد کیا تھا اور دونوں کے دعوی سے مدعاعلیہ منکر تھا تو دونوں کے گواہی باطل ہے۔اور اگر مدعاعلیہ ایک کا تصدیق کیا اور دوسرے مدعی کا تکذیب کیا تو اس کے خلاف حکم کیا جائیگا۔

(یہ مضمون ختم ہوا)

"ذکر فی کتاب املاءہ محمد ؒفی الرقۃ ،قال محمدؒکل مدع یدعی علی صاحبہ بشیئ من الاشیاء ممایلزم فیہ حق واقاما البینۃ انہ کان فی موضع کذ ا واقام المدعی علیہ البینۃ انہ کان فی موضع کذ ولایستقیم ان یکون فیہ وفی ذالک الموضع الاخر فی یوم واحد ولیس ذالک بامر مکشوف فالبینۃ بینۃ المدعی"۔(1)

"قال فمن جملۃ ذالک رجل اقام البینۃ علی أخر انہ قتل اباہ عمدافی ربیع الاول فاقام المدعی علیہ بینۃ انھم راو اباہ حیابعد ذالک وانہ اقرضہ الف درھم وانھادین علیہ واقام رجل علی اخر البینۃ انہ اقرض اباہ فلاناامس الف درھم واقام الاخر البینۃ ان اباہ مات قبل ذالک اواقامت امرءۃ رجلین ان فلانا طلق امرتہ یوم النحربالرقۃ واقام فلان البینۃ انہ کان فی ذالک الیوم حاجابمنی فالبتہ فی جمیع ذالک ببینۃ الدعی ولایلتفت الی بینۃ المدعی علیہ"۔(2)

1: المحیط البرھانی ج 8 ص 453

2: المحیط البرھانی ج 8ص 453

اور ہدایہ میں تصریح کی گئی ہے کہ مدعی غیر قابض نے صاحب قبضہ پر گواہی سے ثابت کیا کہ یہ گھر میرا ہے میں اس سے خرید لیا ہے اور صاحب قبضہ بھی اس طرح دعوی کریں اور گواہ پیش کریں اور دونوں نے تاریخ کا تعین نہیں تو دونوں کے گواہی باطل شیخینؒ کے نزدیک اور گھر کو صاحب قبضہ کے ہاں میں چھوڑ دیا جائے گا۔

اور فتاوی عالمگیری میں ذکر ہے کہ نجم الدین نسفی سے استفتاء کیا گیا کہ کسی شخص نے میت کے وارثت کا دعوی کیا کہ میں اس کا نسبی ہوں اور چچازاد بھائی ہوں اور اپنے نسب پر گو پیش کئے اور دادا تک نام ذکر کئے پھر منکر نے گواہ قائم کئے اس میت کا دادا جو اس نے ذکر کیا ہے وہ کوئی اور ہے تو اس گواہی سے مدعی کے گواہ باطل ہو جاتے ہیں کہ نہیں؟

تو اس کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اگر قاضی نے پہلے حکم کیا ہو مدعی کے گواہوں سے تو قاضی کا حکم برقرار رہے گا اور گواہی باطل نہیں ہو جائے گی اور اگر قاضی نے حکم نہیں کیا تو پھر فریقین کے گواہی باطل ہیں کیونکہ یہ گواہی ایک دوسرے کے معارض ہیں۔ (عالمگیری کا مضمون ختم ہوا)

"وان اقام الخارج البينۃ انہ اشتراھا من ذی اليدواامھاذواليدانہ اشترھامن الخارج ولاتاريخ معھما تھاتروترکت الدارفی يد ذی اليد وھذا عند ابی حنيفۃ وابی يوسفؒ"۔(1)

"سئل نجم الدين النسفیؒ عمن ادعی ميراث ميت لعصوبۃ بنوۃ العم واقام البينۃ علی النسب بذکر الاسامی الی الجدفاقام منکر ھذالنسب والميراث بينۃ ان جد الميت فلان وھو غيرمااثبتہ المدعی ھل تندفع بھذادعوی المدعی وبينۃ"

" قال ان وقع القضائ ببينۃ المدعی فالقضاء ماض ولاتبطل بينۃ المدعی بھذاولاتندفع دعواہ وان لم يقع القضاء ببينۃ المدعی فالقاضی لايقضی باحدی البينتين لمکان التعارض"۔(2)

:1 المرغينانی ۔علی ابی بکر الفرعانی المتوفی 593ھ۔الھدايہ ۔مکتبہ رحمانيہ لاہور ۔کتاب الدعواہ باب دعوی الرجلين ج3 ص 229

:2 الشيخ نظام ،وجماعۃ من علماء الھندالفتاوی الھنديہ فی مذھب ابی حنيفۃ النعمان۔بيروت ،دارالفکرکتاب الدعوی با فيماتدفع بہ دعوی المدعی ومالاتدفع بہ،ج4 ص 53

اور کنز میں ذکر ہے کہ دوافراد نے گواہ پیش کئے کسی عورت کااپنے نکاح میں ہونے پر(یعنی ہر ایک گواہی قائم کرتا تھا کہ فلاں عورت سے میں نے نکاح کیاہے)تودونوں کے گواہ باطل {1} ہیں۔شارح نے کہاکہ یہ حکم تب ہے جب وہ عورت زندہ ہو {2} ۔اور محشی ابوسعود نے کہاہے کہ یہ گواہی کے باطل ہونے کاسبب یہ ہے شریعت میں ایک عورت کے دوشوہر ہونانا ممکن ہے تو قاضی عورت کو دونوں سے جدا ہونے کا حکم دے گا کیونکہ ان میں سے کسی ایک کے گواہی کے معتبر ہونے کا کوئی سبب موجود نہیں۔

اور یہ صورت بھی تھاتر کے قبیلے سے ہے کہ اگر دونوں دعوی کریں کہ رب المال نے مجھے روپے بطور مضاربت دی ہے لیکن ایک دعوی کریں کہ میرے لئے منافع کاآدھاحصہ مقرر کیاہےاور دوسرادعوی کریں کہ میرے لئے ایک تہائی حصہ مقرر کیاہے اور دونوں نے گواہ پیش کئے تو امام ابوحنیفہ کہتے ہیں کہ یہ گواہی قبول نہیں اوران دونوں کو مناسب اجرت دی جائے گی اگر رب المال اقرار کرتاہو۔

اوردر مختار میں ذکرہے کہ دوافراد نے ایک دوسرے سے کسی چیز کے خریدنے کادعوی کیاجوکہ ان دونوں کے قبضے میں نہ ہویادونوں کے قبضے میں ہو یادونوں میں سے ایک کے قبضے میں تھااور گواہ پیش کئے اوردونوں نے تاریخ کاتعین نہیں کیاتودونوں کے گواہی باطل ہوجائے گی۔اوردعوی کی چیز کاصاحب قبضہ کے ہاں چھوڑدیاجائیگااورامام محمدؒ کے نزدیک گھر کاحکم مدعی غیر قابض کیلئے کیاجائیگا لیکن ہم دلیل کے طورپر کہتے یں کہ کہ قیمۃ خریدنابائع کی ملکیت کی اقرار کرنے کی مترادف ہے (یعنی زید بکرسے خریدتاہے گووہ بکرکی ملکیت کااقرار کرتاہے ار بکر زید کی ملکیت کااقرار کرتاہے توگویادونوں کے گواہوں نے ایک دوسرے کیلئے اقرار پر گواہی کی جوکہ جمع نہیں ہوسکتا توتہاتر آگیا۔)اوراگردونوں نے قبضے کوثابت کیاتواسی صورت میں باتفاق علماء گواہی باطل ہے۔(درمختار کی مضمون ختم ہوا)

{1}: یہ حکم تب ہے جب ایک جانب کی گواہ کوتاریخ،قبضہ،یااقرار کی وجہ سے ترجیح ہو مثلادونوں مدعی صاحب قبضہ نہ ہو،عورت دونوں کی نکاح سے منکر ہو۔

{2}: اوراگرعورت مرگئی ہوتودونوں گواۃ قبول ہیں۔دونوں مدعی بمثل ایک ہونگے،دونوں پرایک مہر مشترکہ طورپرلازم ہوگا

"وفی الکنزلوبرهناعلی نکاح امراءۃ سقطتاقال الشارح هذاذاکان حال حیاتها۔قال محشی ابوسعودلتعذرالعمل بهماالان المحل لایقبل الاشتراک وفرق القاضی بینهماحیث لامرجم"۔(1)

"ومن التهاترمااذاادعی مضاربان علی رب المال احدهماادعی بشرط نصف الربح والاخربشرط الثلث واقاما البینۃ علی ذلک قال علی قیاس قول ابی حنیفۃؒ لاتقبل هذالشهادۃ ویکون لهمااجرمثل عملهاباقراررب المال"۔(2)

"وان برهن کل من الخارجین اوذوی الایداوالخارج وذی الید عینی علی الشراء من الاخر بلاوقت سقطاوترک المال المدعی بہ فی یدمن معہ وقال محمدؒ یقضی للخارج قلنا:الاقدام علی الشراء اقرار منہ بالملک لہ ولو اثبتاقبضاتهاترتااتفاقا"۔(3)

1: الطوری،محمدبن حسین بن علی القادری الحنفی ۔تکملہ البحرالرائق شرح کنزالداقائق ۔دارلکتب العلمیہ بیروت ،لبنان۔الطبعۃ الاولی 1997ء۔کتاب الدعوی ،باب دعو الرجلین ج 7 ص 399

2: (المحیط البرهانی ج 8 ص 453)

3: ردالمختار علی الدرالمختار۔ابن عابدین ،محمدامین ،دارعالم الکتب الریاض 1423۔2003 باب دعوالرجلین ج:8 ص: 333۔

اور فتاوی ہندیہ میں کتاب الشہادات کے نویں باب میں ذکر ہے کہ ہر وہ دو شہادتیں جو کہ ایک حالت میں جمع ہو جائیں تو دونوں ساقط ہو جاتے ہیں کیونکہ ان میں سے ایک جھوٹی ہے۔اور اس کا حکم یہ ہے کہ قاضی نے اگر پہلے شہادت پر حکم کیا تو دوسرے کا جھوٹا ہونا متعین ہو جائیگا۔

اس کا مثال یہ ہے کہ دو مختلف گواہوں نے گواہی دی کہ زید نے اپنی بیوی عمرہ کو عید الاضحیٰ کے دن کوفہ شہر میں طلاق دی ہے اور دو اور گواہ گواہی دیں کہ زید نے اسی دن مکہ مکرمہ میں اپنی بیو زینب کو طلاق دی تھی دونوں کی گواہی باطل ہیں۔اور اگر قاضی نے ایک فریق کے گواہوں پر حکم صادر فرمایا اس کے بعد دوسری فریق نے گواہی کی تو یہ گواہی قبول نہیں۔اگر دونوں کی گواہی الگ الگ دنوں پر ہوں اور دونوں میں اتنا فاصلہ کہ سوار شخص اسی دوران مکہ مکرمہ سے کوفہ پہنچ سکیں تو پھر دونوں کے گواہ قبول ہیں اور اسی طرح ذکر ہے محیط میں اور ہدایہ کی مضمون ختم ہو گئی۔

اس مذکورہ بیان سے واضح ہوا کہ تہاتر جب فریقین کے گواہوں میں ہو تو دونوں کی شہادتیں ساقط ہو جاتی ہیں اور اگر ایک فریق کی شہادت میں تہاتر ہو تو اسی ایک فریق کی شہادت ساقط ہو جاتی ہے۔

"کل بینتین لواجتمعتا فی حالۃ واحیدۃ سقطتا لوجودالکذب فی احدهمافاذابداء الی الحکم باحدهمایتعین الکذب فی الاخری،

"مثالہ لوشهدواانہ طلق عمرۃ یوم النحر بالکوفۃ وشهد شاهدان انہ طلق زینب فی هذالیوم بمکۃ فشهادتهماباطلۃ ولوحکم الحاکم باحدی البینتین ثم جاءت الاخری لاتقبل الشهادۃ الثانیۃ ولوشهدافی بذالک فی یومین متفرقین وبینهمامن الایام مقدار مایسیرالراکب من الکوفۃ الی مکۃ جازت شهادتهما"۔(1)

"فظهرمن هذاان التهاترتارۃ یکون فی کل من البینتین فتسقطان فی احدی البینتین ولاتعتبر کماهوظاهر"۔(2)

:1 فتاوی ہندیہ: محولہ بالا،الباب التاسع فی الشهادۃ علی النفی والبینات یدفع بعضهابعضا،جلدنمبر 3ص 513

:2 الطریقۃ الواضحۃ ص: 234

(تواتر)

تواتر کا لغوی معنی:

تواتر پے در پے ہونے کو کہتے ہیں، مغرب کی کتاب میں ذکر ہے کہ وتر، شفع کی ضد ہے (وتر طاق، شفعہ جفت) عربی میں کہا جاتا ہے "اَوْتَر "یعنی وتر کی نماز ادا کیا اور حدیث شریف میں ذکر ہے "اذااستجمرت فَأوْتِر "(یعنی جب استنجاء کیلئے جائے تو اپنے ساتھ طاق پتھر لے جائے) اور عربی زبان میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص ایک وتیرہ پر ہے یعنی اس کا طریقہ اور خوئی خصلت ایک ہے۔ اور اس کا اصل تواتر سے ہے جو کہ پے در پے ہونے کو کہتے ہیں۔ مغرب کتاب کی مضمون یہاں پر ختم ہوا۔
اور مصباح میں ذکر ہے کہ عربی میں کہتے ہیں گھوڑے متواتر ہوئے یعنی ایک دوسرے کے پیچھے آئے یہ تواتر کی لفظی وضاحت تھی۔

تواتر کا اصطلاحی معنی:

اور علم اصول کے اصطلاح میں "خبر متواتر" وہ ہے جس کو روایت کرنے والے ہر زمانے میں اتنے کثیر تعداد میں ہو کہ ان کا جھوٹ پر جمع ہونا عقلا محال ہو۔ (یعنی اول، آخر اور درمیان تینوں یکساں ہوں) اور علم اصول کے محققین علماء خبر متواتر کی یہ تعریف کرتے ہیں:

"کہ متواتر کسی جماعت کی خبر کو کہتے ہیں جس کا سچا ہونا خو بخود معلوم ہوتا ہو اسی طرح ذکر کیا ہے ابن مالک کے منار کی شرح میں"۔

"واماالتواترلغۃ فھوالتتابع"

"قال فی المغرب الوترخلاالشفع و(اوتر)صلی الوتروفی الحدیث "اذاستجمرت فاوتر"ویقال : ھو علی وتیرۃ واحدۃ ای طریقۃ وسجیۃ واصلھا من التواتر:التتابع ومنہ: "جآءو تترٰی"ای متتابعین وترا بعد وتر"۔(1)

"التواترھوالتتابع ویقال تواترت الخیل اذاجآءت بتبع بعضھا بعضا"۔

"وعندالاصولین ھوالخبرالذی رواہ قوم لایحصی عددھم ولایتوھم توطئوھم علی الکذب ویدوم ھذالحد فیکون أخرہ کاولہ واولہ کاخرہ وواسطہ کطرفیہ و عرفہ المحققون بانہ خبر جماعۃ یفیدبنفسہ العلم بصدقہ"۔(2

1: المطرزی، ابوالفتح ناصرالدین، المغرب فی ترتیب المغرب ۔حلب سوریہ مکتبۃ اسامہ بن زید 1399ھ باب الواو،الواومع التاء۔ج2 ص 340

2: الرافعی ،احمد بن محمد بن علی ۔المصباح المنیرفی غریب الشراح الکبیر۔دارالمعارف القاھرہ مصر باب الواو ص 647

3: ابن الملک ،المولی عبداللطیف،شرح منارالانوارفی اصول الفقہ ۔بیروت دارالکتب العلمیہ 1308ھ۔باب بیان اقسام السنۃ ص 206

اور (علامہ تفتازانیؒ) نے اپنی کتاب تلویح کی دوسری رکن کے شروع میں ذکر کیا ہے کہ (صدرالشریعہ نے خبر متواتر کے بارے میں فرمایاہے) کہ متواتر وہ ہے جس کے روایت کرنے والوں کا جھوٹ پر جمع ہونا ناممکن ہو۔

خبر متواتر کے روایت کرنے والوں کا کثیر تعداد میں ہونا جن کا جھوٹ پر جمع ہونا عقلا محال ہو یہ محققین علماء کی تفسیر ہے۔ تو اگر بہت زیادہ لوگوں نے خبر دی ور عین ممکن ہو کہ انہوں نے کسی غرض کیلئے جھوٹ پر اتفاق کیا ہے تو پھر وہ خبر متواتر شمار نہیں ہوگا۔ اور صدرالشریعہ نے جو عدالت اور مکان اور شہر کا ایک دوسرے سے دور ہونا یہ تاکید اس لیے کی ہے کہ ان کا اتفاق جھوٹ پر ناممکن ہو۔ تو خبر متواتر کیلئے یہ شرط نہیں اس لئے کہ اگر ایک شہر میں کافروں کے ایک جم غفیر اپنے بادشاہ کے موت کی خبر دیں تو اس سے ہمیں یقین حاصل ہوتا ہے لیکن یہاں عدالت اور مکان کا ایک دوسرے سے دور ہونا نہیں پایا جاتا۔

اور اگر کوئی یہ اعتراض کریں کہ بہت زیادہ یہودیوں نے عیسی علیہ السلام کو قتل کرنے کی اور دین موسوی کو باقی رہنے کی خبر دی ہے تو چاہیے کہ اس سے بھی یقین حاصل ہو تو ہم جواب میں کہتے ہیں کہ ہم تسلیم نہیں کرتے کہ یہ تواتر سے ثابت ہے اور یہ بھی تسلیم نہیں کرتے کہ خبر متواتر کیلئے جو شرائط ہیں وہ اس میں ہر زمانے میں موجود ہو۔

"وقال العلامۃ فی اول الرکن الثانی من التلویح قولہ ولایمکن تواطئوھم ای توفقھم علی الکذب عندالمحققین تفسیر لکثرۃ بمعنی ان المعتبر فی کثرۃ المخبرین بلوغہم حدا یمتنع عندالعقل تواطئوھم علی الکذب حتی لواخبر جمع غیرمحصوربما یجوز توافقھم علی الکذب فیہ لغرض من الاغراض لایکون متواترا"۔(1)

"واماذکر العدالۃ وتباین الاماکین فتاکید لعدم تواطئوھم علی الکذب ولیس بشرط فی التواترحتی لواخبرجمع غیرمحصورین من کفاربلدۃ بموت ملکھم حصل لناالیقین۔(2)

وامامثل خبرالیھود بقتل عیسیؑ وتأبیددین موسیؑ فلانسلم تواترہ وحصول شرائطہ فی کل عھد"۔(3)

1: التفتازانی،مسعودبن عمر۔التوضیح مع التلویح لمتن التنقیح ۔فی اصول الفقہ ۔قدیمی کتب خانہ آرام باغ کراچی۔الرکن الثانی فی السنۃ جلدنمبر 2 ص 04

2: ایضا ص: 4

3: ایضا ص: 4

متواتر کیلئے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ بات ایک حس {1} سے معلوم ہوتی ہو(یعنی خبر متواتر سے جس چیز کی اثبات ہوتی ہے وہ محسوسات میں سے ہو اور کوئی عقلی چیز نہ ہو)تو اگر ایک علاقے کے لوگ ایک عقلی مسئلہ پر متفق ہو گئے تو اس سے یقین حاصل نہیں ہوتا جب تک ایک یقینی دلیل نہ ہو۔(تلویح کی مضمون ختم ہوا)

اور علمائے فقہ کی اصطلاح میں متواتر جماعت کی خبر کو کہتے ہیں جس جماعت کی خبر سے علم یقین حاصل ہوتا ہو،اور یا اس جماعت کی خبر کو جس کا جھوٹ پر متفق ہونا کسی کی وہم و گمان میں بھی نہ ہو۔

اور فتاوی علی آفندی {2} میں تصریح کی گئی ہے کہ کتنی تعداد سے تواتر ثابت ہوتا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ اتنے بڑے تعداد میں لوگ خبر دیں جن کا جھوٹ پر متفق ہونا عقلا محال ہو اس سے تواتر حاصل ہوتا ہے۔آفندی کا مضمون ختم ہوا۔

اور صحیح قول یہ ہے کہ تواتر ثابت ہونے کیلئے کوئی خاص تعداد اور حد معین نہیں لیکن اتنا ضروری ہے کہ روایت کرنے والوں کی تعداد اتنی کثیر ہو جن کا جھوٹ پر جمع ہونا عقلا محال ہو۔اور اسی طرح ذکر ہے مجلہ میں۔

{1}: حواس ظاہرہ پانچ ہیں۔قوت باصرہ جس کا تعلق انکھوں سے ہے۔قوت سامعہ جس کا تعلق کانوں سے ہے۔قوت شامہ جس کا تعلق ناک سے ہے۔قوت ناطقہ جو زبان سے تعلق رکھتا ہے اور قوت لامسہ جس کا تعلق تمام جسم سے ہے۔

{2}: یہ عبارت اصل میں ترکی زبان میں ہے۔

"ثم المتواتر لابدان یکون مستنداالی الحس سمعااوغیرہ حتی لواتفق اهل اقلیم علی مسلة عقلیة لم یحصل لنااليقين حتی یقوم لناالبرهان"۔(1)

" وعندالفقهاء خبرجماعة یقع العلم بخبرهم اوخبر جماعة لايتصور اتفاقهم علی الکذب۔(1)

قال فی فتاوی علی آفندی مانصه "بوصورتده تواترنه یله حاصل اورلوف الجواب کذب اوزرینه اتفاقلری متصوراولمیان قومک اخبار لریله حاصل اولور۔انتهی"۔(2)

"ولکن للتواترعدد معین علی الصحیح لکن کونه جماغفیرا لایجوزالعقل اتفاقهم علی الکذب شرط"۔(3)

:1 التلويح ج2 ص 4

:2 آفندی ،علی بن محمد ۔فتاوی علی آفندی (مطبع اورتاریخ ذکر نہیں)ج1 ص 526

:3 الطريقة الواضحة ص: 235

اور مجلہ میں مذکور ہے کہ تواتر کے خبر دینے والوں کیلئے اتنے تعداد میں ہوناضروری جن کا جھوٹ پر جمع ہونا عقل محال سمجھتاہوں اوراسی کیلئے بڑی جماعت کاہوناضروری ہے۔

تواتر سے علم یقینی حاصل ہوتاہے تو تواتر کے خلاف گواہی نہیں دی جاسکتی یعنی شہادت تواتر کا مقابلہ نہیں کر سکتی کیونکہ شہادت ظن کا فائدہ دیتی ہے اور تواتر علم یقینی کا فائدہ دیتاہے برابر بات ہے اگر کوئی مدعی ہو یا مدعی علیہ، کسی چیز کو ثابت کرناچاہتاہو یا نفی کرناچاہتاہو، حدود ہو یا قصاص، قاضی کے حکم سے پہلے ہو یا بعد میں ان سب صورتوں میں تواتر حجت یقینی ہے۔

اور ذخیرہ میں ذکر ہے کہ یہ مسئلہ تواتر کی قبیلہ سے ہے کہ ایک شخص نے گواہ پیش کئے کہ اس نے میرے والد کو ربیع الاول کے مہینے میں قصداً قتل کیاہے اور مدعاعلیہ گواہ قائم کرے کہ مدعی کے باپ کو ہم نے ربیع الاول کے بعد زندہ دیکھاہے۔

یا کسی شخص نے دعوی کیا کہ میں نے زید کے والد کو ایک ہزار روپیہ فلاں تاریخ کو قرض دیئے تھے اور زید نے گواہ پیش کئے کہ میرا باپ اس تاریخ سے پہلے وفات پاچکاہے۔

یا کوئی عورت دو گواہوں سے ثابت کرے کہ میرے شوہر نے مجھے رقہ شہر میں عیدالاضحیٰ کے دن طلاق دیاہے اور شوہر نے گواہوں سے ثابت کیا میں اسی دن حج کے موقع پر تھا تو ان جیسے مسائل میں مدعی کے گواہ مقبول اور معتبر ہیں اور قاضی مدعاعلیہ کے گواہوں کو ترجیح نہیں دے گا اور اگر بات بالکل بدیہی ہو تو پھر ان کی شہادت قبول کی جائیگی۔

ذخیرہ کی مضمون اختتام کو پہنچ گیا۔

"والتواتریفیدعلی الیقین فلاتقام بینۃ علی خلافہ لان البینات ظنیۃ یدخلھاالشک بخلاف التواترسوآء کان المستندالی التواتر مدعیااومدعی علیہ وسوآء کان مثبتااونافیاوسوآء کان فی الاحوال والقصاص وسوآء کان قبل الحکم اوبعدہ لان التواترحجۃ فی النفی والاثبات"۔(1)

"رجل اقام البینۃ علی اخر انہ قتل اباہ عمدافی ربیع الاول واقام المدعی علیہ البینۃ انھم رآوااباہ حیابعد ذالک اواقام رجل علی اخر البینۃ انہ اقرض اباہ الف درھم واقام اخرالبینۃ ان اباہ مات قبل ذالک۔

اواقامت امراءۃ رجلین فلانا طلقھایوم النحربارقۃ واقام فلان البینۃ انہ کان فی ذالک الیوم حاجافالبینۃ فی جمیع ذالک بینۃ المدعی ولایلتفت الی بینۃ المدعی الاان تاتی العامۃ وتشھدبذالکویکون امرامکشوفافیئوخذبشھادتھم۔

:1 الطریقۃ الواضحۃ ص:236

:2 (المحیط البرھانی جلدنمبر8 ص 451

اور فتاوی بزازیہ میں ذکر ہے کہ زید پر دو گواہوں نے شہادت ثابت کیا کہ اس نے فلاں دن فلاں شہر میں بکر سے اتنا روپیہ قرضہ لیا ہے اور زید گواہی سے ثابت کریں کہ میں وہاں نہیں تھا تو زید کی یہ گواہی قبول نہیں۔ کیونکہ اس کا یہ قول کہ "میں وہاں نہیں تھا" ظاہرا اور معنا نفی ہے۔ اور یہ قول کہ "میں فلاں شہر میں تھا" یہ ظاہرا اثبات ہے لیکن معنا نفی ہے اور اس کی دلیل وہ ہے جو امام ابو یوسفؒ سے نوادار میں منقول ہے کہ:

زید پر دو افراد نے کسی ایسی کام یا ایسی بات کا ثبوت کیا جس کے ذریعے اس پر اجارہ، بیع، طلاق یا غلام کے آزاد ہونے کا ثبوت ہوتا ہو، یا اس گواہی سے حدود یا قصاص ثابت ہو رہے ہو اور گواہوں نے تاریخ کا تعین بھی کیا اس کے خلاف زید نے گواہ قائم کئے کہ اسی دن میں وہاں نہیں تھا تو زید کی یہ گواہی قبول نہیں ہے۔

لیکن محیط میں ذکر ہے کہ گواہی اگر متواتر تھی اور ہر خاص و عام کو معلوم تھا کہ وہ واقعی اس دن موجود نہیں تھا تو پھر زید کے خلاف مدعی کے گواہی قابل قبول نہیں تو قاضی زید کے ذمہ فارغ ہونے کا حکم کرے گا کیونکہ اگر مدعی کے گواہوں کو قبول کیا جائے تو تواتر لینے ثابت کیا گیا خبر کا جھوٹا ہونا لازم آئے گا اور حقیقت یہ ہے کہ بدیھیات {1} اور یقینیات میں کوئی شک اور شبہ نہیں ہو سکتا۔

{1}: بدیہیات وہ اخبار ہیں جو بالکل ظاہر ہو اور اس میں غور و فکر کی ضرورت نہ ہو جیسا کہ دن، یا یہ کہ آگ گرم ہے۔ ۱۲ مترجم

شھداانہ استقرض من فلان فی یوم کذ فی بلدکذا فبرھن علی انہ لم یکن فی ذالک الیوم فی ذالک المکان بل کان فی مکان اخر لایقبل ،لان قولہ لم یکن فیہ نفی صورۃ ومعنی وقول بل کان فی کذانفی معناواصلہ ماذکرفی النوادرعن الثانی۔

شھداعلیہ بقول اوفعل یلزم علیہ بذالک اجارۃ اوبیع اوطلاق اوعتاق اوقتل اوقصاص فی مکان وزمان وصفاہ فبرھن المشھود علیہ انہ لم یکن ثمہ یومئذ لایقبل۔

لکن قال فی المحیط ان التواتر عندالناس وعلم الکل عدم کونہ فی ذالک الزمان والمکان لاتسمع علیہ الدعوی ویقضی بفراغ الذمۃ لانہ یلزم تکذیب الثابت بالضرورۃ والضروریات ممالایدخلہ الشک عندنا۔(1)

1: الکردری،حافظ الدین محمدبن شہاب البزازی المتوفی سنہ 867ھ۔الجامع الوجیزاوالفتاوی البزازیہ۔الطبعۃ الخیریہ بولاق مصر،الطبقۃ الثانیۃ 1320ھ۔کتاب الشھاب نوع فی الشھادۃ علی النفی، ج2 ص 263

فتاوی علی آفندی میں شہادت کے باب میں مبسوط سے نقل ہے کہ :اگر گواہ پیش کرنے والے نے کہا کہ میں اسی دن فلاں مقام میں غائب تھا تو یہ گواہی قبول نہیں لیکن اگر ایسے کام کو دلیل کے طور پر پیش کیا جو مشہور ہو اور بہت لوگوں کو معلوم ہو تو پھر حدود، قصاص، مالی اور دعوی کے بابت میں اس کی گواہی قبول ہے اس لئے کہ نفی میں شہرت معتبر ہے اثبات کی طرح۔اور جب بات مشہور ہو اور قاضی کو مدعی کے گواہوں کے جھوٹے ہونے کا علم ہو اور جب قاضی گواہی جھٹلانے والوں کے گواہی پر حکم کرنا جائز نہیں تو جن گواہوں کا جھوٹا ہونا یقینی طور پر ثابت ہو گیا ہو ان کی گواہی پر حکم کرنا کیسا جائز ہو سکتا ہے۔

مذکورہ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ مدعی علیہ کی جانب سے تواتر قبول ہے اسی طرح کسی چیز کی نفی اور اثبات کرنے والوں کی جانب سے بھی تواتر قبول ہے۔ برابر بات ہے کہ مال کا دعوی ہو یا حدود ہو یا قصاص، قاضی کے حکم کرنے سے پہلے ہو یا بعد میں کیونکہ علامہ شرنبلالی نے ایضاح الحفیفات میں ذکر کیا ہے کہ قاضی کے حکم کرنے کے بعد اگر مدعی علیہ نے تواتر سے ثابت کیا تو یہ خبر قبول ہے کہ نہیں؟

الاشباہ والنظائر کے اس قول سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قبول ہے کہ مدعاعلیہ جس کے خلاف ایک بار فیصلہ کیا گیا ہو اس کا دعوی اور اگواہی قاضی نہیں سنے گا لیکن اگر مدعی سے ملکیت حاصل کرنے کا دعوی کیا (یعنی بیع یا ہبہ) نتاج کا دعوی کیا یا قاضی کے حکم کے باطل ہونے کا دعوی کیا اور گواہ پیش کئے۔تو قاضی کے حکم کرنے کے بعد تین طریقوں میں سے کسی ایک طریقے مدعی کے دعوی کو دفعہ کرنا صحیح ہے اور قاضی کا حکم ٹوٹ جائیگا جیسا کہ قاضی حکم صادر کرنے سے پہلے مدعاعلیہ کے دعوی کو سنتا ہے۔اسی طرح حکم کرنے کے بعد بھی سنے گا۔

"وفی فتاوی علی آفندی من بحث التواترمن الشهادة عن المبسوط وكذالک ان قال آتی بالبينة انی كنت غائباذالک اليوم فی ارض كذ الم يقبل منہ الاان يجئ من ذالک بامر مشهوديقبل ذالک فی الحدود والقصاص والاموال فان القاضی يقضی بذالک لان الشهرة فی النفی حجة كما فی الاثبات واذا كان امرا مشهورافالقاضی لم يكذب الشهود اذالم يجز لہ القضاء بشهادتهم عند تمكن تهمة الكذب ومنہ العلم بكذبهم اولیٰ"۔(1)

"فقدبان مماذكره من النقول ان التواترالمدعی عليہ ومن النافی المثبت ويستوی فی ذالک دعوالاموال والحدود،والقصاص وسوآء كان قبل الحكم او بعده لما فی ايضاح الحفيفات لتعارض بينة النفی والاثبات للعلامہ الشرنبلالی ونصہ وامااذاحكم الحاكم ثم اقام الجمع المستفيض بعده هل يقبل بہم اراه صريحا وقد يستفادالقبول مماقالہ فی الاشباه والنظائر المقضی عليہ فی حادثة لاتسمع دعواه ولابينة الا اذاادعی تلقی الملک من المدعی اوالنتاج او برهن علی ابطال اقضاء كماذكره العمادی فالدفع بعدالقضاء بواحدمماذكر صحيح وينقص القضاء فكمايسمع الدفع قبلہ يسمع بعده لكن بهذالثلٰث"۔(2)

1: آفندی ،علی بن محمد-فتاوی علی آفندی -مطبع اورتاریخ وغیرہ درج نہیں -جلدنمبر 1 ص 527

2: الطريقة الواضحة ص: 237

یہ بات ذہن نشین کرنی چاہئے کہ تواتر کیلئے اگرچہ کوئی خاص تعداد مقرر نہیں لیکن اس کیلئے شرط یہ ہے کہ روایت کرنے والا جماعت کا جھوٹ پر اتفاق کرنا محال ہو۔اور فقہاءاس کی تعبیر مختلف الفاظ سے کرتے ہیں، کبھی کہتے ہیں کہ متواتر وہ ہے کہ عام لوگ اس سے باخبر ہو اور خبر دیتے ہو۔اور کبھی کہتے ہیں متواتر وہ ہے جس سے ہر چھوٹا، بڑا، عالم و جاہل باخبر ہو، وہ خبر مستفیض ہو، وہ ایک مشہور کام ہو۔ اور کبھی کہتے ہیں کہ وہ بالکل ظاہر ہو جیسا کہ مبسوط کتاب میں مذکور ہے ان سب الفاظ سے فقہاء تواتر مراد لیتے ہیں۔کہ جس شہر یا گاؤں میں واقع ہو وہاں کے اتنے لوگ باخبر ہو کہ لعن طعن کا کوئی گنجائش باقی نہ رہے۔ایسا نہ جیسا کہ ہمارے زمانے میں بعض لوگوں کا زعم ہے کہ تواتر دس افراد (مثلا) کی خبر دینے سے بھی ثابت ہو جاتی ہے۔

تو نتیجہ یہ ہوا مدعی اور اور مدعا علیہ اپنے دعوی کو ثابت کرنے یا مقابل کے دعوی کو رد کرنے تواتر پر اعتماد کر لیتے ہیں کیونکہ مقابل منع کر سکتا ہے ایسے دس افراد کی وجہ سے جو حادثہ کی خبر دے دے۔اور اس کو تواتر خیال کرتے ہیں۔اور اس سے عجیب بات یہ ہے کہ بعض امراء نے اس کی موافقت کی ہے اور دعوی کیا ہے کہ یہ ہماری رائے پر منحصر ہے تو کوئی اگر پانچ افراد کو لائے تو ان کے نزدیک یہ بھی تواتر کیلئے کافی ہے۔اور اپنی دعوی پر فقہاء کی یہ قول دلیل کے طور پر پیش کرتے ہیں کہ تواتر کیلئے کوئی خاص تعداد مقرر نہیں اور مجلہ کہ اس عبارت سے غافل ہیں کہ: تواتر کیلئے جماعت کثیر کا ہونا ضروری ہے۔اس سے معلوم ہوا کہ کثیر جماعت سے مراد سب لوگ ہیں۔

"واعلم ان التواترالذی یفیدالقطع وان لم یکن لہ عدد معین کمامر الاان شرطہ کونہ جمعایومن فیہ التوافق علی الکذب وھذاالجمع تارۃ یعبرون عنہ بالعامۃ وتارۃ یعتبرون عنہ بالکل وتارۃ یقولون یتعرحون ویقولون اذاعلمہ کل صغیروکبیر وعالم وجاھل ،وتارۃ یقولون اذاکان الخبر مسفیضا وتارۃ یقولون اذاکان امرا مشھورا کمامر فی عبارۃ المبسوط من قولہ الاان یجئ من ذالک بامر مشھوروتارۃ یقولون امرامکشوفاکمافی عبارۃ الذخیرعن الاولاءالمارۃ وکل ذالک مردھم بہ التورترالذی ھو عبارۃ منہ علم الکثیرمن اھل البلدۃ التی وقعت بھاتلک الحادثۃ بحیث لایبقی محال لطعن طاعن لاکمازعم اھل عصرنامن ان التواتریکون بعزرۃ انفارمثلا"۔(1)

" حتی صارکل من الخصمین یستندفی دعواۃ اودفعہ الی التواتروالاغرب من ھذاموافقۃ بعض نواب ھذالزمن علی ذالک بدعوی انہ امر مفوض الی ایھم فلواتوھم بخمسۃ اشخاص مثلا فی بلدۃ مثل دمشق لکفی عندھم متسندین الی قولھم لیس فی التواترعددمعین صارقین ذالک الی القلۃ فیہ وغفلوا عن قول المجلۃ (برجم غفیرللری لازمدر)فاین الجم الغفیرمن العشرۃ اوالخمسۃ فی البلدۃ الکبیرۃ الایدرون ان الجم الغفیرھوعبارۃ عن جملۃ الناس"۔(2)

:1 الطریقۃ الواضحۃ ص: 237

:2 ایضا ص: 239،238

مصباح المنیر میں ذکر ہے کہ عرب کہتے ہیں بڑی جماعت آئی یالوگ آئے بڑی جماعت میں یعنی سب لوگ آئے۔

اور طحطاوی کی حاشیہ "درر" میں تصریح کی گئی ہے کہ صاحب کتاب نے نفی کی شہادت کو متواتر ذکر کیاہے اس کا مطلب یہ ہے کہ عام لوگوں کے نزدیک متواتر ہواور سب کو معلوم ہو کہ مدعاعلیہ اسی دن وہاں موجود نہیں تھا۔ تو مدعی کے دعوی کو قاضی نہیں سے گااور مدعاعلیہ کے ذمہ ہونے کا حکم کرے گا اسی وجہ سے کہ براہت اور یقین ثابت کی گئی چیز کا جھوٹاہونالازم نہ آئے۔ اور بدیہیات اور یقینیات میں شک کی گنجائش نہیں رہتا۔

"قال فی المصباح مانصہ: وجاءو(الجماء)الغفیر(جماء)الغفیرای بجملتھم"۔(1)

"قال فی حاشیۃ الدررللطحطاوی مانصہ قولہ: شہادۃ النفی المتواترای عندالناس بان علم الکل عدم کون المدعی علیہ فی ذالک المکان والزمان لاتسمع علیہ الدعوی بانہ اقرضہ فیھاکذ امثلا ویقضی بفراغ ذمتہ لئلایلزم تیکذیب الثابت بالضرورۃ والضروریات مما لایدخلہ الشک فلاتقبل بینۃ"(2)

1: المصباح المنیر کتاب الجیم ص 110

2: الطحطاوی، حاشیۃ الطحطاوی علی الدر المختار،مطبع الامیریہ بولاق مصر، کتاب الشہادات ج: 3 ص: 255

اور محبیہ میں ذکر ہے کہ دو افراد نے کسی شخص (مثلاً زید) پر گواہی دی کہ اس نے فلاں روز قاھرہ میں فلاں شخص سے اتنا مال قرض لیا ہے اور زید نے گواہ پیش کئے کہ میں اسی دن "دمیاط" میں تھا تو زید کے گواہ قابل نہیں۔

لیکن محیط میں ذکر ہے کہ یہ بات اگر متواتر ہو اور سب لوگ کو اس کا علم ہو، اور بالکل ظاہر باہر ہو کہ زید اسی دن قاہرہ میں موجود نہیں تھا اور کوئی اس سے انکار نہیں کر رہا تھا تو زید کے خلاف یہ گواہی مسموع نہیں اوا سی پر فتوی ہے کیونکہ اگر بکر کی دعوی کو قبول کیا جائے تو ایسے خبر کا جھوٹا ہونا لازم آئے جو یقین اور بداہت سے ثابت ہے۔ تو طحطاوی کے حاشیہ کے قول دو کہ سب لوگوں معلوم ہو۔ اور محیبہ کے قول کہ "سب لوگوں کو معلوم ہو" مشھور ہو اور ظاہر و باہر ہو "تو ان روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ تواتر کیلئے پانچ یا دس افراد پر کیسے اکتفا کیا جاسکتا ہے۔

"وفی المحبیة"

لوشهدصاح علی انسان بانہ استقرض من فلان
كذاكذايوم كذافی القاهرة فاحضر الخصم شهوداذاكره
بانہ قدكان فی ذالک الیوم فی دمياط ليقبل وماذابخفى
لكن صاحب المحيط قدذكر وقافی ذان تواترالخبر
وعلم الناس جميعا واشتهر وصاراوضحاجلياوظهر
عدم كون الخصم فی ذالک البلد وفی ذالک الوقت ولم ينكر احد
ذاک فلاتسمع هذی الدعوی وقال بعضهم عليہ الفتوی
لانہ يلزم فی ذی الصورة تكذيبناالثابت بالضرورة

فانظرالی قولهم بان علم الكل وقولہ وعلم الناس جميعا واشتهروصاراواضحاجليلاوظهرفكيف يكتفی بعددقليل فی بلدة كبيرة بعد هذالنقول"(1)

:1 الطريقة الواضحة ص:239

فتاوی بزاریہ میں مذکور ہے کہ تواتر کیلئے ضروری ہے ایسی جماعت کا ہونا جس کی خبر دینے سے علم یقینی حاصل ہوتا ہو۔اور امام ابویوسفؒ نے اندازہ مقرر کیا ہے کہ کم از کم پچاس افراد ہو۔اوامام محمدؒ نے یہ اندازہ کیا ہے کہ ہر طرف سے پے در پے اس واقع کی خبر آئے اور امام محمدؒ سے ایک روایت یہ بھی ہے کہ حاکم اور امام کی رائے کو ترجیح ہے اور خلف سے نقل ہے کہ بلخ میں پانچ سو کم ہیں (یعنی بلخ میں پانچ سو افراد اگر کسی بات کی خبر دیں تو یہ متواتر نہیں)اور امام بقالیؒ سے منقول ہے کہ بخارا میں ایک ہزار کم ہیں۔

اور قہستانی میں تصریح کی گئی ہے کہ کرمانی میں ابو حفص سے منقول ہے کہ بخارا میں چار ہزار کم ہیں اور خلف سے منقول ہے کہ بلخ میں پانچ سو کم ہیں۔

اور روجیز سرخسی میں ذکر ہے کہ تواتر کیلئے کسی ایسی جماعت کا ہونا ضروری ہے جن کی خبر سے علم یقینی حاصل ہوتا ہے پھر بعض نے کہا ہے کہ ایک محلہ والے کی گواہی قبول ہے اور امام ابویوسفؒ نے اسی کا اندازہ قسامت [1] سے کیا ہے کہ پچاس مرد ہو۔

{1} قسامت؛ایک میت کسی محلے میں پایا جائے جس پر زخم کا نشان ہو او قاتل معلوم نہ ہو، تو محلہ والوں میں سے پچاس افراد کو قسم دی جاتی ہے اور پھر دیت کا حکم کیا جاتا ہے۔

"لابد من جماعة يقع العلم بخبرهم وقدره الامام الثانى بخمسين رجلاومحمدؒ بتواترالخبر من كل جانب وعنه انه يفوض الى راءى الامام،وعن خلف خمساء ته ببلخ قليل،عن البقالى الف ببخارئ قليل"۔(1)

"وفى القهستانى مانصه وفى الكرمانى عن ابى حفص اربعة الاف قليل ببخارى وعن خلف خمسائة قليل ببلخ"۔(2)

"وفى الوجيز السرخسى حتى يخبر جماعة يقع العلم بخبرهم ثم قيل تقبل شهادة اهل محلة وابويوسفؒ قدرذالک بعددالقسامة خمسون رجلا"۔(3)

1: فتاوی بزاریہ ،کتاب الصوم ،الفصل الاول فی الشهادة علی الهلال، ج1 ص 94

2: الطريقة الواضحة ص: 240

3: الطريقة الواضحة ص: 240

مدعی اور مدعاعلیہ اگر دونوں تواتر پیش کرتاہوں اور دونوں نے ایسا جماعت پیش کیا جو مدعا کے مطابق خبر دے تو قاضی کو چاہیئے کہ باریک بینی سے کام لیں، اگر قاضی نے رائے قائم کیا کہ ان دونوں میں سے ایک جماعت کو جم غفیر نہیں کہا جاسکتا تو اس کا حکم وہی ہے جو عام گواہوں کے گواہی کی ہے۔اور اگر دونوں کی خبر ایک دوسرے کے معارض ہوا تو دونوں ساقط ہو جائیں گے اور شہادت طلب کرے گا اور گواہوں کے حال کا تحقیق کرنے کے بعد مناسب حکم جاری کرے گا۔اور اگر قاضی نے ایک جماعت کے تواتر پر رائے قائم کی تو اس کی خبر کو قبول کیا جائیگا اور دوسری جماعت کی خبر بمنزلہ شہادت ہوئی اور تواتر کے خلاف گواہی قبول نہیں۔اور اگر قاضی کو بظاہر دونوں جماعتوں کی خبر متواتر لگ رہا تھا تو قاضی کو چاہیئے کہ غور و فکر سے غیر جانبدارانہ فیصلہ کریں تو جس جماعت کے بارے میں قاضی نے یقینی طور پر تواتر کا فیصلہ کیا تو اس کی حق میں حکم ہوگا اور دوسری جماعت کی خبر کو رد کیا جائیگا کیونکہ دونوں جماعتوں کی خبر متواتر نہیں ہوسکتی۔

"ثم اذااستندکل من المدعی والمدعی علیہ الی التواتروانی کل منہماجماعۃ یخبرون طبق مدعاہ فعلی الحاکم ان یدقق النظرفی ذالک فان راءی الجماعتین لایقال فیہماجم غفیرفیکون حکمہاحکم البینۃ العادیۃ فلیستشہدویزکی ویحکم وان راءی ان احدہماتواتر یاخذ بخبرہم ویردالجماعۃ الاخری حیث تکون بینۃ والبینۃ لاتقام علی خلاف المتواتروان راءی ان کلامن الجماعتین یقال انہ تواتربحسب الظاہر واشکل علیہ الامر فیتامل فی الجماعتین تاملاصادقاخالیاعن الغرض والمرض فائ الجماعتین وافق خبرہ شروط التواترالمارۃ فی عبارۃ التلویح واطمأن الیہ قلبہ حکم بہ وردالجماعۃ الاخری لان التواتر دلیل قطعی والحجۃ القطعیۃ لاتتعارض"(1)

1: التلویح، الرکن الثانی السنۃ، ج:2 ص: 5

علامہ تفتازانیؒ نے اپنی کتاب "تلویح" میں معارضہ کی باب میں ذکر کیا ہے کہ دو یقینی دلائل کے درمیان معارضہ واقع نہیں ہو سکتا کیونکہ دونوں ایک دوسرے کے منافی ہیں کیونکہ متنافیین کا واقع ہو ممتنع ہے اور ترجیح بھی متصور نہیں کیونکہ ترجیح تب متصور ہو سکتی ہے جب دونوں میں سے کسی میں جانب مخالف کا احتمال ہو لیکن جب دونوں یقینی ہوں کو جانب مخالف کا احتمال نہیں رہتا۔ تو معلوم ہوا کہ معارضہ اور مقابلہ صرف ظنی دلائل کے درمیان واقع ہو سکتا ہے۔(2)

توضروری ہوا کہ ان میں ایک خبر جھوٹ پر مبنی ہے اور اگر ایسا نہیں تو اجتماع نقیضین لازم آئے گا اور سی وجہ سے علم الاصول والے علماء کہتے ہیں کہ دلائل قطعیہ میں تعارض نہیں ہو سکتا اور نقیض کا تواتر محال ہے۔

اور علامہ تفتازانیؒ نے تلویح میں تواتر کے بحث میں تصریح کی ہے کہ خبر متواتر سے علم یقینی کا حاصل ہونا ضروری (بدیہی) ہے کہ ترکیب حجت کا محتاج نہیں یہاں تک کہ بچوں کو بھی علم یقین کا فائدہ دیتی ہے۔ اور مقدمات کو ترکیب دینا اس کی منافی نہیں جیسا کہ بدیہیات میں ہیں۔

"ثم التعارض لایقع بین القطعیتین لامتناوع وقع المتنافیین ولایتصورالترجیح لانہ فرع التفاوت فی احتمال النقض فلا یکون الا بین الظنیین ۔

فصارضروریاکون احدالخبرین والافیلزم اجتماع النقیضین وللذالک قالوالحجج القطعیۃ لاتتعارض وقالوا تواترالنقیضین محال"۔(1)

"قال فی التلویح من بحث التواترمانصہ ثم حصول العلم من المتواترضروری لا یفتقرالی ترکیب الحجۃ حتی انہ یحصل لم لایعلم ذالک کالصبیان وجواز ترتیب المقدمات لاینافی ذالک کما فی الضروریات "۔(2)

1: الطریقۃ الواضحۃ ص 241

2: تلویح الرکن الثانی، جلدنمبر2 ص 5

(مثلاً اگر ہم یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ عالم حادث ہے تو دلیل میں کہتے ہیں کہ العالم متغیر یعنی عالم متغیر ہے یہ ایک مقدمہ ہے اور متغیر حادث ہوتا ہے لہذا عالم حادث ہے یہ دوسرا مقدمہ پہلا مقدمہ صغری اور دوسرا کبرٰی ہے۔اب جب ہم اس کو ترکیب دیں تو نتیجہ نکلتا ہے کہ العالم حادث تو یہ ایک نظری بات تو اب اگر کوئی کہیں کہ متواتر میں بھی اسی طرح ترتیب ہے کہ یہ ایک بڑی جماعت کی خبر ہے اور جو بڑی جماعت کی خبر ہو وہ یقینی ہوتا ہے تو متواتر یقینی ہے۔تو اس سے معلوم ہوا کہ متواتر سے حاصل ہونے والا علم بدیہی نہیں۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ مقدمات کو ترتیب دینا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نظری ہے کیونکہ بدیہی میں ترتیب آسکتا ہے جیسا کہ کوئی کہیں کہ یہ آگ ہے اور ہو آگ جلانے والا ہے لہذا یہ جلانے والا ہے۔تو یہاں ترتیب کی ضرورت نہیں۔اور نظری ترکیب کا محتاج ہوتا ہے۔

اس بات پر چار شبہات وارد ہوتے ہیں تواتر علم یقینی کا فائدہ دیتا ہے صاحب تلویح نے وہ بیان کئے ہیں۔

پہلا شبہ یہ ہے کہ اگر کوئی یہ اعتراض کریں کہ کسی ایک کی خبر میں جھوٹ کا احتمال ہے یہ اس بات کا موجب ہے کہ جائز ہے کہ ان کا خبر بھی جھوٹ ہو کیونکہ اس میں کوئی منافاۃ نہیں کیونکہ مجموعہ بھی تو احاد سے بنتا ہے۔

دوسرا شبہ یہ ہے (اگر متواتر علم یقینی کا فائدہ دیتا ہو) تو نقیضین کا متواتر ہونا لازم آئے گا۔

تیسرا شبہ یہ ہے کہ جب ہم یہ دو باتیں اپنے سامنے لائیں کہ سکندر موجود تھا اور ایک،دو کا نصف ہے تو ہم پہلے کے مقابلے میں دوسری بات کو زیادہ بدیھی اور قوی سمجھتے ہیں۔اگر دونوں بدیھی ہوتے تو دونوں میں فرق نہ ہوتا۔

چوتھا شبہ یہ ہے کہ جو چیز بدیہی ہو اس پر لوگوں کا اتفاق ضروری ہے اور متواتر میں یہ منتفی ہے اس لئے کہ کیونکہ فرقہ سمینہ اور براھمہ نے اس سے اختلاف کیا ہے۔

شبہ 1: "فان قیل : جوازکذب کل واحد یوجب جواز کذب الاخرین لعدم المنافاۃ مع ان المجموع لیس الانفس الاحاد فجواز کذب کل واحدیوجب جوازکذب المجموع"۔

شبہ 2: وایضایلزم القطع بالنقیضین عندتواترھما۔

شبہ 3: وایضااذاعرضناعلی انفسناوجوداسکندروکون الواحدنصف الاثنین نجدالثانی اقوی بالضرورۃ فلوکاناضروریین لماکان بینھمافرق۔

شبہ 4: وایضاالضروری یستلزم الوفاق وھو منتف فی المتواترلمخالفۃ المسمنیۃ والبراھمۃ۔(1)

1: تلویح جلدنمبر2 ص 5

ان شبہات کااجمالی جواب تو یہ ہے کہ یہ اعتراضات ویسے ہی ضروری بدیہی میں تشکک ڈالنا ہے جس کا جواب سرے سے نہیں دیناچاہیئے۔جیساکہ سوفسطائیہ کے شبہات۔

اور پہلی شبے کا تفصیلی جواب یہ ہے کہ کہ کبھی کبھی مجموعے کا حکم آحار کی حکم سے جداہوتاہے جیساکہ لشکر جو ملکوں کو فتح کرتا ہے (توایساہی تواتر کا حکم ہے کہ کسی ایک شخص کی بات میں جھوٹ کا گنجائش ہوتاہے اور ایک بڑی جماعت میں یہ بات نہیں پائی جاتی)

اور دوسرے شبے کا تفصیلی جواب یہ ہے کہ نقیضین کا متواتر ہوناعادۃ محال ہے۔یعنی دونوں متواتر نہیں ہو سکتے۔۔

تیسرے شبے کا جواب یہ ہے کہ بدیہی کے اقسام کا باعتبار سرعت،وضاحت،الفت اور کثرت تعلق کی وجہ سے مختلف ہونا ممتنع نہیں اوران سب میں نقیض کااحتمال موجود نہیں(مثلاآگ گرم ہے یہ ایک بدیہی بات ہے اوراس میں نقیض کااحتمال نہیں ہے۔لیکن ہو سکتاہے کہ ایک بدیہی دوسرے سے وضاحت میں زیادہ ہواور جلدی معلوم ہوتاہو محبت اور الفت یاعرف وعادت کی وجہ سے تو سکندر کاوجود بھی بدیہی ہے لیکن اتناظاہر تو نہیں جیساکہ ایک دو کانصف ایک ہے)

"اجمالابانہ تشکیک فی الضروری فلایستحق الجواب کشبہ السوفسطائیہ"(1)

"وتفصیلابان حکم الجملۃ قدیخالف حکم الاحاد کالعسکر الذی یفتح البلاد"۔(2)

"وتواترالنقیضین محال عادۃ"(3)

"ولاامتناع فی اختلاف انواع الضروری بحسب السرعۃ والوضوح بواسطۃ الالف،والصادۃ،وکثرۃ الممارسۃ والاخطار بالبال ونحو ذالک مع الاشتراک فی عدم احتمال النقض"۔(4)

:1 التلویح، ج:2 ص: 5

:2 ایضا ص: 5

:3 التلویح جلدنمبر2 ص 5

:4 ایضا ص: 5

چوتھے شبھے کا جواب یہ ہے کہ یہ ضروری نہیں کہ بدیہی میں اتفاق ہو کیونکہ اس میں بھی مکابرہ یا عناد ہو سکتا ہے جیسا کہ سوفسطائیہ {1} فرقہ کرتے ہیں۔

اور فصول البدائع میں تواتر کی بحث میں ذکر ہے کہ متواتر علم یقینی کا فائدہ دیتا ہے اور صاحب کتاب نے ذکر کیا ہے کہ پانچواں شبہ یہ ہے کہ جب ایک جماعت ایک چیز کی خبر دیں اور دوسری جماعت اس کی نقیض کی خبر دیں تو نقیضین کا تواتر لازم ہوتا ہے۔ تو اس کی جواب یہ دیا ہے کہ نقیضین کا تواتر محال ہے۔

تو اس سے معلوم ہوا کہ تواتر صرف ایک نقیض میں آسکتا ہے۔ اور جب مدعی اور مدعی علیہ دونوں تواتر پر اعتماد کر رہے ہو اس بارے میں میں نے نواب کے بعض افاضل کے ساتھ معارضہ کیا کہ اس کا کیا حکم ہے؟ تو ان میں سے اکثر نے توقف اختیار کیا اور بعض کہنے لگے کہ جب دونوں معارض ہو تو دونوں ساقط ہو جائینگے۔ تو میں نے کہا کہ اس کا کوئی عقلی یا نقلی دلیل ہے؟ تو اس نے کہا کہ یہ حکم ہم فقہاء کے اس قول سے متنبط کرتے ہیں کہ دو متعارض شہادتیں جب معارض ہو جائیں تو دونوں ساقط ہو جاتے ہیں۔

تو میں نے عرض کیا کہ یہ حکم ان ظنیات میں ہے جن کا تعارض جائز ہو (جیسا کہ شہادات) قطعیات میں نہیں جن کا تعارض محال ہے تو اس سے وہ چپ ہو گیا۔

{1}: سوفسطائیہ ایک فرقہ ہے جو بدیہیات سے کا بھی منکر ہے، مثلاً وہ کہتے ہیں کہ ہو سکتا ہے کہ یہ زمین، زمین نہیں ہو اور ہماری نظر دھوکہ کھا رہا ہو، یا یہ کہ آگ آگ نہ ہو لیکن ہمیں آگ دکھتی ہو۔

شبۃ4: "والضروری لایستلزم الوفاق لجوازالمکابرۃ والعناد کماللسوفسطائیہ"۔(1)

" وقال فی فصول البدائع من بحث التواتر فی الجواب عن شبھۃ الخصم فی افادۃ التواترالیقین قال الشبہ الخامس لزوم التناقض اذا اخبر جمع بشیئ وجمع بنقیضیہ والجوب ان تواترالنقیضین محال"۔(2)

"فعلم من ھذاان التواترلایکون الافی احدالنقیضین وتذاکرت فی مسئلۃ استنادالخصمیں الی التواتر مع جماعۃ من افاضل النواب فاکثرھم توقف فی ذالک والبعض قال تعارضا تساقطا۔فقلت بدلیل اونقل فقال بل تخریجاعلی قولھم البنیتان المتعارضتان تسقطان ،قلت ذاک فی الحجۃ الظنیۃ الجائز تعارضھاالافی القطعیات التی تعارضھامحال فانقطع"۔(3)

1: التلویح جلدنمبر 2 ص 5

2: الفناری،شمس الدین محمدبن حمزہ بن محمدالرومی المتوفی 839ھ۔ فصول البدائع فی ترتیب الشرائع ۔دارلکتب العلمیہ بیروت لبنان 2006ء۔ الرکن الثانی ،الفصل الاول، ج2، ص 240

3: الطریقۃ الواضحۃ ص 242

(مدعی اور مدعا علیہ کی پہچان کی بیان میں)

فصل پنجم:

مدعی اور مدعاعلیہ کی پہچان کی بیان میں

امام محمدؒ کی کتاب "الاصل" میں مذکور ہے کہ:۔دیکھاجائیگاکہ ان دونوں (مدعی اور مدعاعلیہ) میں سے منکر کون ہے تو جو منکر ہے وہ مدعاعلیہ ہے اور دوسرا مدعی جیسا کہ حدیث میں بھی منکر کو مدعاعلیہ قرار دیا گیا ہے کہ:

البینۃ علی المدعی والیمین علی من انکر (الحدیث)

گواہ مدعی کے ذمہ اور قسم منکر کے ذمہ ہے۔

لیکن یہ تعریف جامع اور مانع نہیں۔اس لئے کہ بعض اوقات ایک شخص مدعی بھی ہو اور اسے قسم بھی دیا جاتا ہو۔جیسا کہ اس صورت میں کہ:وہ شخص جس کے پاس امانت رکھی گئی ہو دعوی کریں کہ میں نے ودیعت کو مؤدِع کے حوالہ کیا ہے اور یا میرے ساتھ ہلاک ہوا ہے تو (اس کی بات قسم کے ساتھ معتبر ہے) اور اسی طرح صاحب قبضہ اگر کہیں کہ چیز میری ہے تو ظاہر میں مدعی ہوا لیکن پھر بھی وہ مدعی نہیں۔تو مذکورہ بیان سے مدعی اور مدعاعلیہ کے درمیان فرق واضح نہیں ہوتا) لیکن اس کا فرق یہ ہے کہ فقہاء نے بیان کیا ہے کہ مدعی وہ ہے جو دوسرے پر قول سے جبر کرتا ہو اور اگر وہ جھگڑا چھوڑنا چاہتا ہو تو اسے چھوڑا جا سکتا ہو اور مدعی علیہ وہ ہے جس پر جبر کی جاتی ہو اور وہ اگر مقدمہ چھوڑنا چاہے تو اسے نہیں چھوڑا جا سکتا (یعنی مدعی اگر نزاع چھوڑ دے تو مجبور نہیں کیا جا سکتا اور مدعی علیہ کو قاضی مجبور کر سکتا ہے کہ یا مدعی کا حق ادا کریں یا کوئی حجت پیش کریں)۔

(وصل فی معرفۃ المدعی من المدعی علیہ)

"واصل معرفۃ المدعی والمدع علیہ انہ ینظر الی المنکرمنہمافھوالمدعی علیہ والاخر المدعی وھذاکلام صحیح فان النبی ﷺ جعل المدعی علیہ المنکرفی قولہ"والیمن علی من انکر"۔(1)

"لکن تمام بیان الحدلایحصل بھذافقد یکون مدعیاصورۃ والیمین فی جانبہ کالمودع یدعی ردالودیعۃ اوھلاکھاوذوالیداذاقال العین لی فھو مدعی صورۃ ولایخرج من ان یکون مدعی علیہ ولکن الفرق علی ماقالہ بعض اصحابناؒ ان المدعی یستعدی علی الغیر بقولہ واذاترک الخصومۃ یترک والمدعی علیہ من یستعدی علیہ بقول الغیرواذاترک الخصومۃ لایترک"۔(2)

1: الشیبانی ،محمدبن الحسن۔الاصل ۔دارابن حزم بیروت لبنان الطبعۃ الاولیٰ ۔1433ھ۔2012۔کتاب الدعوی البینات جلدنمبر7 ص 573

2: الطریقۃ الواضحۃ ص: 241

اور بعض علماء کا قول ہے کہ مدعی وہ ہے جس کے کلام میں اثبات ہو اور نفی کی بات جب کرے تو خصم نہیں بن سکتا جیسا کہ زید نے صاحب قبضہ کو کہا کہ یہ چیز تیری نہیں ہے تو اس (نفی) سے زید مدعی اور خصم نہیں بن سکتا جب تک اس چیز کو ملکیت کا دعوی نہ کریں کہ یہ میری ہے۔ اور مدعاعلیہ وہ ہے جس کے کلام میں نفی ہو اور اس کی جانب سے نفی پر صبر کی جارہی ہو۔ جیسا کہ صاحب قبضہ زید سے کہیں کہ چیز تیری نہیں تو صاحب قبضہ اس قدر سے خصم بن سکتا ہے۔

اور بعض نے کہا ہے کہ مدعی وہ ہے جو حجت کے بغیر دعوی کی چیز کا مستحق نہیں بن سکتا جیسا کہ مدعی غیر قابض، اور مدعاعلیہ وہ ہے حجت اور دلیل کے بغیر مستحق بن سکتا ہے جیسا کہ صاحب قبضہ اگر کہیں کہ یہ چیز میری ہے تو وہ مستحق ہے جب تک وہ اپنا استحقاق ثابت نہ کرے۔ اور مؤدع اگر دعوی کریں کہ مال ودیعت میں نے مودع کو واپس کیا ہے یا میرے ساتھ ہلاک ہو چکا ہے تو اس کا قول قسم کے ساتھ قبول ہے اس لیئے کہ خصم نے اس کو اپنے مال پر مسلط کیا ہے تو اب صرف اس کی بات سے یہ ثابت ہو گی تو گویا معنی مدعاعلیہ ہوا۔ یا اس لئے کہ ضمان سے انکار کرتا ہو تو پھر بھی معنا مدعاعلیہ بن گیا اور پہلی صورت میں قسم اس لئے دیا جاتا ہے کہ اس سے جھوٹ کی تہمت کو ختم کیا جائے اور دوسری صورت اس لئے کہ وہ منکر ہے اور منکر کیلئے قسم ہے۔

اور بعض کہتے ہیں کہ مدعی وہ ہے جو باطن (ظاہر کی خلاف) کا دعوی کریں ظاہر کو دور کرنے کیلئے (یعنی مدعاعلیہ کیلئے ثابت ہے) اور مدعاعلیہ وہ ہے جو ظاہر کا دعوی کر رہا ہو (مثلاً بکر کی مقبوضہ چیز پر زید اپنی ملکیت کا دعوی کریں تو ظاہر میں چیز بکر کی ہے جس کا وہ دعوی دار ہے اور زید اس دعوی کو دور کرنا چاہتا ہے اور اپنی ملکیت کا دعوی کرتا ہے) تو زید مدعی اور مدعاعلیہ ہوا۔

"وقیل المدعی من یشتمل کلامہ ولایصیرخصمابالتکلم بالنفی فان الخارج لوقال لذی الیدھذالشیئ لیس لک لایکون خصمامدعیامالم یقل ھولی والمدعی علیہ من اشتمل کلامہ علی النفی فیکتفی بہ منہ فان ذالید اذاقال ھذالک کان خصمابھذالقدروقولہ ھولی فضل من الکلام غیر محتاج الیہ"۔(1)

"وقیل المدعی من لایستحق الابحجۃ کالخارج والمدعی علیہ من یکون مستحقابغیرحجۃ کذی الید فانہ لوقال ھولی مستحقالہ مالم یثبت الغیر استحقاقہ اماالمودع اذادعی ردالودیعۃ اوھلاکھافھومقبول القول لان الخصم مسلط علی ذالک فیثبت بمجردقولہ فکان مدعی علیہ اولانہ منکرالضمان فی الحقیقۃ فکان مدعی علیہ فعلی الوجہ الاول یحلف لنفی التھمۃ وعلی الوجہ الثانی یحلف لانکارہ"۔(2)

"وقیل المدعی من یدعی باطنالیزیل ظاھراوالمدعی علیہ من یدعی ظاھرا"۔(3)

1: الطریقۃ الواضحۃ ص: 242

2: ایضا ص: 242

3: ایضا ص: 243

فائدہ:

جس پر اقرار سے الزام آتا ہو اس پر گواہی قبول ہے اور جس پر الزام نہیں آتا اس کے خلاف قبول نہیں۔(یعنی مدعی نے اگر گواہ پیش کرنا چاہا تو دیکھا جائے گا کہ مدعا علیہ نے اگر بالفرض مدعی کے دعوی پر اقرار کیا تو دعوی ثابت کیا جائے گا کہ نہیں اگر ثابت کیا گیا تو مدعی کے گواہی قبول ہے،اور اگر ثابت نہیں ہو سکا تو قبول نہیں)اسی طرح ذکر ہے ان مسائل کے شروع مین کہ کوئی شخص کسی سے کہیں تم نے اگر فلاں پر کوئی چیز بیچ دی یا اسے قرض دیا تو وہ میری ذمہ ہے۔اور اسی طرح مجلہ کتاب کے تیسرے فصل دعوی کے مسائل میں ذکر ہے کہ :اگر مدعی علیہ کے دعوی سے مدعی پر کسی چیز کا لزوم ہوتا ہو تو انکار کی صورت مدعی اس پر گواہ پیش کرنا چاہتا ہو تو کر سکتا ہے اور دعوی کرنا بھی صحیح اور اگر مدعا علیہ کے اقرار سے مدعا علیہ پر کسی چیز کا لزوم نہیں ہوتا تو مدعی کا گواہ پیش کرنا صحیح نہیں اور خصم بھی نہیں بن سکتا۔

اسی طرح محیط میں ذکر ہے کہ ولی،وصی اور متولی اسی قاعدے سے مستثنیٰ ہیں کیونکہ ان تینوں پر کسی ایسی معاملے کا ہو جو انہوں نے بذات خود نہیں کیا ہو تو اس میں ان کی اقرار معتبر نہیں اور مدعی گواہ پیش کرتا ہے اور یہ تینوں خصم ہونگے۔

فائدہ:

"من يلزمه اقراره قبلت البينة عليه ومن لايلزمه فلا(كذفى المحيط فى اول باب الرجل يقول لغيره مابايع فلانا اواقرضته فهوعلى) او مثله مافى المجلة اول الفصل الثالث من الدعوى۔(بركيمسه برشى ايند كده اگرمدعى عليكهكااقرارى تقديرنده انک اقرارى اوزرينه برحكم ترتب ايدرا اليسه انكاريله دعواده واقامة بينة خصم اولورواكر مدعى عليه اقرارى تقدير نده برحكم مرتب ايتمزاليسه انكاريله خصم اولماز"۔(1)

"ثم قال ان الولى والوصى والمتولى مستثون من هذه القاعدة حيث لايعتبر اقرارهم اذالم تكن الدعوى فى عقد صدرمنهم ويكونون اخصاما فى اقامة البينة عليهم"۔(2)

:1 الطريقة الواضحة ص 244

:2 الطريقة الواضحة ص 245

(وہ باتیں جو مفتی کیلئے ضروری ہے)

یہ بیان اسی لئے لایا گیا کہ مذکورہ مسائل میں بعض کا سمجھنا اس پر موقوف ہے۔ قاضی خان نے اپنے فتاوی میں فرمایا ہے کہ:
اگر مفتی سے اسی زمانہ میں کوئی فتوی طلب کیا جائے یا کسی واقعے کے بارے میں اس سے حکم کا پوچھا جائے تو وہ نظر کریں اگر وہ مسئلہ ہمارے آئمہ کے ظاہر الروایت میں نقل ہوا اور ان کا اس میں اختلاف نہ ہو تو مفتی کو چاہئے کہ اس کے قول پر فتویٰ دیں اور ان کے خلاف کوئی اور رائے قائم نہ کریں اگر کہ وہ خود بڑا عالم یا مجتہد ہی کیوں نہ ہو۔ کیونکہ یہ ظاہر بات ہے کہ جو فیصلہ ہمارے آئمہ نے کیا ہے وہ حق سے جدا نہیں اور مفتی کو چاہئے کہ جنہوں نے ہمارے آئمہ کے قول سے اختلاف کیا ہے ان کے طرف رجوع نہ کریں اور نہ ہی ان کی حجت اور دلیل کو قبول کریں۔ کیونکہ ہمارے آئمہ کو یہ دلائل بہت اچھی طرح معلوم تھے اور انہوں نے صحیح، غلط اور قوی و مضبوط میں زبردست امتیاز قائم کیا ہے۔ اور ہمارے آئمہ یہ تین ہیں۔
امام اعظم ابو حنیفہؒ امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ ہیں۔

(فصل فی ادب المفتی)

لتوقف بعض المسائل المارة علیہ قال الامام الجلیل قاضی خان فی اول فتاویہ المفتی فی زماننامن اصحابنااذااستفتی فی مسلۃ ،وسئل عن واقفۃ ان کانت الماسالۃ مرویۃ عن اصحابنافی الروایات الظاہر بلاخلاف بینھم فانہ یمیل ویفتی بقولھم ولایخالفھم برایہ وان کان مجتھلامتقنالان الظاھران یکون الحق مع اصحابناولایعدوھم واجتہادھم لایبلغ اجتہادھم ولاینظرالی قول من خالفھم ولایقبل حجۃ لانھم عرفوالادلۃ ومیزوابین ماصح وثبت وبین ضدہ"۔(1)

1: قاضی خان،حسن بن منصور ،فخرالدین ،فتاوی قاضیخان،بیروت لبنان،دارالکتب العلمیہ الطبعۃ الاولی 2009ء۔فصل فی رسم المفتی جلدنمبر1 ص 09

اور اگر اس مسئلے کا حکم اتفاقی نہ ہو بلکہ ہمارے آئمہ کا اس میں اختلاف تھا تو مفتی سب سے پہلے امام اعظمؒ کے قول کو ترجیح دیں، اس کے بعد امام ابو یوسفؒ اور اس کے بعد امام محمدؒ کے قول کو ترجیح دیں۔ اور اس کے بعد امام اعظمؒ کے اور اصحاب اور پھر آخر میں عام علماء کے قول کو ترجیح دیں۔

اگر ایک طرف امام اعظمؒ کے قول دوسری جانب صاحبینؒ کا قول ہو تو اگر اختلاف زمانہ کی اختلاف کی وجہ سے تھا تو صاحبین کے قول کو ترجیح دے گا جیسا کہ امام اعظمؒ گواہوں کے ظاہری حالات کو ترجیح دی ہے کہ نیک اور عادل ہو تو ان کی گواہی قبول اس کے سوا کسی پوشیدہ یا ظاہر احالات کی تحقیق کی ضرورت نہیں اور صاحبینؒ کہتے ہیں کہ لوگوں کے حالت دل گئے ہیں لہذا بغیر تحقیق کے صرف ظاہری حالات سے قابل قبول نہیں۔

اسی طرح مزارعت، معاملات وغیرہ میں صاحبینؒ کے قول کو ترجیح ہو گی اسی پر متاخرین علماء کی اتفاق ہے۔ اور اس کے علاوہ اور مسائل کے باب میں بعض نے کہا ہے کہ مجتہد کو اختیار ہے جس کے قول سے فتوی چاہے دے سکتا ہے۔ اور عبد اللہ ابن مبارکؒ کہتے ہیں کہ صرف امام اعظمؒ کے قول کو ترجیح ہو گی۔ اور طحطاوی کی شرح میں مذکور ہے کہ اگر مفتی مجتہد نہ ہو مزارعت اور معاملات کے علاوہ صاحبین کے قول پر فتوی نہیں دے گا سوائے امام اعظمؒ کے قول سے۔

"فام كانت المسئالة مختلفافيهابين اصحابناكان ابى حنيفةؒ احد صاحبيه يؤخذبقولهمايوفور الشرائط واستجماع ادلة الصواب فيها۔وان خالف اباحنيفة صاحباه فى ذالک فان كان اختلافهم اختلاف عصوروزمان كاقضاة بظاهرالهدالة ياخذ قول صاحبيه لتغيراحوال الناس۔(1)

"وفى المزراعة والمعاملة ونحوهمايختارقولهماالاجتماع المتاخرين على ذالک وفيماسوى ذالک قال بعضهم يتخيرا لمجتهدويعمل بما اقضى عليه راءيه وقال عبدالله بن المبارک ياخذ بقول ابى حنيفةؒ"۔(2)

:1 فتاوی قاضی خان جلدنمبر1 ص 09

:2 ایضا ص: 09

اور مجتہد کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ مجتہد وہ جس سے دس مسائل کے بارے میں پوچھا جائے تو وہ کم از کم آٹھ کا جواب صحیح دیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ مجتہد ہونے کیلئے مبسوط کتاب کا یاد ہونا ضروری ہے اور ناسخ و منسوخ اور محکم و مؤول کے بارے میں جانتا ہو اور لوگوں کے عرف و عادت سے باخبر اور واقف ہو۔

اور اگر مسئلے کا حکم ظاہر الروایت میں موجود نہ ہو تو اگر آئمہ ثلاثہ کے تجویز کردہ قواعد و ضوابط سے برابر ہو تو اس پر عمل کیا جائے گا۔ اور اگر آئمہ ثلاثہ سے اگر اسی بارے میں کوئی روایت نہ ہو تو متاخرین علماء نے اگر اتفاق کیا ہو تو اس پر عمل کرے گا اور اگر متاخرین بھی اختلاف کرتے تھے تو پھر اپنے اختیار اور نظر و فکر سے فیصلہ کرے گا۔ اور مفتی مجتھد نہ ہو بلکہ مقلد ہو تو اس کے نزدیک جو فقہ میں زیادہ ماہر ہو اس کے قول کو ترجیح دے گا اور اگر وہ عالم کسی اور شہر میں تھا تو خط و کتابت کے ذریعے اس سے جواب طلب کریں اور نقل سے فیصلہ نہ کریں کیونکہ اس میں شک ہے کہ حلال کو حرام یا حرام کو حلال کردیں۔ قاضی خان کی ختم ہوا۔

"وتكلموفى المجتهدقال بعضهم من سئل عن عشرمسائل فضلا فيجب فى الثمانية ويخطى فى البقية فهومجتهدوقال بعض لابد للاجتهاد من حفظ المبسوط ومعرفة الناسخ والمنسوخ والمحكم والمؤول والعلم بعادات الناس وعرفهم"۔(1)

"وان كانت المسألة فى غيرظاهرالرواية فان كانت توافق اصول اصحابنايعمل بهاوان لم يجدهارواية عن اصحابناواتفق فيهاالمتاخرون على شيئ يعمل به وان اختلفويجتهدبقول من هوافقه الناس عنده ويضيف الجواب ولايجازف خوفامن الافتراء على الله تعالى بتحريم الحلال وضده"۔(2)

1: فتاوى قاضى خان ج: 1 ص 09

2: فتاوى قاضى خان ج:1 ص 09

ہمارے احناف کے مسائل کے تین طبقے ہیں۔

پہلا طبقہ اصولی مسائل کا ہے۔اوراس کو ظاہر الروایت کہتے ہیں اور یہ وہ مسائل ہیں جو ہمارے آئمہ ثلاثہ سے منقول ہو۔اور کبھی کبھار امام زفرؒ اور امام حسنؒ وغیر جن سے امام اعظمؒ سے علم فقہ لیا، بھی شمار کئے جاتے ہیں لیکن اکثر اظاہر الروایت وہ مسائل ہیں جو ہمارے آئمہ ثلاثہ یاان میں سے کسی ایک کا قول ہو۔پھر ظاہر الروایت یعنی اصولی مسئلے وہیں ہیں جو امام محمدؒ کے کتب جامع کبیر، جامع صغیر، سیر کبیر، سیر صغیر، مبسوط اور زیادات میں موجود ہیں۔اوران مسائل کا ظاہر الروایت کہتے کی وجہ یہ ہے کہ امام محمدؒ سے معتبر اشخاص کے ذریعے منقول ہیں اور امام محمدؒ سے تواتر کے ساتھ ثابت ہیں۔

دوسرا طقبہ کے مسائل نوادر کا ہے یہ وہ مسائل ہیں جو ہماے آئمہ ثلاثہ سے نقل تو ہیں لیکن مذکورہ کتب میں مذکور نہیں بلکہ یا تو امام محمدؒ کے اور کتب مثلاً کیسانیات، ہارونیات، جرجانیات، رقیات میں اور امام محمدؒ کے علاوہ اور کتب میں مذکور ہیں جیسے کہ حسن بن زیاد کی کتاب "المجرد" وغیرہ اور امام ابو یوسفؒ کے بعض امالی کتابوں سے۔امام املاء کی جمع ہے، املاء اسی کو کہتے ہیں کہ ایک عالم کے ساتھ شاگرد ہوں اور اس کے دوران کے دوران ان کے ساتھ کاغذ اور قلم ہو، جو وہ کہتا ہو شاگرد لکھتے ہو پھر اس کو جمع کر کے کتابی شکل دیا جاتا ہے جسے امالی یا املاء کہا جاتا ہے۔پچھلے زمانے میں فقہ، حدیث اور عربی کے علوم میں اس کا طریقہ رائج تھا اب وہ طریقہ ختم ہو چکا ہے۔اسی طرح شرح المنظومہ رسم المفتی میں ذکر ہے۔

"واعلم ان مسائل اصحابناالحنیفۃ علی ثلاث طبقات (الاولی)مسائل الاصول وتسمی ظاهرالروایۃ وھی مسائل رویت عن اصحاب المذھب وھم ابوحنیفۃ وابویوسف ومحمدرحمھم اللہ ویقال لھم العلماء الثلاثۃ وقدیلحق بھم زفروالحسن وغیرھاممن اخذالفقہ عن ابی حنیفۃ لکن الغالب الشائع فی ظاهرالروایۃ ان یکون قول الثلاثۃ اوقول بعضھم، ثم ھذاہ المسائل تسمی بظاھرالروایۃ والاصول ھی ماوجدفی کتب محمدالتی ھی الجامع الکبیر والجامع الصغیروالسیر الکبیر،والذیادات والمبسوط وانما سمیت بظاھرالروایۃ لانھارویت عن محمدبروایۃ الثقات فھی ثابتۃ عنہ امامتواترہ اومشھورۃ"۔

"(والثانیۃ) مسائل النوادروھی مسائل مرویۃ عن اصحاب المذھب لکن لافی الکتب المذکورۃ بل اما فی کتب لمحمدؒ غیرھاکالکیسانیات والھارونیات والجرجانیات والرقیات،وانماقیل لھاغیرظاھرالروایۃ لانھالم تروعن محمد بروایات ظاھرۃ ثابتۃ صحیحۃ کالکتب الاولیٰ واما غیر کتب محمد ککتاب المجردللحسن بن زیادوغیرھا،ومنھاکتب الامالی لابی یوسفؒ، والامالی جمع املاء وھوان یجلس العالم وحولہ تلامذتہ بالمحابر والقراطیس فیتکلم بمافتح اللہ تعالی علیہ وتکبتہ التلامذہ ثم یجمعون مایکتبونہ فیصیرکتابا فیسمونہ الاملاء ولامالی، وکان ھذاعادۃ السلف من الفقھاء والمحدثین واھل العربیۃ وغیرھااندرست لذھاب العلم والعلماء والی اللہ المصیر"۔کذافی شرح المنظومۃ رسم المفتی۔(1)

1: ابن عابدین ،سیدمحمدامین ۔شرح عقودرسم الفتی ،سھیل اکیڈمی لاہور1986۔ص 11۔12

اور خیر الدین رملی نے اپنے فتاوی کے شہادت کے مسائل میں ذکر کیا ہے کہ جب واضح ہو جائے کہ یہ قول تمام متون میں ذکر ہے تو اس پر عمل کیا جائیگا کیونکہ علماء نے تصریح کیا ہے کہ فتاوی اور متن کے معارضہ میں متن کو فوقیت حاصل ہے۔ اسی طرح شرح اور فتاوی میں بھی شرح کو اولیت حاصل ہے۔ اور ہماری نزدیک یہ بات ثابت شدہ ہے کہ مفتی امام اعظمؒ کے قول پر ہی فتوی دے گا اور صاحبین کے قول یا صاحبین میں سے کسی ایک کے قول کو ترجیح نہیں سوائے مزارعت کے مسائل کے۔ کیونکہ امام ابو حنیفہؒ صاحب مذہب ہے اور زبردست پیشوا اور امام ہے۔

اور متون ہمارے نزدیک چہار ہیں جو اس شعر میں ذکر کئے گئے ہیں۔

شعر: چہار وہ متون جن پر ہمارے اعتبار ہے ‏ ‏ ‏ وقایہ، مجمع، کنز اور در مختار ہے

اور قدوری کی درجہ تمام متون میں اعلی وارفع ہے کیونکہ متاخرین کے نزدیک یہ بہت مقبول ہے اور وہ ان متون کے شروح بھی معتبر ہیں اسی طرح فتاوی خیریہ کے شہادت کے باب میں ذکر ہے۔

اور سلف وہ علماء ہیں جو امام اعظم ابو حنیفہؒ سے لے کر امام محمدؒ تک ہیں۔ اور خلف وہ علماء ہیں جو کہ امام محمدؒ سے لیکر شمس الائمہ الحلوانی تک ہیں اور متاخرین شمس الائمہ حلوانی سے لیکر حافظ الدین بخاری تک ہیں۔

"وقال الخیرالرملی فی فتاویہ من الشهادة وحیث علم ان القول هوالذی تواردت علیہ المتون فهوالمعتمدالمعمول بہ اذ صرحوابانہ اذا تعارض مافی المتون والفتاوی ۔فالمعتمدمافی المتون وکذایقدم ما فی الشرح علی مافی الفتاوی ،والمقرر ایضاعندناانہ لایفتی ویعمل الابقول الامام الاعظمؒ ولایعدل عنہ الی قولهما اوقول احدهما اوغیرهما الالضرورة لمسئلة المزارعة وان صرح المشائخ بان الفتوی علی قولهماالانہ صاحب المذهب والامام المقدم۔

اذاقالت حذام فصدقوها ‏ ‏ ‏ فان القول ماقالت حذام(1)

"المتون عند نا اربعة وقدجمعتهامنظومة:

فقلت ان المتون عندنا ‏ ‏ ‏ اربعة صغار

وقایة ومجمع ‏ ‏ ‏ والکنزوالمختار

واماالقدوری فهوفوق المتون لانہ الکتاب عندالمتاخرین والشروح هی شروح هذاه المتون"۔(2)

"والسلف من ابی حنیفة الی محمدبن الحسن رحمہ اللہ تعالیٰ والخلف من محمدالی الشمس الائمة الحلوانی والمتاخرون من شمس الائمة الحلوانی الی حافظ الدین البخاری"۔(3)

1: الرملی،خیرالدین ،الفتاوی الخیریہ لنفع البریہ علی مذهب ابی حنیفة النعمان ،مکتبہ امیریہ بولاق مصر۔کتاب الشهادات ج2ص 37

2: الرملی،خیرالدین ،الفتاوی الخیریہ لنفع البریہ ۔کتاب الشهادات ج2 ص 37

3: الرملی،خیرالدین ،الفتاوی الخیریہ لنفع البریہ ۔کتاب الشهادات ج2 ص 37

ان مسائل کا بیان ختم ہوا جن کا میں نے لانے کا ارادہ کیا تھا اور یہ ایسی کتاب ہے کہ میرے خیال میں مجھ سے پہلے کسی نے بھی ایسی طرح ترتیب قائم نہیں کیا اور اتنے مسائل ذکر نہیں کئے۔ باوجود اس کے کہ میں فارغ بھی نہیں تھا اور حوادث بھی بہت زیادہ تھے۔

اس کے علاوہ میں یہ بھی کہتا ہوں کہ جس آخری عالم نے شہادات کے معتبر ہونے کے بارے میں لکھا وہ صاحب "تنقیح" ہے۔ وہ کہتا ہے کہ میں نے یہ مسائل تعارض البینات کتاب سے مختصراً ذکر کئے ہیں جو تقریباً 170 ایک سو ستر ہیں۔

اور جو مسائل جو میں نے اپنے کتاب میں ذکر کئے ہیں وہ تقریباً دو ہزار ہیں (یعنی تفصیلی نظر سے) چار ہزار تک پہنچتے ہیں۔ اور ان مسائل کو جمع کرنے کے سبب اپنے علمیت کا دعوی نہیں کرتا یہ تو صرف اللہ تعالیٰ کی توفیق ہے جس نے شریعت کے فروع پر عمل کرنے اور حفاظت کرنے کا حکم دیا ہے۔ اور درود و سلام ہو ہمارے آقا و مولیٰ جس کا نام حضرت محمد ﷺ ہے۔ اور اس کے آل پر اور اصحاب اور ثناء اسی ذات کیلئے جو کائنات کا پالنے والا ہے۔

اس کتاب کے مسودے کے لکھنے سے میں رجب المرجب کے مہینے کے نصف میں سن 1299 ہجری کو فارغ ہوا۔

"وهذاأخرماردت جمعہ فی هذالورقات من مسائل البينات الذی لم يسبقنی فی ترتيبہ فيماعلم سابق ولاساق مقدارماسبقتہ فيہ من كثرة الحوادث قبلی سائق علی ان أخرمن كتب فی مسائل الترجيح انماهوصاحب التنقيح "۔(1)

"وقدقال فهذاجملة مالخصتہ فن كتاب تعارض البينات وقد بلغت نحومائة وسبعين مسئلة"۔(2)

"وماجمعتہ هذايقارب الفی صورفهی نحواربعة الف من المسائل ولاادعی بسبب جمع ذالک فضيلة اوسعة لكنہ توفيق منہ تعالیٰ حكم بمحافظة علی فروع هذه الشريعة المطهرة وصلی الله علی سيدنامحمدوآلہ واصحابہ والحمد لله رب العلمين۔

وكان الفراغ من تسويدها فی نصف شهر رجب سنة تسع وتسعين وماء تين والف"۔(3)

1: الطريقة الواضحة ص 248

2: الطريقة الواضحة ص 248

3: الطريقة الواضحة س 24

باب دوم

کتاب : بینۃ من لہ الرجحان عند تعارض البرہان)

(بسم اللہ الرحمن الرحیم)

حمد و ثناء ہے اس خدا کیلئے جس کے دلائل زبردست ہیں اور جس کا فضل واحسان عام ہے اور درود و سلام ہو اللہ تعالی کے رسول اور محبوب پر جس کا نام مبارک حضرت محمد ﷺ ہیں اور سلام ہوں اس کے آل واصحاب جو انبیاء کرام کے بعد تمام مخلوقات میں افضل واشرف ہیں۔

اس کے بعد میں اللہ کا ایک عاجز بندہ کہتا ہوں کہ میرا نام سید عبدالرحمان بن سلیمان ہے اور حلقۂ احباب میں "خصالہ" کے لقب سے مشہور ہوں۔ میں نے یہ جو رسالہ لکھا اپنے استطاعت کے مطابق اس کے مسائل معتبر سے لئے ہیں اور میں نے اس کا نام "بینة من لہ الرجان عند تعارض البرھان" رکھ دیا۔ اور خاص اللہ جل شانہ سے مدد طلب کرتا ہوں اور اس پر توکل ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

"الحمد للہ عظیم البرھان ،عمیم الاحسان ،والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمدحبیب الرحمن وکریم الانسان وعلی آلہ واصحابہ الذین ھم اشراف اھل الایمان:۔

وبعد! فان افقرعباداللہ السبحان السیدعبدالرحمان ابن سلیمان الشھیر بخصالی بین الاحباب والاخوان فقد اختصرھذہ بحسب الامکان من الکتب المعتبرۃ للبیان بینۃ لھاالرجحان عند تعارض البرھان واللہ المستعان وعلیہ التکلان"۔

1: الخصالی ،عبدالرحمن بن سلیمان۔بینۃ من الرجحان عندتعارض البرھان ،مخطوط جامعۃ الملک سعودالرقم العام5992 ص: 1

فصل اول

(نکاح کے مسائل)

فصل اول:

نکاح کے مسائل

مسئلہ نمبر 4: دوافراد نے کسی ایسی عورت پر نکاح کا دعوی کیا اور گواہ پیش کئے جو نکاح سے انکار کر رہی ہو اور دونوں نے تاریخ ذکر کی تو جس نے پہلی تاریخ ذکر کی اس کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر 5: مدعی نے نکاح پر گواہ قائم کئے اور عورت تکذیب کر رہی ہو تو قاضی نے مدعی کیلئے نکاح پر حکم کیا۔ اب اگر کوئی دوسرا مدعی اسی طرح دعوی کریں اور گواہ قائم کریں تو قاضی اس کیلئے حکم نہیں کرے گا۔ لیکن اگر دوسرے مدعی نے پہلے مدعی کی تاریخ سے مقدم نکاح کو ثابت کیا تو اسی صورت میں دوسرے مدعی کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر 6: دو مدعی غیر قابض نے کسی عورت سے نکاح کا دعوی کیا اور ایک نے تاریخ ذکر کی اور دوسرے نے نہیں تو تاریخ ذکر کرنے والے کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر 7: صاحب قبضہ اور مدعی غیر قابض دونوں نے نکاح کا دعوی کیا اور گواہ پیش کئے لیکن مدعی غیر قابض نے تاریخ ذکر کی اور صاحب قبضہ نے نہیں تو صاحب قبضہ کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر 4: "بینۃ التاریخ الاسبق اولی اذ ابرهن رجلان علی نکاح امراءۃ منکرۃ وارخا"۔(1)

مسئلہ نمبر 5: "لوتفرداحدهمابالدعوی ،والمرءۃ تجحد،فاقام البینۃ وقضی بهاالقاضی ،ثم ادعی أخرواقام البینۃعلی مثل ذالک لم یحکم بهاالا ان یوقت الشهود الثانی سابقا"۔(2)

مسئلہ نمبر 6: "اذاادعی اثنان نکاح امرءۃ واقام کل واحدمنهمابینۃ انهازوجتہ وهی لیست فی یداحدهما،فصاحب الوقت الاول اولیٰ"۔(3)

مسئلہ نمبر 7: "بینۃ ذی الیداولی من بینۃ الخارج "(4)

1: قاضی خان۔الحسن بن منصورالاوزجندی،الفرغانی المتوفی 592ھ۔فتاوی قاضی خان فی مذہب الامام الاعظم ابی حنیفۃ النعمانؒ۔ دارلکتب العلمیہ بیروت لبنان الطبعۃ الاولی 2009ء کتاب الدعوی باب دعوی النکاح ج2 ص 36

2: فتاوی قاضی خان ،کتاب الدعوی باب فی دعو النکاح ج2 ص 361

3: فتاوی قاضی خان ،کتاب الدعوی باب فی دعوی النکاح ج2 ص 359

4: ایضا ج2 ص:359

مسئلہ نمبر 8: مدعی غیر قابض اور صاحب قبضہ دونوں نے نکاح کا دعوی کیا اور گواہ پیش کئے اور دونوں نے تاریخ ذکر نہیں کی تو صاحب قبضہ کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر 9: شوہر نے گواہ پیش کئے اس عورت کو نکاح کا علم ہوا تو یہ راضی ہو گئی تھی یا اس نے اجازت دی تھی اور وہ عورت گواہ پیش کریں کہ میں نے نکاح کو رد کیا تھا تو شوہر کے گواہ ترجیح ہو گی اور بعض علماء کے نزدیک بیوی کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر 10: کسی عورت کے موت کے بعد دو افراد نے اس سے نکاح پر گواہ پیش کئے کہ یہ عورت میری بیوی تھی تو حکم کیا جائے کہ اس کے ورثے میں سے ایک شوہر کا حصہ دونوں میں تقسیم کیا جائے اور دونوں پر آدھا آدھا مہر لازم ہو گا۔

مسئلہ نمبر 11: مدعی غیر قابض کے گواہ کہ میں نے صاحب قبضہ کی نکاح سے پہلے اس عورت سے نکاح کیا ہے تو یہ گواہی قبول ہے۔

مسئلہ 8: "بینۃ ذی الیداولی من بینۃ الخارج اذابرھناعلی نکاح امرءۃ بلاتاریخ"۔(1)

مسلہ 9: "ولواقام الزوج بینۃ علی انھااجازت اورضیت حین علمت ،واقامت ھی بینۃ علی الردرجحت بینۃ الزوج وقیل بینۃ المراءۃ اولیٰ"۔(2)

مسئلہ 10: "اذاتنازع اثنان فی امراءۃ کل واحدمنھمایدعی انھاامراتہ واقام البینۃ علی ذالک بعدموتھافانہ یقضی بالنکاح بینھما،ویجب علی کل واحدمن الزوجین نصف المہر ویرثان منھامیراث زوج واحد"۔(3)

مسلہ نمبر11: "بینۃ الخارج علی انہ تزوجھاقبل ذی الیداولیٰ"۔

1: جامع الفصولین ج1 ص:103

2: غانم ،غانم بن محمد البغدادی المتوفی 1030ھ ملجاء القضاہ عندتعارض البینات ۔کتاب النکاح ص 23

3: ترجیح البینات ،کتاب النکاح ص 30

4: ترجیح البینات ،کتاب النکاح ص 38

مسئلہ نمبر12: عورت کے بعد از مرگ دو افراد نے نکاح کا دعوی کیا تو مقدم تاریخ والے کے گواہ بہتر ہیں۔ اور اسی باب میں اقرار او قبضہ معتبر نہیں اور ترکہ بھی مقدم تاریخ والے کیلئے ہوگا۔

مسئلہ نمبر13: بیوی کے گواہ کہ میری عمر نکاح کے وقت بیس سال تھی بہتر ہیں شوہر کے گواہوں سے کہ نہیں تیری عمر آٹھ سال تھی یہ اسی صورت میں جب عورت دعوی کرتی ہوں کہ میں نکاح پر راضی نہیں ہوں۔

مسئلہ نمبر14: بیوی نے گواہ قائم کئے کہ میری ولی نے میری بلوغت کے حالت میں میری رضا کے بغیر میری نکاح کی ہے او شوہر گواہ قائم کریں کہ جس وقت تیرے ولی تیری نکاح میرے ساتھ کر رہا تھا تو تم چھوٹی بچی تھی تو بیوی کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر15: باکرہ {1} لڑکی کے گواہ کہ میں نے نکاح کو رد کیا تھا بہتر ہیں اس کے شوہر کے گواہوں سے کہ تم نے سکوت اختیار کی

تھی۔

{1}: باکرہ وہ لڑکی ہے جس کی پردۂ بکارت زائل نہ ہوئی ہو۔ ۱۲ مترجم

مسئلہ 12: "اذاتنازع اثنان بعدموتهاانهاامراته واقام البينة وارخا،فصاحب التاريخ الاسبق اولى ولايعتبر فيه الاقراروالید وقضى له بالميراث"۔(1)

مسئلہ 13: "وان اقامت المراءة البينة انهاكانت بنت عشرين وقت النكاح واقام الزوج البينة انهاكانت بنت ثمان سنين كانت البينة ،بينة المرأة"۔(2)

مسئلہ 14: "وان اقامت المراءة ان اباها زوجهاوهى بالغة لم ترض،وادعى الزوج ان اباها زوجهافى الصغركان القول قول المرأة"(3)

مسئلہ 15: "اذاقالت البكر رددت عند ترويج ولى منک،وقال الزوج بل سكت فالقول لهاولواقام البينة فبينتهااولى"۔(4)

1: ترجیح البینات ،کتاب النکاح ص 30

2: فتاوی قاضی خان ،کتاب النکاح ،باب شرائط النکاح ج1 ص 295

3: قاضی خان ،کتاب النکاح ۔باب شرائط النکاح ج1 ص 295

4: (ترجیح البینات کتاب النکاح ص 23

مسئلہ نمبر16: اگر کسی مسلمان شخص کیلئے فیر نگی گواہان فرنگی عورت سے نکاح پر گواہی کریں تو یہ گواہان فیر نگی گواہوں سے بہتر ہیں جو کسی کافر کیلئے گواہی کر رہے ہوں طرفین کے نزدیک اور امام ابو یوسفؒ کے قول پر کافر کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر17: دونوں نکاح کا دعوی کر رہا ہوں تو عورت جس کے گھر میں ہے اس کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر18: ایک مدعی نے نکاح اور دخول پر گواہ قائم کئے اور دوسے نے نکاح اور تاریخ نکاح پر تو پہلے مدعی کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر19: دونوں نے نکاح کا دعوی کیا تو جس نے دخول کیا ہو اس کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر20: میاں بیوی میں سے جو بھی بچہ پیدا ہونے کے بعد نکاح کے فاسد ہونے کا دعوی کریں اور گواہ قائم کریں تو اس کے گواہ بہتر ہیں نکاح کے صحت پر گواہی کرنے والوں سے۔ تو نکاح فاسد ہو جائے گی اور بچے کی نسب اس سے ثابت ہو گی۔

مسئلہ 16: "ولواقام کل واحدمن المسلم والکافر بینۃ نصرانیۃ علی نکاح امراءۃ نصرانیۃ ،قضی بھاللمسلم عندھما،وعندابی یوسفؒ یقضی بھا للنصرانی"۔(1)

مسئلہ17: "بینۃ من کانت المراءۃ فی بیتہ اولیٰ من بینۃ الاخراذ ادعی کل منھانکاحھا"۔(2)

مسئلہ 18: "بینۃ من اثبت النکاح والدخول اولیٰ من بینۃ من لہ التاریخ"۔(3)

مسئلہ 19: "بینۃ من یدعی الدخول علی المراءۃ اولی من بینۃ من لم یدخل اذابرھناعلی النکاح"۔(4)

مسئلہ 20: "اذاتنازع الزوجان بعدالولادۃ فی صحۃ النکاح وفسادہ فادعی الزوج الفساد،وادعت المراءۃ الصحۃ،واقام البینۃ تقبل بینۃ من یدعی الفساد ونسب الولد ثابت"(5)

1: ترجیح البینات ،کتاب النکاح ص 26

2: جامع الفصولین ،الفصل العشرون فی دعوی النکاح ۔ج 1 ص 260

3: قاضی خان ،کتاب النکاح ،فصل فی شرائط النکاح، ج1 ص 294

4: قاضی خان ،کتاب النکاح ،فصل فی شرائط النکاح، ج ص 294

5: ترجیح البینات ،کتاب النکاح ص 32

مسئلہ نمبر21:   اس شخص کے گواہ کہ میں نے اس مدعی سے پہلے اس عورت سے نکاح کیا ہے یہ گواہ قبول ہیں۔

مسئلہ نمبر22:   ہبہ، صدقے اور رہن کے گواہوں سے نکاح کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر23:   جس کی قبضہ میں بیوی ہے اس کے گواہ کہ میری نکاح کی بیوی ہے بہتر ہیں مدعی غیر قابض کے گواہوں سے کہ یہ میری نکاح کی بیوی ہے۔

مسئلہ نمبر24:   شوہر کے گواہ کہ یہ میری منکوحہ ہے بہتر ہیں بیوی کے گواہوں سے کہ میں کسی اور کی منکوحہ ہوں اور وہ شخص اسکے دعوی سے انکار کر رہا ہوں۔

مسئلہ نمبر25:   زید نے کسی عورت سے نکاح پر بینہ قائم کیا اور اس عورت کی بہن نے زید پر دعوی کیا کہ میں اس کی بیوی ہوں۔ تو زید کے گواہ بہتر ہیں اگر دونوں نے تاریخ ذکر نہیں کی یا ایک تاریخ کو ذکر کیا۔

مسئلہ 21:   "بینۃ من تزوج امراءۃ قبل مدعیھاالاخر اولیٰ"۔(1)

مسئلہ 22:   "ولواجتمع نکاح وھبۃ اورھن وصدقۃ فالنکاح اولیٰ "۔(2)

مسئلہ 23:   "بینۃ من فی یدہ المراءۃ اولیٰ من بینۃ الخارج اذابرھن کل واحدمنھماعلی انھالہ"۔(3)

مسئلہ 24:   "ولوادعی علی امراءۃ انھاامراتہ واقام البینۃ ،وادعت المراءۃ انھاامراءۃ ھذالرجل ،لرجل أخر،واقامت البینۃ علی ذالک والرجل یجحد ،تقبل بینۃ الزوج"۔(4)

مسئلہ 25   "بینۃ رجل علی نکاح امراءۃ اولی من بینۃ اختھا علی کونہ امراءتہ فیمالم یورخا اورارخاوتاریخھما سوآء"۔(5)

1: قاضی خان ،کتاب النکاح ،فصل فی دعوی النکاح ج 1 ص 353

2: ترجیح البینات کتاب الھبہ ص 144

3: قاضی خان ۔کتاب الدعوی ،باب دعوی النکاح ج2 ص 359

4: جامع الفصولین الفصل العشرون فی دعوی النکاح ج2،ص: 260

5: خلاصۃ الفتاوی ۔کتاب النکاح ، الفصل الرابع عشر فی دعوی النکاح، ج1 ص42

مسئلہ نمبر26: زید نے گواہ قائم کئے کہ میں نے صغریٰ سے فلاں تاریخ پر نکاح کیا ہے اور صغریٰ کی بہن کبریٰ بینہ قائم کریں کہ زید نے مجھ سے فلاں تاریخ کو نکاح کیا ہے تو جس کا تاریخ مقدم ہو اس کے بینہ کو ترجیح ہو گی۔

مسئلہ نمبر27: دونوں نے نکاح کا دعوی کیا اور دونوں نے تاریخ کا ذکر نہیں کیا تو جس کیلئے عورت نے نکاح پر اقرار کیا اس کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر28: دونوں نے نکاح اور دخول کا دعوی کیا تو جس مدعی کیلئے عورت نے پہلی دخول پر اقرار کیا اس کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر29: زید نے دعوی کیا کہ میرا باپ فلاں تاریخ کو وفات پا چکا ہے او اس کیلئے ورثے کا حکم کیا گیا اس کے بعد کسی عورت نے بینہ قائم کیا کہ زید کی باپ جو وفات ہو چکا ہے نے مذکورہ تاریخ سے ایک دن بعد مجھ سے نکاح کیا تھا تو یہ گواہی قبول ہے اور نکاح پر حکم کیا جائیگا۔

مسئلہ نمبر30: زید نے بکر پر دعوی کیا ہے کہ اس نے فلاں دن کو میرا باپ قصداً قتل کیا ہے اور قاضی نے قصاص کا حکم صادر فرمایا۔اس کے بعد کسی عورت نے گواہ قائم کئے اس کے اپ نے اسی تاریخ سے ایک دن بعد مجھ سے نکاح کیا ہے تو یہ گواہی قبول نہیں۔

مسئلہ 26: "بینۃ التاریخ الاسبق اولی اذابرھن رجل علی نکاح امراۃ وبرھنت اختھا علی کونھازوجتہ"۔(1)

مسئلہ 27: "بینۃ من اقرت المراۃ بنکاحہ اولی من بینۃ الاخراذادعیانکاحھاولم یؤرخا"۔(2)

مسئلہ 28: "ولواقاماالبینۃ علی النکاح والدخول فاقرت لاحدھماقبل الاخر یقضی للمقرلہ"۔(3)

مسئلہ 29: "یوم الموت لایدخل تحت القضاء حتی لوادعی رجل علی رجل ان اباہ مات یوم کذافقضی بہ ،ثم ادعت امراۃعلی ھذا المیت انہ تزوجھابعد ذالک التاریخ بیوم،تقبل البینۃ ویقضی بالنکاح"۔(4)

مسئلہ 30: لوادعی رجل علی رجل أخرانہ قتل اباہ یوم کذا،وقضی القاضی بہ،ثم ادعت امراۃ بعد ھذالتاریخ بیوم ان اباہ تزوجھالاتسمع"۔(5)

1: خلاصۃ الفتاوی ۔کتاب النکاح ، الفصل الرابع عشر فی دعوی النکاح جلدنمبر1 ص42

2: قاضی خان ،کتاب النکاح ،فصل فی دعو النکاح جلدنمبر1 ص 354

3: قاضی خان ،کتاب النکاح ،فصل فی دعو النکاح جلدنمبر1 ص 354

4: ترجیح البینات ،کتاب النکاح ، ص 43

5: ترجیح البینات ،کتاب النکاح ص 44

فصل دوم

(مہر کے مسائل)

فصل دوم:

مہر کے مسائل

مسئلہ نمبر 31: بیوی اور شوہر کے مہر کے اندازہ کرنے میں بیوی کے گواہ معتبر ہیں اس صورت میں کہ شوہر پر مثل کے کم یا مطابق ہونے کا دعوی کر رہا ہو۔

مسئلہ نمبر 32: شوہر اور بیوی کے مہر کے اندازہ میں اسی صورت میں کہ بیوی مہر مثل کے زیادہ یا برابر ہونے کا دعوی کریں تو خاوند کے گواہ معتبر ہیں۔

مسئلہ نمبر 33: میاں بیوی مہر کے اندازہ مختلف ہو گئے (اور ان میں سے ایک نے گواہ پیش کئے اور دوسرے نے نہیں) تو جس نے گواہ پیش کئے اس کیلئے حکم کیا جائیگا۔

مسئلہ نمبر 34: اصل مہر اور مہر مثل کے اندازہ کرنے میں شوہر کے گواہ {1} معتبر ہیں۔

مسئلہ نمبر 35: میاں بیوی دونوں مہر کے اندازہ میں مختلف ہو گئے اور مہر مثل دونوں کیلئے شاھد نہ ہو (یعنی میاں بیوی کے متعین کردہ مقدار سے برابر نہ ہو) بیوی کے متعین کردہ مقدار سے کم ہو اور شوہر کے مقرر کردہ مقدار سے زیادہ تو دونوں کی گواہی ساقط ہو جائے گی کیونکہ دونوں برابر ہیں۔

{1}: یہ مسئلہ حوالہ اور واقع دونوں سے خلاف ہے کیونکہ اگر میاں بیوی کا اختلاف اصل مہر کی معین کرنے یا نہ کرنے میں ہو تو جس نے تعیین کا دعوی کیا ہے اگر اس نے گواہ قائم کئے تو اس کے گواہ قبول ہیں، اسی طرح ذکر ہے شرح الوقایہ اور مجمع الانہر میں، اور مہر کی اندازہ کرنے میں اختلاف ہو تو پھر یہی حکم ہے جو یہاں پر ذکر ہے۔

مسئلہ 31: "اختلفافی قدرالمهرقضی لمن برهن وان برهنافلهااى قضى للمرأة ان شهد مهرالمثل له اى للزوج بان كان مثل مايدعيه الزوج اواقل"۔(1)

مسئلہ 32: "وقضى له ان شهد مهرالمثل لهابان كان مثل ماتدعيه اواكثر"۔(2)

مسئلہ 33: "اختلفافى قدرالمهرقضى لمن برهن"۔(3)

مسئلہ 34: "بينة الزوج فى اصل المهروقدره اولى من بينة المراءة"(4)

مسئلہ 35: "وان لم يشهدلهما اى لواحدمنهمابان كان اقل ممادعته واكثر ممادعاه تهاتر۔اى تساقطالاستواء هما فى الاثبات"۔(5)

1: ملا خسرو، محمدبن فراموز الحنفی، متوفی، 885ھ۔الدررالحكام فی شرح غررالاحكام۔میرمحمد كتب خانہ آرام باغ کراچی۔کتاب التحالف، ج2 ص 341

2: ایضا، کتاب التحالف، ج2 ص 341

3: الدررالحکام شرح غررالاحکام ج2 ص 341

4: الحلبی، ابراهیم بن محمدبن ابراهیم۔ملتقى البحر، دارالبیروتی دمشق شام، باب المهر، ص 234

5: الدررالحکام شرح غررالاحکام ج 2 ص 341

مسئلہ نمبر36: بیوی اپنی مہر کی زیادہ ہونے پر گواہ پیش کرتی ہو اور شوہر اس کے برعکس تو بیوی کے گواہ معتبر ہیں۔

مسئلہ نمبر37: شوہر کے گواہ ورثاء کے گواہوں سے بہتر ہیں جب شوہر حالت صحت میں مہر سے ابراء کی دعوی دار ہو اور ورثاء حالت مرض الموت میں ابراء کے دعوی دار ہوں اور بعض علماء کہتے ہیں کہ ورثاء کے گواہ معتبر ہیں۔

مسئلہ نمبر38: ورثاء کے گواہ شوہر کے گواہوں سے بہتر ہیں جب ورثاء حالت مرض الموت میں مہر کے ہبہ ہونے کے دعوی دار ہوں اور شوہر حالت صحت میں ہبہ ہونے کا دعوی کر رہے ہو۔

مسئلہ نمبر39: بیوی کے گواہ اس بات پر کہ میرا مہر غلام تھا معتبر ہیں شوہر کے گواہوں سے کہ تیری مہر لونڈی ہے اور اسی حال میں کہ وہ لونڈی اس عورت کی ماں ہو۔

مسئلہ نمبر40: شوہر کے گواہ اس بات پر کہ میری بیوی نے مجھے مہر معاف کیا تھا معتبر ہیں بیوی کے گواہوں سے کہ یہ تو اب تک میری مہر کا اقرار کر رہا تھا اسی طرح حکم قرضے کا بھی ہے۔

مسئلہ36: "بینۃ المرأۃ علی زیادۃ مہر ھااولی من بینۃ الزوج علی نقصانہ"۔(1)

مسئلۃ37: "ادعی النکاح بعد وفاتھاانھاکانت ابرأتہ من الصداق حال صحتھا واقام بینۃ واقام الورثۃ بینۃ انھاابراتہ فی مرض موتھافبینۃ الصحۃ اولیٰ وقیل بینۃ الوارث اولیٰ"۔(2)

مسئلہ 38: "بینۃ المرأۃ علی ھبۃ مھرھافی المرض اولیٰ من بینۃ الزوج علی ھبتھاالمھر فی الصحۃ"۔(3)

مسئلہ 39: "ولوقالت المراۃ تزوجتنی علی عبدک ھذا،وقال الزوج تزوجتک علی امتی ھذاوھی ام المراۃ ،واقام البینۃ،فالبینۃ بینۃ المرأۃ"(4)

مسئلہ 40: "الزوج فی ابراء المھراولیٰ من بینۃ المرأۃ ان زوجھاکان مقراالی یومنا ھذ وکذافی الدین"۔(5)

1: ترجیح البینات ،کتاب النکاح ص 40

2: قینۃ النیۃ ،کتاب الشھادات ،ص 196

3: فتاوی عمادی ،کتاب النکاح ص 87

4: ترجیح البینات، کتاب المھر،ص 3 6

5: ترجیح البینات ،کتاب المھر ص 36

مسئلہ نمبر41: بیوی کے گواہ کہ میں نے مہر معاف کیا تھا کسی شرط کی بناء پر معتبر ہیں شوہر کے گواہوں سے کہ تم نے بغیر کسی شرط کے مہر معاف کیا تھا اور بعض علماء کہتے ہیں کہ شوہر کے گواہ معتبر ہیں۔

مسئلہ نمبر42: مدعی نے گواہ پیش کئے کہ زید نے اپنا غلام مجھے کسی عورض کے بدلے دیا تھا یا ہبہ کیا تھا اور زید کی بیوی گواہوں سے ثابت کریں کہ وہ غلام میری شوہر نے مجھے مہر میں دیا تھا۔ تو امام ابو یوسفؒ {1} کے نزدیک غلام مدعی اور زید کے بیوی کے درمیان مشترک ہو جائیگا اور زید کے ذمے غلام کا آدھا قیمت لازم ہو گا تا کہ مہر پورا ہو جائے اور امام محمدؒ کے نزدیک غلام مدعی کا ہو جائے گا اور بیوی کیلئے زید کے ذمے غلام کا پورا قیمت لازم ہو گا۔

مسئلہ نمبر43: کسی عورت نے دعوی کیا کہ میری فوت شدہ شوہر نے فلاں سال رجب کے مہینے میں مجھ سے نکاح کیا تھا تو اس کے ترکے میں سے اپنا مہر لینا چاہتا ہوں۔ اور ورثاء گواہ قائم کریں کہ وہ اسی سال کے صفر کے مہینے میں فوت ہوا تھا تو یہ گواہی قبول نہیں اور زید کے ترکہ میں اس عورت کیلئے مہر ثابت ہے۔

مسئلہ نمبر44: میاں بیوی کا اختلاف کسی ایسی چیز کے بارے میں جس کا استعمال دونوں کر سکتا ہو تو شوہر کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر45: شوہر کے گواہ کہ جو کپڑا میں نے اپنی بیوی کو بھیج دیا تھا وہ جوڑا تھا یا مہر میں تھا معتبر ہیں بیوی کے گواہوں سے کہ وہ جوڑا تعلق کے طور یا بطور تحفہ تھا۔

{1} شامی اور بحر میں ذکر ہے کہ مہر کی گواہ بہتر صدقہ کی گواہوں سے۔ ۱۲ مترجم

مسئلہ41: "ولوادعت المراءة البراءة عن المهر بشرط،وادعاهاالزوج مطلقاواقاماالبينة فبينة المرأة اولىٰ وقيل:بينة الزوج اولىٰ"۔(1)

مسئلہ42: "ادعى عبدامثلافى يدرجل انه وهبه له اوتصدق به عليه وقبضه وادعت المراءة ان ذاليدتزوجهاعلى ذالک العبدوقبضته وبرهنا"۔ يحكم ابويوسفؒ بالعبدبينهمانصفين وللمرأة بنصف قيمة ايضاعلى الزوج تتميما للمهر،وعندمحمدؒ،يحكم بالعبد لمدعى الشراء وللمرأة بجميع قيمته على الزوج"۔(2)

مسئلہ43: "ادعت امراءة انه تزوجهافى رجب سنة كذاوتدعى المهر فى تركته ،فبرهن ورثة ان مؤرثنامات فى صفر تلک السنة ،لاتقبل ويثبت النكاح والمهرمن تركته"۔(3)

مسئلہ44: "وان كان المتاع مشكلابكونه للرجال والنساء جميعايقضى للزوج"۔(4)

مسئلہ 45: "بينة الزوج ان يكون ثوبه المبعوث الى امراءته مهرااوكسوة الى من بينتهاعلى كونه صلة اوهدية لهاوفى الخلاصة بينة المراءة اولىٰ"۔(5)

1: ترجيح البينات ،كتاب النكاح ص 41
2: ترجيح البينات ص 42
3: ترجيح البينات ص 44
4: ترجيح البينات ص 40
5: فتاوى قاضى خان ،كتاب النكاح باب النفقة جلدنمبر ص 371

فصل سوم

(طلاق کے مسائل)

فصل سوم:

طلاق کے مسائل

مسئلہ نمبر46: زید کے ورثاء کی گواہی اس بات پر کہ زید نے اپنی بیوی کو صحت کی حالت میں طلاق دی تھی معتبر ہیں بیوی کے گواہوں سے کہ وہ طلاق دینے کے وقت مرض الموت میں بیمار تھااور وہ میری عدت میں وفات پاچکاہے جب دونوں کی تاریخ برابر ہوں۔

مسئلہ نمبر47: طلاق کے گواہ نکاح کے گواہوں سے معتبر ہیں اور بعض علماء کہتے ہیں کہ نکاح کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر48: بیوی کے گواہ کہ خلع کے وقت میرا شوہر عاقل اور ہوشیار تھا بہتر ہیں شوہر کے ورثاء کے گواہوں سے کہ مجنون تھااور یہ حکم تب ہے جب شوہر مقدمے کے وقت مجنون ہو۔

مسئلہ نمبر49" زید کے بیٹے کے گواہ اس بات پر کہ یہ عورت میری باپ کی منکوحہ نہیں تھی۔اب دوبارہ گواہ قائم کرناچاہتاہے کہ یہ عورت میری باپ کی مطلقہ منکوحہ تھی لیکن میرے باپ کے موت سے پہلے اس کی عدت ختم ہوچکی تھی اور عورت گواہان کھڑی کردے کہ میں مرض الموت میں اسکی منکوحہ تھی۔تو یہ گواہی قبول نہیں۔

مسئلہ 46: "بینۃ الورثۃ علی تطلیقۃ فی الصحۃ اولیٰ من بینۃ علی تطلیقۃ فی المرض موتہ فی العدۃ عند استواء التاریخ"۔(1)
"بینۃ الخلع اولی من بینۃ النکاح ولوادعت النکاح فی الحال "

مسئلہ 47:" بینۃ النکاح اولیٰ من بینۃ الطلاق وقیل العکس"۔(2)

مسئلہ48: "بینۃ المراۃ علی خلع زوجھااولیٰ من بینۃ ولی الزوج علی کونہ مجنوناوقت الخلع فیمااذاکان الزوج مجنوناعندالخصومۃ"۔(3)

مسئلہ49: "امراۃ ادعت علی ولدمیت انھاکانت امراءۃ ابیہ ،مات وھی فی نکاحہ وطلبت المیرث فجحدالابن،فاقامت البینۃ ،ثم ان الابن اقام البینۃ ان اباہ کان طلقھاثلاثا ،وانقضت عدتھاقبل موتہ ،تقبل بینۃ الابن فی الصحیح"۔(4)

1: فتاوی بزازیہ ج: 2 ص: 143

2: جامع الفصولین الفصل العاشر ،ج1،ص، 143

3: ترجیح البینات ،کتاب الشھادات ص 146

4: دررالحکام شرح غررالاحکا،کتاب الشھادات ج1 ص 384

مسئلہ نمبر 50: شوہر نے بیوی کی طلاق کو شراب پینے کی شرط پر مشروط کر دی۔ اب بیوی گواہ پیش کرتی ہے کہ وہ شرط موجود ہو چکا ہے اور شوہر گواہ پیش کرتا ہے میں نے اس کی اجازت سے شراب پی لیا ہے تو بیوی کی گواہی بہتر ہے۔

مسئلہ نمبر 51: عورت کے کے گواہ کہ میں اس کی بیوی تھی اس کی فوت ہونے تک بہتر ہیں ورثاء کے گواہوں سے کہ تم اس کے موت سے چھ ماہ پہلے اس پر حرام ہو چکی تھی۔

مسئلہ 50: "لوقال لامراتہ ان شربت مسکراًبغیر اذنک فامرک بیدک،فاقامت بینۃ علی وجودالشرط،واقام الزوج بینۃ انہ کان باذنھافبینۃ المراءۃ اولیٰ"۔(1)

مسئلہ 51: "مات عن زوجۃ واولادمن زوجۃ اخری اودعی الاولاد انھا کانت حراماقبل موتہ بستہ اشھر،واقاموبینۃ واقامت المراۃ بینۃ انھاکانت حلالا وقت الموت، فشھودالمراءۃ اولیٰ"۔(2)

1: قنیۃ المنیۃ،کتاب الشھادۃ،باب البینتین المتضادین، ص 197

2: ترجیح البینات ،کتاب الطلاق، ص 50

فصل چہارم

(نفقہ کے مسائل)

فصل چہارم:

نفقہ کے مسائل

مسئلہ نمبر 52: بیوی کے گواہ مقررہ نفقہ کے اندازہ میں مقررہ مدت میں جو گزر چکی ہو قاضی کے نفقہ مقرر کرنے کے بعد معتبر ہیں شوہر کے گواہوں سے اور اگر گواہ نہیں تھے تو پھر شوہر کی بات معتبر ہے۔

مسئلہ نمبر 53: بیوی اپنے شوہر سے نفقہ طلب کرتی ہو اور اس کے مالدار ہونے پر گواہ پیش کرتی ہو تو یہ گواہی بہتر ہیں زید کے گواہوں سے اپنے غریب ہونے پر۔

مسئلہ نمبر 54: بیٹے کے غائب ہونے کے حالت میں باپ نے اس کا مال خرچ کیا۔ اب باپ گواہان کھڑا کریں کہ میں اس وقت غریب تھا اور بیٹا گواہان کھڑا کریں کہ وہ مالدار تھا تو بیٹے کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر 55: ایک معذور شخص زید سے نفقہ طلب کرتا ہے اور گواہ پیش کرتا ہے کہ یہ میرا باپ ہے اور زید گواہ پیش کرتا ہے کہ اس کا باپ بکر ہے اور بکر انکار کرلے، تو معذور شخص کی گواہ معتبر ہیں۔ قاضی زید کے ذمے نفقہ کا حکم کرے گا اور نسب بھی زید سے ثابت ہوگا۔

مسئلہ52: "ولواختلف الزوجان بعدفرض النفقۃ فی مقدار المفروض اوفی الزمان بعدفرض القاضی ۔کان القول قول الزوج، وان اقاما البینۃ فبینۃ المراءۃ اولیٰ"۔(1)

مسئلہ53: "اذاادعی الزوج الاعسار کان القول قولہ وعلیہ نفقۃ المعسرین الااذاقامت المراءۃ بینۃ علی انہ مؤسر ،فانہ یقضی علیہ نفقۃ الموسرین، وان اقاما البینۃ فبینۃ المراءۃ اولیٰ"۔(2)

مسئلہ54: "اذاانفق مال ولدہ الغائب علی نفسہ فحضرالابن،وادعی ان الاب کان مؤسراوقت الانفاق وانکرالاب واقاما البینۃ علی دعواھماکانت البینۃ بینۃ الابن"۔(3

مسئلہ55: "رجلٌ زَمِنٌ ادعی علی رجل انہ ابوہ،وطلب ان یفرض لہ القاضی النفقۃ علیہ:فانکرذالک الرجل ،فاقام الزَمِن البینۃ علی ماادعی واقام المدعی علیہ البینۃ علی رجل آخر انہ ابوالزمن ،وذالک الرجل ینکر،فالبنیۃ ،بینۃ الزمن ،ویثبت نسبہ من الذی اقام علیہ البینۃ ابوہ ویفرض لہ علیہ النفقۃ"۔(4)

1: فتاوی قاضی خان،کتاب النکاح باب النفقۃ ج1 ص 387

2: ترجیح البینات ،باب النفقۃ ص 55

3: فتاوی قاضی خان ،کتاب النکاح ،باب النفقۃ ،فصل فی نفقۃ الوالدین وذوی الارحام،ج1 ص 389

4: فتاوی قاضی خان ۔کتاب الدعوٰ ،باب فی یبطل الدعوی۔جلد2 س 407

(رضاعت کا مسئلہ)

فصل پنجم:

رضاعت کا مسئلہ

مسئلہ نمبر56: دایہ کے گواہ کہ میں نے اس بچے کو اپنی دودھ پلائی ہے بہتر ہیں بچے کے ورثاء کے گواہوں سے کہ تم نے اس بچے کو بکری کی دودھ پلائی ہے۔اسی صورت میں پہلے طے ہو چکا ہو کہ یہ بچے کو دودھ پلائے گی۔

مسئلہ56: "بینۃ الظئرعلی ارضاع الصبی بنفسھااولی من بینۃ اھل الصبی علی الارضاع بلبن الشاۃ فیمااذاشرطت الارضاع بنفھا"۔(1)

1: جامع الفصولین ،الفصل الثانی عشر ،فصل فی الشھادۃ علی النفی، ج1 ص 174

باب سوم

(بیوع کے مسائل)

فصل اول: غلام آزاد کرنے کے مسائل

فصل دوم: وقف کے مسائل

فصل سوم: بیع کے مسائل

فصل چہارم: سلم کے مسائل

فصل پنجم: اجارہ کے مسائل

فصل ششم: ہبہ کے مسائل

فصل ہفتم: عاریت اور امانت کے مسائل

فصل اول

غلام آزاد کرنے کے مسائل

فصل اول:

غلام آزاد کرنے کے مسائل

مسئلہ نمبر 57: میت کے ورثاء کہ یہ غلام میت کے فوت ہونے تک اس کا ملکیت تھا۔(پھر مجھے وارثت میں مل گیا ہے) معتبر ہیں غلام کے گواہوں سے کہ میں نے کسی اور کی ملکیت میں تھا اور اس نے مجھے آزاد کیا ہے۔

مسئلہ نمبر 58: مولیٰ اور مکاتب بدل کتاب میں مختلف ہو گئے تو مکاتب کے گواہوں سے مولیٰ کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر 59: کسی نے دعوی کیا کہ میں فلاں کا آزاد کردہ غلام ہوں اور قاضی نے اسے آزاد قرار دے دیا۔ اب ایک شخص گواہ پیش کرتا ہے کہ یہ میر غلام ہے تو گواہی قبول نہیں۔

مسئلہ نمبر 60: دو افراد نے کسی میت کے وارث ہونے کا دعوی کیا اور دونوں نے گواہ کھڑے کئے کہ وہ میرا آزاد کردہ غلام تھا تو دونوں کیلئے وِلاء اور ورثے کا حکم کیا جائیگا۔

مسئلہ نمبر 61: صاحب قبضہ کے گواہ بہتر ہیں مدعی غیر قابض کے گواہوں سے اگر دونوں ملکیت کے ساتھ فعل کا دعوی کر رہے کہ یہ میر غلام ہے میں نے آزاد کیا ہے یا میں نے مدبر کیا ہے۔

مسئلہ 57: "لوادعی الورثۃ علی غلام انک کنت ملک ابینا الی یوم الموت ،ونحن الوارثون فاقام العبد بینۃ انی کنت عبد فلان واعتقنی فبینۃ الورثۃ اولیٰ"۔(1)

مسئلہ58: "بینۃ المولیٰ اولیٰ من بینۃ المکاتب اذااختلفافی قدربدل الکتابہ"(2)

مسئلہ59: "ثم اذاادعی انی کنت عبدفلاں ،واعتقنی وقضی القاضی بہ ثم اقام الاخرالبینۃ انک عبدی ،لاتقبل"۔(3)

مسئہ 60: "ادعیاولاء میت وبرھن کل منہماانہ اعتقہ یقضی بالولاء والمیرث لھما"۔(4)

مسئلہ 61: "بینۃ ذی الیداولیٰ من الخارج اذاادعیامع الملک فعلاکمااذاادعیافی عبدالملک والعتق والتدبیر"۔(5)

1: ترجیح البینات ،کتاب العتاق ص 60

2: الدررالحکام شرح غررالاحکام ۔باب التخالف ج2 ص 341

3: ترجیح البینات،کتاب العتاق ص 61

4: الدررالاحکام شرح غررالاحکام،کتاب الولاء ،ج 2 ص 36

5: ترجیح البینات،کتاب الدعوی ص 217

مسئلہ نمبر62: مدعی غیر قابض اور صاحب قبضہ دونوں کے گواہ برابر ہیں اگر دونوں کسی غلام کے مکاتب کرنے کا دعوی کریں کیونکہ (معنی) دونوں غیر قابض ہیں۔اسی سبب سے کہ مکاتب پر کسی کا قبضہ نہیں۔

مسئلہ نمبر63: جو شخص کسی غلام کے مدبر یا آزاد ہونے کا دعوی کر رہے ہوں کے گواہ بہتر ہیں اس شخص کے گواہوں سے جو مکاتب ہونے کا دعوی دار ہو۔ برابر بات ہے کہ مدعی صاحب قبضہ ہو کہ نہ ہو۔

مسئلہ نمبر64: غلام کے گواہ کہ میں حرالاصل ہوں معتبر ہیں مولی کے گواہوں سے کہ تم میرے غلام ہو۔

مسئلہ نمبر65: غلام کے آزاد کرانے کے یا مدبر کرنے گھریلو پیدائش کے دعوی کے ساتھ بہتر ہیں اس کے گواہوں سے جو صرف نتاج پر گواہ پیش کرتا ہو۔

مسئلہ نمبر66: غلام یالونڈی کے آزاد کرانے کے گواہ گھریلو پیدائش کے ساتھ بہتر ہیں ان گواہوں سے جو غلام یالونڈی کے مدبر کرنے استیلاد یا نتاج کے دعوی دار ہوں۔

مسئلہ 62: "اذاقال کل واحد هوعبدی کاتبتہ فهماسوآء لانهماخارجان اذلایدعلی المکاتب"۔(1)

مسئلہ 63: "ولوقال احدهماعبدی کاتبتہ،وقال الاخر دبرتہ اواعتقتہ فهذااولیٰ"۔(2)

مسئلہ 64: "بینۃ العبدعلی انہ حرالاصل اولیٰ من بینۃ مولاہ علی انہ عبدہ"۔(3)

مسئلہ 65: "بینۃ العتق والتدبیروالاستیلاء مع النتاج اولیٰ من بینۃ النتاج وحدہ"۔(4)

مسئلہ 66: "وکذابینۃ العتق مع النتاج ،اولیٰ من بینۃ التدبیر اولاستیلاد مع النتاج"۔(5)

1: ترجیح البینات،کتاب الدعوی ص 217

2: ترجیح البینات،کتاب الدعوی ص 217

3: ترجیح البینات ،کتاب الدعوی ص 217

4: ترجیح البینات، کتاب الدعوی ص 232

5: ترجیح البینات ،کتاب الدعوی ص 232

مسئلہ نمبر 67: غلام کے مدبر کرنے یا آزاد کرنے کے گواہ بہتر ہیں اس کے مکاتب ہونے کے گواہوں سے۔

مسئلہ نمبر 68: جس کی قبضہ میں لونڈی ہے وہ گواہ پیش کرتا ہے کہ یہ میری لونڈی ہے اور میں نے اسے مدبر کیا ہے۔(یعنی تم میرے موت کے بعد آزاد ہو) اور میں اس کا مالک ہو۔دوسرا مدعی گواہ پیش کرتا ہے کہ اسی لونڈی نے میرے بچے کو جنم دیا ہے اور میں اس کا مالک ہو۔اور کسی تیسرے مدعی نے بھی اسی طرح کے گواہ کھڑے کئے تو لونڈی صاحب قبضہ کیلئے ہے۔

مسئلہ نمبر 69: آزاد کردہ لونڈی کے گواہ کہ یہ میرا بچہ ہے جو میرے آزاد ہونے کے بعد پیدا ہوا ہے معتبر ہیں مولی کے گواہوں سے کہ یہ غلام ہے تیرے آزاد ہونے سے پہلے پیدا ہوا ہے،اور اسی طرح حکم مکاتب ہونے میں بھی ہے۔

مسئلہ نمبر 70: صاحب قبضۃ کے گواہ کہ یہ غلام میری ملکیت میں تھا اور میں نے آزاد کیا ہے بہتر ہیں خارج کے گواہوں سے کہ یہ میری ملکیت ہے۔

مسئلہ 67: "وبینۃ التدبیراولیٰ من بینۃ الکتابۃ"۔(1)

مسئلہ 68: "امۃ فی یدرجل ،اقام البینۃ انہ دبرھاوھویملکھا،واقام أخرالبینۃ انھاولدت منہ وھوکان یملکھا،واقام أخرعلی مثل ذالک ،فھی للذی فی یدہ"۔(2)

مسئلہ 69: "رجل اعتق امتہ ثم خاصمت مولاھاولھاولدوقالت للمولیٰ:اعتقنی قبل الولادۃ،والولدحر،وقال المولیٰ لابل ولدتہ قبل الاعتاق والولد رقیق"۔(3)

مسئلہ 70: "ولوادعی قنافی یدأخر،فقال ذوالیدھوملکی وحررتہ واقام البینۃ فبینۃ ذی الیداولیٰ بالاتفاق"۔(4)

1: ترجیح البینات ،کتاب الدعوی ص 232

2: ترجیح البینات ،کتاب العتاق ص 65

3: ترجیح البینات،کتاب العتاق ص 63

4: ترجیح البینات،کتاب العتاق ص 61

مسئلہ نمبر 71: غلام کے گواہ کہ میں فلاں کا آزاد کردہ غلام ہوں، بہتر ہیں اس شخص کے گواہوں سے جس کے قبضے میں غلام ہے اور گواہ پیش کرتا ہو کہ یہ فلاں غائب شخص کی ملکیت ہے اور میرے ساتھ بطور امانت چھوڑ دیا ہے۔ اور اگر بعد میں وہ فلاں شخص غائب آگیا اور گواہ پیش کئے کہ اس غلام کو میں نے اس کے ساتھ بطور امانت چھوڑ دیا تھا تو یہ گواہی قبول نہیں۔

مسئلہ نمبر 72: بیٹی کے گواہ کہ میرا باپ حرالاصل تھا بہتر ہے مدعی کے گواہوں سے کہ وہ میرا غلام تھا میں نے آزاد کیا تھا لہذا ورثے کا حقدار میں ہوں۔

مسئلہ نمبر 73: کسی عورت کے گواہ کہ مجھے مدبر کرتے وقت میرا مولی عقل منداور ہوشیار تھا معتبر ہیں مولی کے ورثاء کے گواہوں سے کہ اس کا عقل اسی وقت صحیح نہیں تھا یعنی مجنون تھا۔

مسئلہ نمبر 74: دو افراد نے دعوی کیا اور گواہ پیش کئے کہ زید میرا غلام تھا اور میں نے آزاد کیا تھا تو زید کا ورثہ اور ولاءٔ دونوں کیلئے ثابت ہوگا۔

مسئلہ 71: "اذااقام عبد البینۃ علی الذی فی یدیہ ان فلانااعتقہ وھویملکہ،واقام الذی فی یدیہ البینۃ انہ لفلان الغائب اودعہ عندہ،فانہ یقضی بالعتق فان قدم فلان الغائب واقام البینۃ انہ عبدہ لاتقبل بینۃ"(1)

مسئلہ 72: "رجلامات وترک عبداوبنتا،فاقام البینۃ انہ کان عبدہ ،فاعتقہ وان الامۃ لہ واقامت البنت البینۃ انہ کان حرالاصل،ذکر فی ولاء الاصل ان البینۃ بینۃ البنت"۔(2)

مسئلہ 73: "امۃ اقامت بینۃ ان مولاھا دبرھا فی مرض موتہ وھوعاقل،واقامت الورثۃ بینۃ انہ کان مخلوط العقل فبینۃ الامۃ اولیٰ"۔(3)

مسئلہ 74: "اذادعی شخصان ولاء میت وبرھن کل واحدمنھماانہ اعتقہ یقضی بالولاء والمیراث لھما"۔(4)

1: ترجیح البینات،کتاب العتاق ص 62

2: قاضی خان ،کتاب الدعوی، فیمایبطل الدعوی، ج2 ص 418

3: ترجیح البینات،کتاب العتاق ص 65

4: ترجیح البینات ،کتاب العتاق،ص 67

مسئلہ نمبر75: مدعی کے گواہ کہ یہ غلام میرا ہے میری ملکیت میں پیدا ہوا ہے معتبر ہیں صاحب قبضہ کے گواہوں سے کہ یہ میرا غلام ہے اور میں نے آزاد کیا ہے اسی حال میں کہ اس کا مالک میں تھا۔

مسئلہ نمبر76: لونڈی کے گواہ کہ میں فلاں کا آزاد کردہ لونڈی ہوں بہتر ہیں صاحب قبضہ کے گواہوں سے کہ اس کو میں نے فلاں سے بیع پر لی تھی، لیکن اگر اس کا قبضہ ایک بدیہی امر ہو تو پھر صاحب قبضہ کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر77: لونڈی کے گواہ کہ میں فلاں کے آزادہ کردہ لونڈی ہوں بہتر ہیں مدعی کے گواہوں سے کہ یہ میری لونڈی ہے صاحب قبضہ نے مجھ سے غصب کی تھی۔

مسئلہ نمبر78: دو افراد نے دعوی کیا اور گواہ پیش کئے کہ یہ میرا آزاد کردہ غلام ہے تو جس کیلئے غلام نے اقرار کیا اس کے گواہ بہتر ہیں اور اگر غلام دونوں کا تکذیب کر رہا تھا تو غلام کے میراث میں دونوں برابر شریک ہونگے۔

مسئلہ نمبر79: مکاتب غلام اور مولیٰ مکاتبت کے صحیح اور فاسد ہونے میں مختلف ہو گئے تو فساد کے دعوی کرنے والے کے گواہ معتبر ہیں اور اگر اس کے گواہ نہ ہو تو صحت کے مدعی کا قول بہتر ہے۔

مسئلہ 75: "عبدفی یدرجل اقام البینۃ انہ عبدہ اعتقہ وھویملکہ ،واقم رجل البینۃ انہ عبدہ ولد فی ملکہ قالوا:الولادۃ اولیٰ"(1)

مسئلہ 76: "بینۃ الامۃ علی اعتاق رجل اولیٰ من بینۃ ذی الیدعلی شرائھامن الرجل الااذاکان فی یدالمشتری قبض معاین"۔(2)

مسئلہ 77: "لواقامت الجاریۃ البینۃ علی رجل انھاملکہ اعتقھاواقام الاخرالبینۃ لہ اعتصبھاالذی فی یدیہ کان العتق اولیٰ"۔(3)

مسئلہ 78: "عبد فی ید رجل اقام الذی فی یدیہ البینۃ انہ اعتقہ ،وھویملکہ ،واقام الاخرالبینۃ انہ اعتقہ وھو یملکہ ،فان صدق العبد احدھمافبینۃ اولیٰ، وان کذبھاجمیعا،یقضی بولاتہ بینھمانصفین"۔(4)

مسئلہ 79: "ولواختلف المولیٰ مع المکاتب فی صحۃ الکتابۃ وفسادھافالقول لمن یدعی الصحۃ ،والبینۃ بینۃ من یدعی الفساد"۔(5)

1: فتاوی قاضی خان ،کتاب الدعوی۔ج 2 ص 324
2: خلاصۃ الفتاوی ،کتاب العتق ج 4 ص 453
3: فتاوی قاضی خان ،کتاب الدعوی،ج 2 ص 324
4: فتاوی قاضی خان ،کتاب الدعوی ،ج2 ص 323
5: ترجیح البینات، ص 68

مسئلہ نمبر 80:		دوافراد نے دعوی کیااور ہر ایک نے گواہ پیش کئے کہ میں نے اس غلام کو ایک ہزار روپے کے بدلے آزاد کیا تو اس میں غلام کی تصدیق کی ضرورت نہیں اور ولاء دونوں کیلئے ہو گا۔

مسئلہ نمبر 81:		غلام کے گواہ کہ اس نے مجھے آزاد کیا ہے بہتر ہیں مولی کے گواہوں سے کہ تم میرا غلام ہو۔

مسئلہ نمبر 82:		مولیٰ کے گواہ کہ اس نے مال آزاد ہونے سے پہلے حاصل کیا تھا، (تو یہ مال میرا ہے) بہتر ہیں غلام کے گواہوں سے کہ یہ مال میں نے آزاد ہونے کی حالت میں حاصل کی ہے (تو میرا ہے)۔

مسئلہ نمبر 83:		موالات کے ولاء کا دعوی کرنے والے کے گواہ بہتر ہیں موالات عتاق کے گواہوں سے (مثلاایک مدعی کہتا ہو کہ فلاں میت جس کا کوئی دوسرا وارث نہیں میں نے اس سے موالات یعنی دوستی کی تھی۔ لہذا میراث کا حقدار میں ہوں اور دوسرا مدعی دعوی کریں کہ وہ غلام تھا میں نے آزاز کیا تھا تو میراث میرا حق ہے تو موالات کے گواہی کرنے والے معتبر ہیں)۔

مسئلہ نمبر 84:		حریت کے گواہ بہتر ہیں غلامی کے گواہوں سے۔

مسئلہ نمبر 85:		کسی بالغ لڑکے اور وہ چھوٹا لڑکا جو باتیں کر سکتا ہوں کے گواہ کہ میں آزاد ہوں معتبر ہیں صاحب قبضہ کے گواہوں سے کہ یہ میرا غلام ہے۔

مسئلہ 80:	"بینۃ کل من المدعیین علی اعتقاق عبد بالف واقام البینۃ فلاحاجۃ الی تصدیق العبدوولاءہ لھما"۔(1)
مسئلہ 81:	"بینۃ العبدعلی اعتاق المولیٰ اولیٰ من بینۃ مولاہ علی رقہ "۔(2)
مسئلہ 82:	"بینۃ المولیٰ علی انہ یحصل المال حال رق العبد اولیٰ من بینۃ العبد علی انہ یحصل حال عتقہ"۔(3)
مسئلہ 83:	"بینۃ من یدعی ولاء الولاء اولیٰ من بینۃ من یدعی ولاء العتق"۔(4)
مسئلہ 84:	"بینۃ الحریۃ الاصلیۃ اولی من بینۃ الرق" 5)
مسئلہ 85:	"بینۃ الغلام البالغ اوالصغیرالممیزعلی حریتہ اولیٰ من بینۃ ذی الیدعلی انہ عبدہ"۔(6)

1: بزازیہ ،کتاب الدعوی،باب دعوی الرق والحریۃ ج2 ص 264
2: ترجیح البینات ،کتاب العتاق، ص 69
3: ترجیح البینات،کتاب العتاق، ص 67
4: ترجیح البینات،کتاب الدعوی ،ص 251
5: ترجیح البینات ،کتاب الدعوی ،ص 250
6: ترجیح البیانت،کتاب الدعوی ، ص 198

فصل دوم

(وقف کے مسائل)

فصل دوم:

وقف کے مسائل

مسئلہ نمبر 86: مدعی کے گواہ کہ یہ گھر زید نے مجھے وقف مطلق سے وقف کیا تھا بہتر ہیں صاحب قبضہ کے گواہوں سے کہ یہ گھر جس نے مجھ پر بیچ دیا تھا اس نے زید سے بیع پر لیا تھا۔اور اگر صاحب قبضہ نے تاریخ کا ذکر کیا اور یہ تاریخ وقف کی تاریخ سے مقدم تھا تو پھر صاحب قبضہ کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر 87: وقف بطناً بعد بطنٍ کے گواہ وقف مطلق کے گواہوں سے بہتر ہیں (مثلا بطنا بعد بطن کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص اپنے بیٹوں کو کوئی چیز وقف کر دیں جو کہ بیٹوں کے بعد پوتوں اور پوتوں کے بعد پڑپوتوں وغیرہ تک وقف ہو)۔

مسئلہ نمبر 88: پہلے تاریخ ذکر کرنے والے کے گواہ کہ یہ گھر مجھے وقف کیا گیا ہے معتبر ہیں وقف کی متولی کے گواہوں سے کہ یہ گھر مسجد کو وقف ہے۔

مسئلہ 86: "ادعی علی رجل ان هذاالدارالتی فی یده وقف مطلق،وذوالیدادعی ان بائعی اشتراها من الواقف،واقام البینة ،فبینة الوقف اولیٰ ،ثم اذااثبت ذوالیدتاریخاسابقاعلی الوقف فبینة اولیٰ"۔(1)

مسئلہ 87: "ولوبرهن اولادالاخ ان الوقف مطلق علیک وعلینافبینة مدعی الوقف بطنابعدبطن اولیٰ"۔(2)

مسئلہ 88: "دارفی یده ،برهن أخرانهاوقف علیه ،وبرهن قیّم الوقف انهاللمسجدفان ارخافللسابق ،والافینهمانصفان"۔(3)

1: ترجیح البینات ،کتاب الوقف،ص 72

2: ترجیح البینات،کتاب الوقف ص 70

3: ترجیح البینات،کتاب الوقف ص 69

مسئلہ نمبر 89: وقف کے بابت میں قاضی نے جب فیصلہ صادر فرمایا تو یہ حکم سب لوگوں پر لاگو ہوگا۔ تو اگر کسی شخص کے مقبوضہ زمین پر وقف کے متولی نے گواہ کھڑا کیا کہ وقف کا زمین ہے اور قاضی نے صاحب قبضہ کے خلاف حکم کیا اس کے بعد اگر کوئی اور دعوی کر رہا ہو کہ یہ زمین میری ہے تو یہ گواہی قبول نہیں۔

مسئلہ نمبر 90: مدعی غیر قابض کے گواہ کہ یہ میری ملکیت ہے اور قاضی نے اس کیلئے حکم کیا اس کے بعد اگر متولی وقف، وقف پر گواہ قائم کرنا چاہتا ہوں تو یہ گواہی قبول نہیں۔ امام ابویوسفؒ کے نزدیک یہ گواہی قبول ہے۔ لیکن فتوی طرفین کی قول پر ہے۔

مسئلہ نمبر 91: وقف عام کے گواہ معتبر ہیں وقف خاص کے گواہوں سے۔

مسئلہ 89: "لوبرھن المتولی علی وقفیۃ ارض ،وحکم القاضی بوقفیتھاعلی ذی الید،ثم ادعی أخرانہ ملکہ لاتسمع دعواۃ"۔(1)

مسئلہ 90: "فلوبرھن المتولی بعدہ علی الوقف لاتسمع ،وعند ابی یوسفؒ تقبل بینۃ ذی الید علی الوقف ،ولاتقبل بینۃ الخارج وبقولھمایفتی"۔(2)

مسئلہ 91: "بینۃ الوقف علی الاولاد اولیٰ من بینۃ الوقف علی الابنآء"۔(3)

1: ترجیح البینات ،کتاب الوقف ،ص 70

2: ترجیح البینات،کتاب الوقف، ص 71

3: ترجیح البینات ،ص 68

فصل سوم

بیوع کے مسائل

فصل سوم:

بیوع کے مسائل

مسئلہ نمبر92: بائع اور مشتری میں کوئی ایک کسی شرط فاسد یا مدت فاسدہ کی وجہ سے بیع کے فاسد ہونے کا دعوی کر رہا ہو اور دوسرا صحت کا اور دونوں گواہ قائم کریں تو فساد کی بینہ کو ترجیح ہو گی۔

مسئلہ نمبر93: بیع فاسد ہونے کے دعوی دار کے گواہ بہتر ہیں اگر بائع اور مشتری میں سے ایک فساد اور دوسرا صحت کا دعوی دار ہوں۔

مسئلہ نمبر94: گواہ کہ یہ بیع فاسد ہو گئی ہے بہتر ہیں بیع کے صحیح ہونے کے گواہوں سے۔

مسئلہ نمبر95: اس بات کے گواہ یہ بیع اجارہ یا یہ صلح زبردستی کی گئی ہے بہتر ہیں ان گواہوں سے جو رضامندی پر گواہی دے رہے ہو۔

مسئلہ نمبر96: بیعہ قطعی کے گواہوں سے بیع وفاء کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ 92: "اذاختلف المتبایعان،احدهمایدعی الصحۃ والاخر یدعی الفساد،اوشرطا شرطافاسدا او اجلافاسدا،کان القول قول مدعی الصحۃ والبینۃ بینۃ الفساد"۔(1)

مسئلہ 93: "بینۃ الفساداولیٰ من بینۃ الصحۃ فیمااذابرهن المتبایعان علی الصحۃ والفساد"۔(2)

مسئلہ 94: "بینۃ فسادالعقداولیٰ من بینۃ صحۃ العقد"۔(3)

مسئلہ 95: "بینۃ الاکراہ فی البیع والاجارۃ والصلح والاقراراولیٰ من بینۃ الطوع"۔(4)

مسئلہ 96: "بینۃ بیع الوفاء اولیٰ من بینۃ بیع البات"۔(5)

1: ترجیح البینات،کتاب البیع، ص 74

2: ترجیح البینات، کتاب البیوع، ص 97

3: مجمع الفتاویٰ کتاب الدعوی ،فصل فی البیع الفاسد، ص 115

4: الاشباہ والنظائر،کتاب القضاء، ص 184

5: قاضی خان ،کتاب البیوع ،فصل فی احکام البیع الفاسد،ج2 ص 53

مسئلہ نمبر97: رہن کے گواہوں سے بیع کے گواہ بہتر ہیں۔(مثلاً زید گواہ پیش کرتا ہے کہ یہ چیز میں نے بکر سے خریدی ہے اور بکر گواہ پیش کریں کہ یہ میں نے زید کو بطور رہن دی ہے)تو زید کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر98: بائع کے گواہ کہ زید نے یہ چیز مجھے بخوشی بیچ دی تھی بہتر ہیں زید کے گواہوں سے کہ اس بیع میں مجھ پر جبر اور زبردستی کی گئی تھی اور بعض علماء کہتے ہیں کہ جبر کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر99: قیمت کی بابت میں بائع کے گواہ بہتر ہیں۔اور مشتری کے گواہ بہتر ہیں جب دونوں مختلف ہو جائیں بائع کہتا ہوں کہ میں نے دو ہزار روپے میں ایک غلام تمھیں بیچ دیا ہے اور مشتری کہتا ہوں کہ نہیں تم نے ایک ہزار روپے کے بدلے دو غلام مجھے بیچے ہیں ۔(تو حکم کیا جائیگا کہ دو ہزار کے بدلے دو ہیں)۔

مسئلہ نمبر100: بیع کی قیمت میں غبن کے گواہ بہتر ہیں قیمت کے مناسب ہونے کے گواہوں سے۔

مسئلہ 97: "بینۃ البیع اولیٰ من بینۃ الرھن"۔(1)

مسئلہ 98: "بینۃ المشتری علی انہ باع بیعاصحیحااولیٰ من بینۃ البائع انہ باع مکرھاوقیل بینۃ الاکراہ اولیٰ"۔(2)

مسئلہ 99: "وان اختلف فیھمای الثمن والمبیع جمیعابان قال البائع بعت العبدالواحد بالفین وقال المشتری لابل بعت العبدین بالف فحجۃ البائع فی الثمن والمشتری فی المبیع اولیٰ"۔(3)

مسئلہ 100: "ان بینۃ الغبن اولیٰ من بینۃ کون القیمۃ مثل الثمن"۔(4)

:1 فتاوی قاضی خان ،کتاب البیوع ،ج2 ص 44

:2 ترجیح البینات ،کتاب البیوع ص 103

:3 الدررالحکام شرح غررالاحکام ۔باب التحالف،ج،2 ۔ص 339

:4 الدررالحکام شرح غررالاحکام کتاب الشہادات، باب القبول و عدمہ،ج،2 ص 384

مسئلہ نمبر101:   مشتری کے گواہ بہتر ہیں بائع کے گواہوں سے اگر دونوں مختلف ہو جائیں مشتری کہتا ہو کہ میں نے تم سے یہ غلام اور یہ غلام ایک ہزار روپے میں خرید لئے ہیں اور بائع کہتا ہے کہ نہیں بلکہ میں نے تیرا یہ غلام ایک ہزار میں تمھیں بیچ دیا ہے۔

مسئلہ نمبر102:   وصی سے کوئی چیز خریدنے والے کے گواہ کہ یہ چیز میں نے وصی سے اس کے وصی ہونے کے حالت میں خرید لی ہے معتبر ہیں میت کے ورثاء کے گواہوں سے کہ یہ چیز تم نے ایسی حال میں خریدی جب وہ وصی ہونے سے معزول کیا گیا تھا۔اور بعض علماء کہتے ہیں کہ ورثاء کے گواہ بہتر ہیں،اور اسی طرح وکیل کے ذریعے طلاق اور عتاق کا مسئلہ بھی ہے۔

مسئلہ نمبر103:   بائع کے گواہ کہ میں نے اس لڑکے سے بلوغت کی حالت میں کسی چیز کی بیع کی تھی، معتبر ہیں اس لڑکے کے گواہوں سے کہ یہ اس نے مجھ سے میری حالت صغر میں بیع کیا تھا۔

مسئلہ نمبر104:   مشتری نے اقالہ پر گواہ قائم کئے اور بائع نے بیع پر تو اقالہ کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ 101:   "بینۃ المشتری اولیٰ من بینۃ البائع اذاختلفافی البیع اذاقال المشتری اشتریت منک هذالعبدوهذالعبدبالف وقال البائع لابل بعت هذالبعد بالف"۔(1)

مسئلہ 102:   "بینۃ المشتری علی بیع الوصی حال وصایتہ اولیٰ من بینۃ الورثۃ علی بیعہ حال عزلہ،وقیل بینۃ الورثۃ اولیٰ وکذالطلاق والعتاق فی الوکیل بینۃ"۔(2)

مسئلہ 103:   "ولواقام البائع بینۃ انی بعتهافی صغری ،واقام المشتری بینۃ انک بعتهابعدالبلوغ ،فبینۃ المشتری اولیٰ"۔(3)

مسئلہ 104:   "بینۃ المشتری علی الاقالۃ اولیٰ من بینۃ البائع علی البیع"۔(4)

1:    قاضی خان ،کتاب الدعوی ج2 ص:387

2:    قنیۃ المنیۃ ،کتاب الشهادات،باب فی البینتین المتضادین، ص 197

3:    ترجیح البینات، کتاب البیع ص 84

4:    ترجیح البینات،کتاب البیع ،ص 8

مسئلہ نمبر105: بائع کے گوہ کہ میں نے اپنی زمین بیچ دی تھی اسی حالت میں کہ میں چھوٹا بچہ تھا(لہذا بیع نہیں ہوا ہے) بہتر ہیں مشتری کے گواہوں سے کہ تم اسی وقت جوان تھے۔

مسئلہ نمبر106: بائع نے مدعی علیہ کے مقبوضہ کوئی چیز پر گواہ قائم کئے کہ یہ چیز میں نے اس کے باپ سے خریدی ہے یہ گواہ بہتر ہیں مدعی علیہ کے گواہوں سے کہ یہ چیز اس کی موت تک اس کی ملکیت میں تھی۔

مسئلہ نمبر107: اس بات کے گواہ کہ یہ شخص بیع کے دوران ٹھیک تھا اپنے ہوش و حواس میں تھا بہتر ہیں ان سے جو گواہی دیں کہ بیع کے وقت مجنون تھا اور وہ شخص ابھی ہوش و حواس میں کہتا ہو کہ میں اس وقت اپنے ہوش و حواس میں نہیں تھا۔

مسئلہ نمبر108: خیار بیع کی مدت ختم ہونے کے بعد بائع اور مشتری بیع کے فسخ اور صحیح ہونے میں مختلف ہوگئے اور دونوں نے گواہ پیش کئے تو فسخ کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر109: بائع اور مشتری خیار بیع کے مدت کے اندر مختلف ہو گئے بیع کے صحیح اور فاسد ہونے میں اور دونوں کیلئے خیار ہو تو صحت پر گواہی کرنے والے کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ 105: "لوادعی علیہ ارضاواقام البینۃ،فقال المدعی علیہ انی اشتریتھامنک،فقال المدعی نعم،ولکن کنت صبیا،وقال المدعی علیہ بل کنت بالغا واقام البینۃ ،فبینۃ مدعی الصبی اولیٰ"۔(1)

مسئلہ 106: "ادعی انی اشتریتہ من ابیک،وبرھن ذوالیدانہ ملک ابیہ الی موتہ فبینۃ الشرآء اولیٰ"۔(2)

مسئلہ:107: "بینۃ الاقامۃ وقت البیع اولیٰ من بینۃ الجنون اذاانکرالمفیق الافاقۃ وقت البیع"۔(3)

مسئلہ 108: "وان اختلفابعدمضی المدۃ ،فالقول لمدعی الاجارۃ والبینۃ بینۃ الاخر"۔(4)

مسئلہ 109: "ولوکان الخیارلھما،واختلفافی النقض والاجارۃ فی المدۃ فالقول لمدعی النقض والبینۃ للاخر"۔(5)

1: ترجیح البینات،کتاب البیع ص 103

2: جامع الفصولین،الفصل العاشر فی التناقض فی الدعوی ج1 ص 143

3: ترجیح البینات،کتاب البیع ص 104

4: ترجیح البینات،کتاب البیع،ص 126

5: ترجیح البینات، ص 126

مسئلہ نمبر110: جس کیلئے خیار نہ ہواس کے گواہ بہتر ہیں اس سے جس کیلئے خیار ہواسی صورت میں کہ جب دونوں خیار کی مدت کے اندر بیع کی صحت اور فساد پر گواہ قائم کریں۔

مسئلہ نمبر111: زید کے گواہ کہ یہ چیز میں نے بکر سے قیمتاً خریدی ہے، معتبر ہیں خالد کے گواہوں سے کہ یہ چیز بکر نے مجھے ہبہ کی ہے اگر دونوں نے تاریخ ذکر نہیں کیا یا دونوں نے ایک تاریخ ذکر ہے۔اور اگر ایک نے تاریخ ذکر نہیں کیا تو تاریخ ذکر کرنے والا بہتر ہے۔اور اگر دونوں نے مختلف تاریخ ذکر کیا تو پہلے تاریخ والے کے گواہ بہتر ہیں۔اور اگر اسی مسئلے میں ہبہ کے بجائے صدقہ کا دعوی کیا گیا تو اس کا حکم بھی یہی ہے اور اگر دونوں نے ہبہ کا دعوی کیا تو اس کا حکم اس طرح ہے جیسا کہ دونوں قیمتاً خریدنے کا دعوی کریں۔

مسئلہ نمبر112: بائع کے گواہ کہ مبیعہ مشتری کے ہاں ہلاک ہو چکی ہے، بہتر ہیں مشتری کے گواہوں سے کہ مبیعہ بائع کے ہاں ہلاک ہو چکی ہے۔اور اسی طرح حکم ہے استھلاک میں ہے۔

مسئلہ 110: "ولوکان الخیار لاحدھما،واختلفافی الاجازۃ والنقض فی المدۃ فالقول لمن لہ الخیارسوآء ادعی الفسخ اوالاجارۃ،والبینۃ بینۃ الاخر"۔(1)

مسئلہ 111: "لوادعی احدھماھبۃ وقبضامن زید،وادعی الاخرشراءہ من زید،ولم یورخااوارخاسوآء فالشراء اولیٰ،ولوکان العین بیدھما،فھو بینھما، الا ان یؤرخاواحدھمااقدم فھوللاقدم ،والصدقۃ مع الشرآء کالھبۃ مع الشرآء،ولواجتمعت الھبتان فحکمھاحکم ماذااجتمع الشراآن"۔(2)

مسئلہ 112: "اقام البینۃ ان المبیع ھلک فی یدالمشتری واقام المشتری البینۃ انہ ھلک فی یدالبائع ،فالقول للمشتری والبینۃ للبائع ،وکذالواختلفا فی استھلاکہ ای یکون القول للمشتری والبینۃ للبائع"۔(3)

1: ترجیح البینات، کتاب البیع ،ص 126

2: ترجیح البینات،کتاب الھبۃ،ص 148

3: ترجیح البینات ،کتاب البیع ص 125

مسئلہ نمبر113: بائع کے گواہ کہ ہلاک شدہ غلام کی قیمت قبض کرنے کی دن اتنی تھی اور مشتری کہتا ہوں کہ نہیں اتنی تو بائع کے گواہ بہتر ہیں۔[1]

مسئلہ نمبر114: بائع کے معتوہ ہونے کے گواہ بہتر ہیں اس کے عقلمند اور ہوشیار ثابت کرنے کے گواہوں سے۔

مسئلہ نمبر115: ایک بالغ کے گواہ کہ میری انگور کی باغ جو میری وصی نے فلاں شخص پر بیچ دیا لیکن اس بیع میں غبن ہے (یعنی قیمت کم لگایا ہے) بہتر ہیں مشتری کے گواہوں سے کہ اس باغ کی قیمت اس وقت میں وصی کے قیمت کے مطابق تھا۔

---

[1] حاشیہ:۔ مثلاً زید نے بکر سے دو غلام خرید لئے تھے اور پیسے نہیں دیئے تھے اور قبضہ کرنے سے پہلے ان میں ایک ہلاک ہو گیا زید کے ساتھ۔ تو دونوں قیمت میں مختلف ہو گئے۔ تو امام محمدؒ کے قول پر دونوں قسم اٹھائینگے۔ اور قسم کے دونوں کے بیع فسخ ہو جائے گی۔ تو زید بکر کو موجودہ غلام جو زندہ ہے واپس کرے گا اور ہلاک شدہ کی قیمت بھی زید کو دے گا۔ لیکن دیکھا جائے گا کہ قبضہ کے وقت دونوں کی قیمت کتنی تھی۔ اگر دونوں اسی قیمت میں مختلف ہو گئے تو موجودہ غلام کی قیمت میں تو غلام واپس ہو گیا لیکن جو غلام ہلاک ہوا ہے۔ اب زید کہتا ہو کہ ہلاک شدہ غلام کی قیمت قبضہ کی دن پانچ سو تھی اور موجودہ غلام کی ایک ہزار اور بکر اس کے برعکس دعوی کر رہا ہو تو زید کی قول قسم کے ساتھ معتبر ہیں اور گواہ بھی زید کے معتبر ہیں۔ ۱۲ مترجم

مسئلہ 113: "بینۃ البائع علی ان تکون قیمۃ الھالک فی الانقسام یوم القبض اولیٰ من بینۃ المشتری"۔(1)

مسئلہ 114: "کون البائع معتوھا اولیٰ من بینۃ کونہ عاقلا"۔

مسئلہ 115: "وصی باع کرم الصغیر، وبلغ الصغیر، وادعی غبنا، واقام بینۃ علی الذی ادعاہ، واقام المشتری البینۃ ان قیمۃ الکرم فی ذالک الوقت مثل الثمن: فبینۃ الغبن اولیٰ"۔

1: الحلبی، محمدبن ابراھیم المتوفی 956ھ ملتقی البحر، دارالبیروتی، دمشق شام، الطبقۃ الثانیہ 2005ء کتاب الدعوی باب التحالف، ص: 480

2: ترجیح البینات، کتاب الدعوی، ص 193

3: ترجیح البینات، کتاب البیع، ص 83

مسئلہ نمبر116:	مشتری کے گواہ کہ گھر خریدنے کے وقت بائع بلکل ہوشیار اور ٹھیک تھا بہتر ہیں امام ابو یوسفؒ کے نزدیک بائع کے گواہوں سے کہ میں اس وقت مجنون تھا۔

مسئلہ نمبر117:	صاحب قبضہ کے گواہ کہ یہ چیز میں نے مدعی غیر قابض سے خرید لی تھی بہتر ہیں مدعی غیر قابض کے گواہوں سے کہ یہ میری ملکیت ہے۔

مسئلہ نمبر118:	بیع کے گواہ رہن کے گواہوں سے معتبر ہیں۔

مسئلہ نمبر119:	صاحب قبضہ کے گواہ کہ یہ گھر میں نے ربیع الاول میں فلاں پر ایک ہزار روپے کے عوض بیچ دیا تھا بہتر ہیں اس شخص کے گواہوں سے کہ یہ گھر میں نے جمادی الاول میں صاحب قبضہ کو پانچ سو روپے میں بطور رہن دیا تھا۔ یہ حکم شیخین کے نزدیک ہے اور امام محمدؒ کے ہاں رہن کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ 116:	"وعن ابی یوسفؒ ،ادعی شراء الدارمنہ ،فشھدشاھدان انہ کان مجنوناعند ماباعھا،وأخرٰن انہ کان عاقلا،فبینۃ العقل وصحۃ البیع اولیٰ"۔(1)

مسئلہ 117:	"وان اقام الخارج البینۃ علی الملک المطلق وصاحب الید البینۃ علی الشراء منہ کان صاحب الیداولیٰ"۔(2)

مسئلہ 118:	"بینۃ من یدعی شراء شی من رجل اولیٰ من بینۃ من یدعی رھنہ عندہ من ھذالرجل"۔(3)

مسئلہ 119:	"اذاقام ذوالیدالبینۃ علی بیع دارہ من فلان بالف فی ربیع ،واقام فلان البینۃ انہ ارتھنھامنہ بخمسانۃ فی جمادی :فبینۃ البیع اولیٰ عندھما، وقال محمدؒ بینۃ الرھن اولیٰ"۔(4)

1:	(ترجیح البینات،کتاب البیع ، ص 104)

2:	المرغینانی،برہان الدین ابی الحسن علی بن ابی بکرالفرغانی المتوفی 593ھ ،الھدایہ مکتبہ رحمانیہ لاہور،کتاب الدعویٰ ،باب دعوی الرجلین،ج3 س 229

3:	قاضی خان ،کتاب الدعوی،ج 2ص 324

4:	ترجیح البینات، کتاب الرہن ص 174

مسئلہ نمبر120:   ایک مدعی نے صاحب قبضہ کے علاوہ کسی اور پر دعوی کیا کہ یہ گھر میں نے اس سے قیمتا خرید لیا ہے، دوسرے مدعی نے کسی اور سے ہبہ کرنے اور قبضہ کرنے کا دعوی کیا، تیسرے مدعی نے کوئی اور دکھایا کہ اس نے مجھے صدقہ کیا ہے اور میں نے قبض کیا۔ چوتھے مدعی نے دعوی کیا کہ یہ گھر مجھے اپنے والد سے وارثت میں مل گیا ہے اور سب نے گواہی پیش کی تو گھر چہار حصوں میں تقسیم کیا جائیگا اور ہر ایک کو ایک ایک حصہ ملے گا۔ اور اگر چہاروں نے ایک شخص ذکر کیا تو پھر قیمتا خریدنے والے کیلئے حکم کیا جائیگا۔

مسئلہ نمبر121:   مقروض شخص کے موت کے بعد قرض دینے والے نے گواہ پیش کئے کہ میت کے ورثاء نے جو چیز بیچ دی وہ اسی حال میں کہ ترکہ قرض سے خالی نہیں تھی۔ تو یہ گواہ بہتر ہیں میت کے ورثاء کے گواہوں سے کہ وہ چیز اس نے اپنی زندگی میں حالت صحت میں بیچ دی تھی۔

مسئلہ نمبر122:   صاحب قبضہ کے گواہ کہ یہ چوپایہ میں نے زید سے بیع پر لیا ہے جو کہ اس کی ملکیت میں پیدا ہوا تھا بہتر ہیں مدعی غیر قابض کے گواہوں سے کہ میں نے بکر سے خریدا تھا اور س کے ساتھ پید ہوا تھا۔

مسئلہ 120:   "دارفی یدرجل،فاقام رجل البینۃ انہ اشتراھامن فلان غیرذی الیدبالف درھم،وھویملکھا،ونقدہ الثمن ،واقام اخرالبینہ ان فلان اخروھبنامنہ وقبضھا،واقام البینۃ علی الصدقۃ من رجل أخر،واقام أخرالبینۃ انہ ورثھامن ابیہ ،فان القاضی یقضی بینھم ارباعا، وان ادعواذالک من رجل واحد،یقضی للمشتری وترجح بینۃ البیع"۔(1)

مسئلہ 121:   "برھن الدائن علی ان الورثۃ باعواعینامن الترکۃ المستغرقۃ وبرھن الوارث علی ان المیت کان باعہ فی صحتہ وقبض ثمنہ،فبینۃ الدائن اولیٰ"۔(2)

مسئلہ 122:   "بینۃ ذی الیدعلی اشتراء دابۃ نتجت فی ملکہ اولیٰ من بینۃ الخارج علی شراء ھذہ الدابۃ من رجل أخرنتجت فی ملکہ"۔(3)

1:     قاضی خان ،کتاب الدعوی ،فصل فی دعوالملک بسبب ج2 ص 345

2:     بزاریہ ،کتاب الدعوی ،نوع فی دعوی الدین فی الترکۃ ،ج2 ص 346

3:     بزاریہ ،کتاب الدعوی ،نوع فی دعوالدین فی الترکۃ ،ج 2 ص 346

مسئلہ نمبر 123:   صاحب قبضہ اور مدعی غیر قابض دونوں کسی سے کوئی چیز خریدنے کا دعوی کریں اور وہ ان میں سے کسی ایک کے قبضہ میں ہو اور دونوں نے گواہ پیش کیئے تو صاحب قبضہ کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر 124:   صاحب قبضہ کے گواہ کہ یہ غلام میں نے دو افراد پر دو ہزار روپے میں بیچ دیا ہے بہتر ہیں ان دو افراد میں سے کسی ایک کے گواہوں سے کہ یہ میں نے ایک ہزار میں خریدا ہے۔

مسئلہ نمبر 125:   صاحب قبضہ کے گواہ کہ جس وقت میں اس لڑکے کے ولی سے گھر خرید رہا تھا تو یہ نابالغ تھا بہتر ہیں مدعی غیر قابض کے گواہوں سے کہ میں اس وقت بالغ تھا، (مثلاً ایک مدعی بے قبضہ کے پر اپنی ملکیت کا دعوی کریں کہ جس وقت میرے باپ یہ گھر تمھیں بیچ رہا تھا میں بالغ تھا اور اس بیع پر راضی نہیں اور صاحب قبضہ گواہ پیش کریں کہ تم اس وقت نابالغ تھے تیرے لئے اختیار نہیں تھا تو زید کی بات معتبر ہے۔

نمبر 126:   ایک مدعی بے قبضہ نے دعوی کیا کہ یہ میں نے فلاں سے بیع پر لیا ہے اور قبض کیا ہے۔ اور دوسرا مدعی دعوی کریں کہ یہ میری ملکیت ہے اور دونوں جانبین گواہی پیش کی گئی تو دونوں میں برابر تقسیم کیا جائیگا۔

مسئلہ 123:   "لوادعیاالشراء عین من رجل ،واقام کل واحد منهماالبینۃ انہ اشتراہ من فلان بکذا،وکان المبیع فی ید احدهما،کان هواولیٰ"۔(1)

مسئلہ 124:   "عبد فی یدرجلین،اقام البینۃ علی رجلین،انہ باعہ منهمابالفیٔ درهم واقام احدالرجلین البینۃ انہ اشتریٰہ منہ فالف درهم یقضی ببینۃ الذی العبد فی یدیہ"۔(2)

مسئلہ 125:   "ادعی داروقال انہ ملکی باعہ ابی منک حال بلوغی وقال ذوالیدحال صغرک فالقول للمدعی"۔(3)

مسئلہ 126:   "بینۃ احدالخارجین انہ اشتراہ من فلان قبضہ والاخربینۃ انہ لہ فهو بینهما نصفان"۔(4)

1:   قاضی خان ،کتاب الدعوی ،فصل فی دعو ی النکاح ،ج: 2 ص 359

2:   قاضی خان ،کتاب الدعوی،فصل فی دعوالرجلین،ج2 ص 318

3:   جامع الفصولین ،الفصل العاشر التناقض فی الدعوی ۔ج1 ص 139

4:   ترجیح البینات،کتاب البیع ص 103

مسئلہ نمبر 127:   بائع نے مبیعہ کی قیمت زیادہ ہونے پر گواہ پیش کئے اور مشتری نے گواہ پیش کئے کہ قیمت وہی ہے جس کا میں مدع ہو تو بائع کے گواہ متعبر ہیں۔

مسئلہ نمبر 128:   بائع کے گواہ کہ ہم نے قیمت میں مروجہ سکے مقرر کئے تھے بہتر ہیں مشتری کے گواہوں سے کہ قیمت میں کوٹہ سکے مقرر کئے گئے تھے۔

مسئلہ نمبر 129:   بائع کے گواہ کہ ہم نے قیمت میں دنانیر ذکر کئے تھے بہتر ہیں مشتری کے گواہوں سے کہ ہم نے دراہم کا ذکر کیا تھا۔

مسئلہ نمبر 130:   مشتری نے بائع سے مبیعہ میں زیادت کا دعوی کیا اور گواہ پیش کئے تو اس کے گواہ بہتر ہیں بائع کے گواہوں سے کہ میں کی ُچیز بیچ دی ہے جس کا میں دعوی کر رہا ہوں۔

مسئلہ نمبر 131:   صاحب ید کے گواہ کہ یہ گھر میں نے اپنے والد سے اس کے تندرستی کی حالت میں خرید لیا ہے معتبر ہیں صاحب ید کے بھائی کے گواہوں سے جو صاحب قبضہ نہیں ہے کہ یہ گھر ہمارے باپ کا تھا اور ہم دونوں کو ورثے میں مل گیا ہے۔

مسئلہ 127:   اذاختلف المتبایعان فی قدالثمن بان ادعی المشتری ثمناوادعی البائع اکثرمنہ حُکِمَ لمن برھن ،وان برھناحُکِم لمثبت الزیادۃ"۔(1)

مسئلہ 128 :   بینۃ البائع علی کون الثمن رائجاجاًاولیٰ من بینۃ المشتری علی کونہ کاسداً"۔(2)

مسئلہ 129:   بینۃ البائع علی کون الثمن باالدنادنیراولیٰ من بینۃ المشتری علی کونہ بالدراھم"۔(3)

مسئلہ 130:   بینۃ المشتری علی کون المبیع اکثرمماادعاہ البائع اولیٰ من یبنۃ البائع علی کون المبیع بماادعاہ"۔(4)

مسئلہ 131:   دار فی یدرجل،جاء اخوہ،فادعی ان الدار کانت لابیھافلان ،مات وترکھامیراثالھماوطلب الشرکۃ فلمااقام المدعی البینۃ علی ماقال ، اقام ذوالیدالبینۃ انہ کان اشتراھامن ابیہ فی صحتہ قبلت بینۃ ،وبطلت بینۃ المدعی"۔(5)

1: ترجیح البینات،کتاب البیع، ص 105
2: ترجیح البینات،کتاب البیع ،ص 104
3: ترجیح البینات،کتاب البیع ،ص 104
4: ترجیح البینات،کتاب البیع ،ص104
5: ترجیح البینات،کتاب البیع ،ص 114

مسئلہ نمبر132: زید صاحب ید کے گواہ کہ ہمارے باپ نے حالت صحت میں اقرار کیا تھا کہ یہ گھر میں نے زید پر بیچ دیا ہے اور اس کے بھائی جو صاحب ید نہیں ہے گواہ پیش کریں کہ یہ گھر ہمارے باپ کا تھا، اور ہم دونوں کے ورثے میں مل گیا ہے تو زید صاحب ید کے گواہ معتبر ہیں۔

مسئلہ نمبر133: مدعی غیر قابض کے گواہ کہ فلاں گھر ہم دونوں کو باپ سے وراثت میں مل گیا ہے بہتر ہیں صاحب قبضہ کے گواہوں سے کہ یہ گھر میں نے اپنے باپ سے اس کے حالت صحت میں خرید لیا ہے لیکن یہ حکم تب ہے جب صاحب قبضہ نے گواہوں کے گواہی سے پہلے اقرار کیا ہو کہ اس گھر میں میرے باپ کا کوئی حق نہیں تھا۔

مسئلہ نمبر134: صاحب قبضہ نے گواہ پیش کئے کہ اس مدعی غیر قابض نے فلان غائب شخص پر وہ گھر اتنے میں بیچ دیا ہے یہ گواہ بہتر ہیں مدعی غیر قابض کے گواہوں سے کہ یہ گھر میرا ہے اور اس کی گواہی سے اس غائب شخص کیلئے بیع ثابت نہیں ہوا اور اگر گواہی ایسی دی جائے کہ فلاں غائب نے قبض بھی کیا ہے تو پھر بیع ثابت ہو جائے گی۔

مسئلہ 132 دارفی یدرجل،جاء اخوه وادعی ان الدارکانت لابیهافلان مات وترکهامیراثالهما،وطلب الشرکة فلمااقام المدعی البینة علی ماقال ،اقام ذوالیدالبینة ان اباه اقرله بهافی صحته،قبلت بینة ،وبطلت بینة المدعی"۔(1)

مسئلہ 133 ولوکان المدعی علیه ،حین ادعی الاخ ،اجاب وقال ،لم یکن لابی فیهاحق قط،فلمااقام المدعی البینة ،اقام هوالبینة انه اشترها فی صحته لاتقبل"۔(2)

مسئلہ 134: رجل ادعی دارافی ید رجل انهاله واقام المدعی علیه البینة ان المدع باع هذه الدارمن فلان الغائب بکذاقبلت بینة ،وبطلت بینة المدعی ولایثبت الشرآء فی حق الغائب ،الاان یشهدالشهود ان المدعی باعهامن فلان الغائب وقبضهاالغائب منه"۔(3)

1: ترجیح البینات،کتاب البیع، ص 115

2: ترجیح البینات،کتاب البیع، ص 115

3: ترجیح البینات ،کتاب البیع، ص 114

مسئلہ نمبر 135:   صاحب قبضہ نے پہلے کہا تھا کہ میں نے اس گھر کو مدعی غیر قابض فروخت نہیں کیا ہے۔اور اب کہتا ہے کہ اس مدعی نے گھر کو مجھے واپس کر دیا تھا اور گواہ پیش کئے تو یہ بہتر ہیں مدعی غیر قابض کے گواہوں سے کہ اس گھر کو میں نے ذوالید سے ایک ہزار روپے میں خرید لیا ہے۔اور بیع فسخ ہو جائے گی۔

مسئلہ نمبر 136:   مذکورہ مسئلے میں اگر صاحب قبضہ نے پہلے ایسا کہا تھا کہ ہمارے درمیان سرے سے بیع نہیں ہوئی تھی تو بھی یہی حکم ہے کہ ذوالید کے گواہ کو ترجیح ہو گی۔

مسئلہ نمبر 137:   ایک مدعی نے زید سے کسی چیز بیع صحیح پر خریدنے کا دعوی کیا اور دوسرے مدعی نے بیع فاسد پر، تو صحت کے بینہ کو ترجیح ہو گی۔

مسئلہ نمبر 138:   مدعی غیر قابض نے گواہ پیش کئے کہ یہ لونڈی میں نے ذوالید سے ایک ہزار روپے میں خرید لی ہے اور ذوالید کہیں کہ یہ میں نے نہیں بیچی ہے۔اور مدعی غیر قابض نے قاضی کے حکم کے بعد اس میں کوئی عیب پایا اور ارادہ کیا کہ لونڈی کو بائع کے حوالہ کریں۔اور بائع گواہ پیش کریں کہ میں نے بیع کے وقت ہر قسم عیب سے ابراء کیا تھا اور تم نے تسلیم کیا تھا تو یہ گواہ قبول نہیں اور امام ابو یوسفؒ کے ہاں قبول ہیں۔

مسئلہ 135:   دارفی یدرجل ،ادعی رجل انہ اشتراھامنہ بالف درھم،فقال ذوالیدلم ابع،فلمااقام المدعی البینۃ علی ماداعی ،اقام ذوالیدالبینۃ عی ان المدعی ردعلیہ الدار،تقبل بینۃ، وینقض البیع بینھما"۔(1)

مسئلہ 136:   وکذالوقال لم یجزبیننابیع، فلمااقام المدعی البینۃ علی الشراء اقام ھوالبینۃ ان المدعی ردعلیہ الدار،تقبل بینۃ"۔(2)

مسئلہ 137:   ادعیاشیئافی یدثالث ،فاقام احدھمابینۃ علی الشراء الصحیح ،والاخربینۃ علی الشراء الفاسد منہ فبینۃ الصحۃ اولیٰ"۔(3)

مسئلہ 138:   ولوادعی رجل علی رجل انہ باع منی ھذاالجاریۃ بالف درھم ،وقال ذوالیدلم ابعھاقط منہ،فلمااقام المدعی البینۃ علی الشراء ،قضی لہ بالجاریۃ ،وجدبھااصبعازائدۃ ،وارادان یردھاعلی المقضی علیہ وقال المقضی علیہ انہ بریٔ من کل عیب بھا،لاتقبل بینۃ وعند ابی یوسفؒ انھا تقبل"۔(4)

1:    ترجیح البینات، کتاب البیع ص 115

2:    ترجیح البینات،کتاب البیع ص 116

3:    ترجیح البینات،کتاب البیع،ص 119

4:    ترجیح البینات،کتاب البیع، ص 116

مسئلہ نمبر139:	مدعاعلیہ کے گواہ اولیٰ ہے کہ مدعی نے اس گھر کو اپنی بیوی پر بیچ دیا ہے مدعی کے گواہوں سے کہ یہ میرا گھر ہے۔

مسئلہ نمبر140:	زید نے اپنی زمین کو بکر اور پھر خالد پر بھیج دیا۔اب خالد گواہ پیش کرتا ہے بکر پر کہ وہ زمین جو تم نے خریدی ہے بیع کے وقت میرے پاس قرض میں بطور رہن پڑی ہوئی تھی۔تو تیرے لئے خرید ناجائز نہیں تھا۔اور بکر گواہ پیش کریں کہ اس وقت تمہاری قرض ختم ہو چکی تھی تو بکر کے گواہی قبول ہے۔

مسئلہ نمبر141:	مدعی غیر قابض کے گواہ کہ یہ چیز میری ہے اولیٰ ہیں صاحب قبضہ کے گواہوں سے کہ یہ تم نے مجھ سے خرید لی تھی لیکن بعد میں ہم نے اقالہ کیا تھا۔

مسئلہ نمبر142:	مدعی غیر قابض دعوی کریں کہ یہ گھر میرا ہے اور صاحب قبضہ دعوی کریں کہ فلاں غائب شخص نے اس مدعی غیر قابض سے گھر خرید لیا ہے اور مجھے اس کا وکیل کیا ہے تو یہ گواہ قبول ہے۔اور مدعی صاحب قبضہ کے ساتھ جھگڑا نہیں کر سکتا۔

مسئلہ 139:	"ادعی علیہ داراانھاملکہ،واثبت بالبینۃ ،ثم اقام المدعی علیہ البینۃ ،ان المدعی باعھامن زوجتہ ،وباعتھاھی منی تسمع"۔(1)

مسئلہ 140:	"باع ارضہ من رجل،ثم باعھامن اخر،فاقام الثانی علی الاول بینۃ انھاکانت رھناعندی وقت شرائک ،فکان باطلا فاقام الاول بینۃ ان دینک کان مقضیاوقت الشراء لم تسمع،وقیل ھو رفع فتسمع"۔(2)

مسئلہ 141:	"ادعی ملکامطلقاوبرھن ،فبرھن ذوالیدانک اشتریتہ منی ثم اقلناہ لایندفع اذکل منھما یدعی ملکامطلقافبینۃ الخارج اولیٰ"۔(3)

مسئلہ 142:	"دارفی ید رجل ادعی رجل انھالہ ،واقام البینۃ واقام الذی فی یدیہ البینۃ ،ان ھذاالدارلفلان الغائب اشترھامن المدعی ،ووکلنی بھا، تقبل بینۃ وتندفع عنہ الخصومۃ"۔(4)

1:	ترجیح البینات، ص 116

2:	ترجیح البینات۔کتاب البیوع، ص (120

3:	ترجیح البینات ،کتاب البیوع، ص 121

4:	ترجیح البینات،ص 122

مسئلہ نمبر 143:   اگر قائم کیا غیر قابض اور قابض میں سے ہر ایک نے گواہ گھریلو پیدائش پر اور بیع پر تو قبضہ والا زیادہ بہتر ہو گا۔

مسئلہ نمبر 144:   دو مدعی غیر قابض نے کسی سے گھر خریدنے کا دعوی کیا اور ہر ایک نے گواہ پیش کئے اور صاحب قبضہ دونوں کے دعوی سے انکار کر رہا ہو تو حکم کیا جائے گا دونوں کے درمیان آدھے آدھے حصے کا، یہ حکم تب ہے جب دونوں نے تاریخ کا ذکر نہ کی ہو یا ایک تاریخ ذکر کی ہو۔ اور اگر دونوں نے تاریخ پر بینہ قائم کیا تو مقدم تاریخ والا اولی ہو گا۔ اور اگر دونوں کیلئے تاریخ نہ ہو اور ان میں سے ایک قابض ہو تو قابض کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر 145:   بائع کے گواہ کہ میں لونڈی کو غلام کی عوض بیچے ہے اولی ہے مشتری کے گواہس سے کہ میں نے لونڈی کو ایک ہزار روپے کے عوض میں خریدی ہے۔

مسئلہ نمبر 146:   اگر دونوں نے بینہ قائم کیا زید سے خریدنے پر اور دونوں کے پاس تاریخ نہیں ہے تو دونوں کیلئے آدھی آدھی چیز کا فیصلہ کیا جائے گا۔

مسئلہ نمبر 147:   اگر دونوں میں ہر ایک نے بینہ قائم کیا کہ خریدنے پر دوسرے سے اور دونوں میں سے کسی ایک نے بیع کا تاریخ ذکر کیا تو دونوں برابر ہیں۔

مسئلہ 143:   "بینۃ ذی الید علی انہ عبدہ اشتراہ من فلان الذی فی ملکہ"۔(1)

مسئلہ 144:   "برھن کل واحدمن الرجلین علی ان الداراشترھامن ذی الید ونقد الثمن وھو ینکر،فاالداریقضی بینھمانصفین ان لم یؤرخاواورخا وتاریخھماسوآء، وان ارخاواحدھمااسبق فھو اولیٰ وان لم یؤرخاوالدارفی ید احدھمافصاحب الید،وان ارخ احدھماوللاخر ید فصاحب الید اولیٰ۔(2

مسئلہ 145   "بینۃ البائع علی بیع جاریۃ باالعبداولیٰ من بینۃ المشتری علی ان یکون ببیعھابالف"۔(3)

مسئلہ 146   "اعیاالشراء من واحدولم یؤرخااوارخاسوآء فبینھمانصفان"۔(4)

مسئلہ 147   "ادعیاالشراء من رجلین ووقت احدھماالاالاخریقضی بینھما"۔(5)

1:   ترجیح البینات، ص 123

2:   ترجیح البینات، ص 117

3:   ترجیح البینات ، ص 117

4:   ترجیح البینات، ص 119

5:   ترجیح البینات، ص 113

مسئلہ نمبر149: بائع اور مشتری مبیعہ کے ہلاک ہونے میں مختلف ہوگئے اور ایک دوسرے پر ہلاکت کا دعوی کیا تو بائع کے بینہ کو ترجیح ہوگی۔

مسئلہ نمبر150: مقدم تاریخ کے گواہ بہتر ہیں اگر دونوں ایک شخص سے خریدنے کا دعوی کریں، اور اگر دونوں جدا جدا شخص سے خریدنے کا دعوی کریں تو پھر دونوں کے گواہ برابر ہیں۔

مسئلہ 149: "اقام البائع البینۃ ان المبیع ھلک فی یدالمشتری،واقام المشتری البینۃ انہ ھلک فی یدالبائع فالقول للمشتری والبینۃ للبائع"۔(1)

مسئلہ 150: "بینۃ التاریخ الاسبق اولیٰ من بینۃ المشتری اذاادعیاالشرآء من واحد بخلاف مااذاادعیاالشراء من رجلین"۔(2)

1: ترجیح البینات،کتاب البیع، ص 125

2: ترجیح البینات، ص 119

فصل چہارم

(سلم اور شفعہ کے مسائل)

فصل چہارم:

سلم اور شفعہ کے مسائل

مسئلہ نمبر151: مسلم الیہ اور رب السلم {1} مبیعہ کی اندازہ کرنے میں یا س کی جنس اور صفت میں مختلف ہو گئے تو مسلم الیہ کے گواہ کو ترجیح ہو گی۔

مسئلہ نمبر152: رب السلم او مسلم الیہ اگر راء س المال کے اندازہ کرنے میں مختلف ہو گئے تو رب السلم کے گواہ بہتر ہیں۔

{1}: باب السلم میں بائع کو مسلم الیہ ور مشتری کو رب السلم کہتے ہیں۔۱۲مترجم

مسئلہ 151: "اختلفافی قدرالمسلم فیہ،اوجنسہ ،او صفتہ اوذرعانہ واقام البینۃ قضی لرب السلم"۔(1)

مسئلہ 152 :"وان اختلفافی راءس المال واقام البینۃ قضی للمسلم الیہ "۔(2)

:1 ترجیح البینات، کتاب البیع ص 126

:2 ترجیح البینات، ص 126

شفعہ کے مسائل:

مسئلہ نمبر153: شفیع کے گواہ کہ یہ آبادی، درخت یا فصل جو اس بیچی گئی زمین میں ہے یہ پہلے سے موجود ہے بہتر ہیں مشتری کے گواہوں سے کہ یہ چیزیں اس میں پہلے سے نہیں تھے بلکہ میں نے آبادی کی ہے یا فصل کاشت کیے۔

مسئلہ نمبر154: مشتری کے گواہ کہ میں نے اس آبادی کو بیع پر لی ہے، اور یہ صحن جس میں آبادی واقع ہے یہ بھی میں نے خریدا ہے توامام ابویوسفؒ کے ہاں شفیع کے گواہوں سے بہتر ہیں اور امام محمدؒ کے ہاں شفیع کے گواہوں کو ترجیح ہوگی۔

مسئلہ نمبر155: شفیع کے گواہ کہ یہ گھر صاحب قبضہ نے کسی سے ایک ہزار روپے میں خرید لیا ہے بہتر ہیں صاحب قبضہ کے گواہوں سے کہ یہ گھر فلاں نے میرے ساتھ امانت کے طور پر رکھا ہے۔

مسئلہ نمبر156: اگر شفیع اور مشتری مبیعہ کی قیمت کے اندازہ کرنے میں مختلف ہوگئے تو طرفینؒ کے نزدیک شفیع کے گواہ بہتر ہیں اور امام ابویوسفؒ کے ہاں مشتری کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ 153: "ولوقال المشتری احدثت فیھاھذاالبناء والشجروالزرع وکذبہ الشفیع،فالقول للمشتری، وان اقام البینۃ فبینہ الشفیع اولیٰ"۔(3)

مسئلہ 154: "ولوقال المشتری اشتریت البناء ،ثم العرضۃ ،فلاشفعۃ بک فی البناء ،وقال الشفیع لابل اشتریتھاجمیعا،فالقول للمشتری مع یمینہ علی العلم والبینۃ بینۃ المشتری عند ابی یوسفؒ ،وعند محمدؒ بینۃ الشفیع اولیٰ"۔(4)

مسئلہ 155:" دارفی ید رجل اقام البینۃ ان فلانااودعھاایاہ،واقام الشفیع البینۃ انہ اشترھامن اخربالف قضی لہ بالشفعۃ"۔(1)

مسئلہ 156: "اختلف الشفیع والمشتری فی قدرالثمن فالقول للمشتری مع یمینہ والبینۃ للشفیع عندھماوعندابی یوسفؒ البینۃ للمشتری"۔

1: ترجیح البینات، کتاب الشفعہ ص: 131

2: ترجیح البینات، کتاب الشفعہ ص:131

3: ترجیح البینات،ص: 131

4: ترجیح البینات، ص 129

اجارہ کے مسائل

فصل پنجم:

اجارہ کے مسائل

مسئلہ نمبر157: اجیر اور مستاجرا گردونوں اجارہ {1} کی بابت مختلف ہوگئے تو اجیر کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر158: اجیر اور مستاجرا گر مختلف ہوگئے منافع کے اندازہ میں مثلاایک کہتاہے کہ ایک مہینہ کیلئے اجرت پر ہے اور دوسرا کہتاہے کہ دو مہینوں کیلئے تو اجیر کے گواہ معتبر ہیں۔

مسئلہ نمبر159: اجرت پر لینے والا یا دینے والاا گر اجرت اور منفعت کی زیادت کا دعوی کریں مثلااجرت پر دینے ولا دعوی کریں کہ ایک مہینے کیلئے دس روپے اجرت پر ہے اور اجرت پر لینے والا دعوی کریں کہ دو مہینے کیلئے پانچ روپے اجرت پر ہے۔ تو جو زیادت کا دعوی کررہاہو اس کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر160: اجیر اور مستاجرا گر اجارہ کے مدت میں مختلف ہوگئے اور گواہ پیش کئے تو اجرت پر لینے والے کے گواہ معتبر ہیں۔

{1}: اصل کتاب میں اجارہ کا لفظ لکھا گیا ہے لیکن صحیح لفظ اجرت ہے کہ اجیر اور مستاجر دونوں اگر اجرت میں مختلف ہوگئے۔۱۲مترجم

مسئلہ 157: "بینۃ المؤجراولیٰ من بینۃ المستاجرلواختلفافی الاجرۃ "۔(1)

مسئلہ 158: "اختلفافی بدل الاجارۃ اوالمنفعۃ بان ادعی المؤجرانہ اجرہ شھرا وادعی المستاجر انہ استاجرہ شھرین "۔(2)

مسئلہ 159: "وحجۃ کل فی زائدیدعیہ اولیٰ لواختلف فیھاای فی الاجرۃ والمنفعۃ بان ادعی المؤجرشھرابعشرۃ والمستاجرشھرین بخمسۃ فیقضی بشھرین بعشرۃ"۔(3)

مسئلہ 160: "لواختلفافی المدۃ ،فقال المستاجراجرتنی شھرین بعشرۃ دراھم،وقال الاجر لابل شھراواحدبعشرۃ دراھم واقام البینۃ یقضی ببینۃ المستاجر"۔(4*

1: الدررالحکام فی شرح غررالاحکام ،باب التحالف، ج 2 ص: 342

2: الدررالحکام فی شرح غررالاحکام ،باب التحالف ج 2 ص 342

3: الدررالحکام فی شرح غررالاحکام ،باب التحالف ج: 2 ص: 342

4: قاضی خان ،کتاب الاجارات،باب فی اختلاف والاجروالمستاجر،ج:2 ص: 278

مسئلہ نمبر 161:   اجیر اور مستاجر اگر مسافت کے اندازہ میں مختلف ہو گئے مثلاً اجرت پر لینے الا کہتاہوں کہ تم نے مجھے چو پایہ پانچ روپے میں اجارہ پر دیا ہے بغداد سے کوفہ تک اور مالک کہتا ہو کہ نہیں میں نے پانچ روپے میں دیا لیکن بصرہ شہر تک تو اجرت پر لینے والے کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر 162:   اجراو مستاجر مختلف ہو گئے اجرت اور مدت میں یا اجرت اور مسافت کی مقدار میں تو آجر کہتاہوں کہ میں نے تمھیں جانور دس روپے اجرت پر بصرہ تک دیا تھا اور مستاجر کہتاہوں کہ نہیں بلکہ پانچ روپے اجرت پر کوفہ تک، تو پہلی صورت میں آجر کے گواہ کو ترجیح ہو گی اور دوسری صورت میں مستاجر کے گواہوں کو ترجیح ہو گی۔

مسئلہ نمبر 163:   جانور اجرت پر دینے والے کے گواہ کہ مقررہ اجرت فلاں جگہ تک دس روپے مقرر کی گئی تھی۔ بہتر ہیں مستاجر کے گواہوں سے کہ اجرت پانچ روپے مقرر تھی۔

مسئلہ نمبر 164:   گھر، غلام یا جانور کو اجرت پر دینے والے نے گواہ قائم کئے کہ اجرت دس روپے ہیں اور اجرت پر لینے والا گواہ قائم کریں کہ پانچ روپے تو موجر کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ 161:   "قال المستاجرآجرتنی الدآبۃالی الکوفۃ بخمسۃ دراھم وقال ،صاحب الدآبۃ ،لابل الی البصرۃ بخمسۃ دراھم واقام البینۃ یقضی ببینۃ المستاجر"۔(1)

مسئلہ 162:   "وان اختلفافی الاجر والمدۃ جمیعا،او فی الاجرۃ والمسافۃ جمیعافقال الأجر،آجرتک الی القصربعشرۃ دراھم ،وقال المستاجر،لابل الی الکوفۃ، فیقضی بزیادۃ الاجر ببینۃ الآجروبزیادۃ المدۃ والمسافۃ ببینۃ المستاجر"۔(2)

مسئلہ 163:   "ادعی المستاجران الاجرۃ خمسۃ دراھم وقال الاجرعشرۃ دراھم واقاما البینۃ یقضی بینۃ الاجر"۔(3)

مسئلہ 164:   "رجل استاجرداراً اودابۃ اوعبدا،ولم یتصرف المستاجر بعدحتی اختلفا،فادعی المستاجران الاجرخمسۃ دراھم وقال الآجر، عشرۃ دراھم واقام البینۃ یقضی بینۃ الاجر"۔(4)

1:      قاضی خان ،کتاب الاجارات،فصل فی اختلاف الاجروالمستاجر،ج2 ص 289

2:      قاضی خان ،کتاب الاجارات،فصل فی اختلاف الاجروالمستاجر،ج2 ص 289

3:      ترجیح البینات،کتاب الاجارات ،ص 136

4:      (قاضی خان ،کتاب الاجارات،ص 278)

مسئلہ نمبر165:   زید کے گواہ کہ میں نے دس روپے اجرت میں ترمذ مقام سے آمد مقام تک کشتی کو سنبھالا تھا۔اور کشتی کے مالک نے بینہ قائم کیا کہ زید نے پانچ روپے میں اجرت پر کشتی کو مذکورہ مقام تک سنبھالا تھاتوزید کے گواہ کو ترجیح ہوگی۔

مسئلہ نمبر166:   رنگریز کے گواہ کہ کپڑا رنگنے کی مقررہ اجرت اتنی تھی اور صاحب کپڑا گواہ قائم کریں کہ نہیں اتنی تو رنگریز کے گواہ بہتر ہیں اور اگر دونوں میں سے کسی ایک نے بینہ قائم کیا اور دوسرے نے نہیں تو صاحب بینہ کے گواہ قبول ہیں۔

مسئلہ نمبر167:   داعی کے گواہ بکری کے مالک کے گواہوں سے بہتر ہیں (اگر دونوں بکری چرانے کی جگہ میں مختلف ہوگئے اور بکری داعی کے ساتھ ہلاک ہوگئی ہو)۔

مسئلہ نمبر168:   کسی نے گھر اجرت پر لیا اور گواہ قائم کئے کہ اس گھر کے دروازے گر گئے تھے تو یہ گواہ گھر کے مالک کے گواہوں سے بہتر ہے۔

مسئلہ 165:   "رجل رکب سفینۃ رجل من ترمذالی آمد ،ثم اختلفافقال صاحب السفینۃ للراکب حملتک الیٰ آمد بخمسۃ دراھم،وقال الراکب استاجرتنی لاحفظ السکان الیٰ آمد بعشرۃ دراھم ،واقام البینۃ کانت البینۃ بینۃ الراکب"۔(1)

مسئلہ 166:   "ولودفع الی صباغ ثوبالیصبغہ احمربالعصفر،ففعل ،ثم اختلفافی الاجر،فقال الصباغ عملتہ بدرھم ،وقال رب الثواب بدانقین ،فایھا اقام البینۃ قبلت،وان اقاما،یؤخذ ببینۃ الصباغ"۔(2)

مسئلہ 167:   "اذاھلکت شاۃ ،فقال الراعی ،فقال رب الغنم ،شرطت لک ان ترعی فی غیرالموضع الذی ھلکت فیہ ،وقال الراعی لابل شرطت علی الرعی فی ذالک الموضع ،واقام البینۃ ،فبینۃ الراعی اولیٰ"۔(3)

مسئلہ 168:   "سقط احدمصراعی باب المستاجر،فادعاہ المؤجر والمستاجر،فالقول لرب الدار،وان اقام البینۃ فبینۃ المستاجر اولیٰ"۔(4)

1:   ترجیح البینات، ص 140

2:   ترجیح البینات،ص 139

3:   ترجیح البینات،ص 134

4:   ترجیح البینات،ص 134

مسئلہ نمبر169:   اجیر کے گواہ کہ اس(مستاجر) نے دکان کو بخوشی مجھ سے کرایہ پر لیا تھااور مستاجر گواہ قائم کریں کہ مجھ پر جبر اور زبردستی کی گئی تھی تو مالک کے گواہ بہتر ہیں۔

مسئلہ نمبر170:   موجر کے گواہ کہ میں نے وہ چیز اس کے حوالہ کی تھی بہتر ہیں مستاجر کے گواہوں سے کہ وہ چیز اجارہ کی مدت میں اس کی قبضہ میں تھی۔

مسئلہ 169:   "ادعی علی رجل انہ اکرھنی بالتخویف ،بحبس الولی والضرب علی ان یستاجرمنہ حانوتا ،واقام بینۃ ،واقام المؤجرالبینۃ بانہ کان طائعا فبینۃ الطواعیۃ اولیٰ"۔(1)

مسئلہ 170:   "ولواقام الأجر البینۃ انہ سلم المستاجرالی المستاجر ،بعدماأجرہ منہ ،واقام المستاجرالبینۃ ان المستاجر کان فی یدالأجرھذالمدۃ ،فبینۃ الأجر اولیٰ"۔(2)

1:   ترجیح البینات،کتاب الاجارۃ ۔ص 135

2:   (ترجیح البینات ،ص 136)

ہبہ کے مسائل

فصل ششم:

ہبہ کے مسائل

مسئلہ نمبر171: مدعی غیر قابض اور صاحب قبضہ دونوں نے اس بات پر گواہ کھڑے کئے کہ یہ غلام فلاں شخص کے ہاں پیدا ہوا تھا اس نے مجھے ہبہ کیا ہے اور میں نے قبضہ کیا ہے تو صاحب قبضہ کے بینہ کو ترجیح ہو گی۔

مسئلہ نمبر172: میت کے کسی ایک وارث نے دعوی کیا کہ اس نے مجھے حالت صحت میں فلاں چیز ہبہ کی تھی اور میں نے قبض کی تھی اس کے گواہ اولی ہیں باقی ورثاء کے گواہوں سے کہ اس نے حالت مرض میں ہبہ کی تھی۔

مسئلہ نمبر173: اگر ایک نے خریدنے کا دعوی کیا اور دوسرے نے ہبہ کا دعوی کیا اور دونوں نے تاریخ ذکر نہیں کی یا ایک تاریخ ذکر کی تو خریدنے والے کے گواہ بہتر ہیں۔اور ہبہ کے گواہ معتبر ہیں عاریت کے گواہوں سے۔

مسئلہ نمبر174: اگر دونوں نے ہبہ ہونے اور قبض کرنے کا دعوی کیا تو اس کا حکم بیع کی طرح ہے۔اور اگر نکاح کے ساتھ ہبہ، رہن ،صدقہ یا عاریت جمع ہوئے تو نکاح کے بینہ کو ترجیح ہو گی۔

مسئلہ 171: "بینۃ الخارج علی ان عبداًھبۃ مقبوضۃ من فلان الذی ولدفی ملکہ وبرھن ذوالیدانہ ھبۃ مقبوضۃ لہ من فلان الذی ولد فی ملکہ یقضی بہ لذی الید"۔(1)

مسئلہ نمبر378: میں کہتاہوں اوراسی طرح وہ مسئلہ بھی ہے جو قاضی ابوجعفر استروشنی نے اپنی کتاب جامع کے کتاب النکاح میں ذکر کیاہے کہ اگر باپ داداکے علاوہ کسی نے نابالغ کولڑکی نکاح میں دی اور لڑکی نے بلوغت پر نکاح رد کیاتولڑکے کے وکیل یاسے دلیل طلب کیاجائے گا۔پر اگر دلیل نہ پیش کرسکاتوجدائی کاحکم ہوگا۔اور لڑکے کے بلوغت کی انتظار کی ضرورت نہیں۔اوراگر بالغ تھالیکن موجود نہیں تھاتع قاضی جدائی کاحکم دے گاکہ نہیں توامام محمدؒ جامع میں اس کی طرف اشارہ کیاہے کہ جب تک لڑکے کے طرف سے خصم حاضر نہ ہوتوجدائی پر حکم نہیں کرے گا،امام محمدؒ کے قول کی وجہ یہ کہ غائب پر حکم ہے۔(اور غائب پر حکم کرناجائز نہیں)۔

(لڑکی کی بلوغت کاانتظار کیاجائیگا)

مسئلہ379: اگر والدنے اپنی نابالغ لڑکی کوکسی کے نکاح میں دی پھر اس لڑکی نے اپنے شوہر کودیوانہ یعنی پاگل پایاتو قاضی جدائی کاحکم نہیں کرے گا،بلکہ اس لڑکی کی بلوغت کاانتظار کرے گا۔کیونکہ ممکن ہے بلوغ کے بعد لڑکی راضی ہوجائے۔

مسئلہ 378: قلت ونظیر هذاماذکرالقاضی "ابوجعفرالاستروشنی)فی نکاح "الجامع"غیرالاب والجداذازوج صبیۃ من صبی فادرکت قبل ادراک زوجها،فاختارت الفرقۃ ورفعت امرهاالی القاضی،لاینتظرکبرالزوج وکان للقاضی ان یفرق بینهما،غیر انه ان کان له والد اووصی احضره وامره بان یاتی بالحجۃ للصغیر ان کان له حجۃ ،والافرق بینهمابحضرۃ ولیه ،هذااذاکان زوجهاصبیا،فان ادرکت الصغیرۃ،وزوجهاکبیرغائب، وقدزوجهاغیرالاب الجد واختارت نفسها،هل یفرق القاضی بیهاحال غیبۃ الزوج، اشارفی الجامع الی انه لایفرق مالم یکن عنه خصم اووکیل لانه قضاءعلی الغائب بالفرقۃ۔(1)

مسئلہ 379: ولوکانت المرءۃ صغیرۃ ، زوجهاابوها،ووجدت زوجهامجبوبا،لایفرق القاضی بینهمابخصومۃ الاب متی تبلغ، لاحتمال انهاترضی بعدالبلوغ۔(2)

1: الجامع لاحکام الصغارج1 ص 109

2: ایضا،ص 109

مسئلہ نمبر380: اگردوذمیوں {1} نے اپنے رشتہ داروں کے وساطت سے نکاح کیاپھران دونوں میں ایک میاں بیوی مسلمان ہوگئے تواس دوسرے پر بھی اسلام پیش کیاجائے گا۔اگراس نے اسلام قبول کیاتوٹھیک ورنہ قاضی جدائی کافیصلہ کرے گا۔اس مسئلے میں امام شافعیؒ نے اختلاف کیاہے۔

مسئلہ نمبر381: قاضی ابوزیدنے کتاب الاسرار میں ذکر کیاہے کہ اگرکسی پاگل کی بیوی مسلمان ہوگئی(پہلے دونوں کافرتھے)تواس پاگل کے باپ پراسلام پیش کیاجائے گا۔اور باقی مسئلہ درج بالاکی طرح ہوگا۔

(مجنون کااسلام قبول نہیں اور ہوشیار لڑکے اور معتوہ عاقل کااسلام صحیح ہے)

مسئلہ 382: فخرالاسلام بزدویؒ نے لکھاہے کہ اگرمسئلہ بالاکے دوران پاگل خود مسلمان ہواتواس کااسلام قبول نہیں بلکہ اس دوران اس کامسلمان ہونااس والدین کی تباعت ہے۔

مسئلہ 383: آپؒ نے پھر لکھاہے کہ نابالغ چھوٹے لڑکے کے مثال اول میں پاگل کی طرح ہے جب اس میں عقل نہ ہو،اور جب ہوشیار ہوجائے توپھر وہ اور معتوہ برابرہیں،لیکن مجنون اور نابالغ چھوٹے لڑکے میں فرق ہے۔وہ اسی طرح کہ مجنون کی بیوی اگر مسلمان ہوگئی تواس کے والدین کوفی الفور اسلام پیش کیاجائیگا،اوراگرنابالغ کی بیوی مسلمان ہوگئی تواس کی بلوغت کاانتظار کیاجائیگاکیونکہ بلوغت کیلئے حد ہے اور جنون کیلئے کوئی حد نہیں۔

{1} :ذمی وہ کافرہے جومسلمان بادشاہ کے سائے میں رہ رہاہواور جزیہ دے رہاہو،اس کی جان ومال کی حفاظت مسلمانوں کی طرح کیجاتی ہے۔

مسئلہ نمبر380: اذاعقدالنکاح علی صبین من اهل الذمہ، زوجهاولیهما، فاسلم احدهماوهولعقل الاسلام یصح ،اسلامہ عندناخلافاللشافعی، ثم ان کان الاخریعقل الاسلام یعرض علیہ الاسلام فان اسلمایترکان علی النکاح وان لم یسلم یفرق بینهما۔(1)

مسئلہ 381: وذکر القاضی ابوزیدؒفی الاسرارفی مسائل تزویج غیر الاب والجد ان امرءة المجنون اذا اسلمت وهما کافران یعرض الاسلام علی ابی المجنون ،فان اسلم والایفرق بینهما۔

مسئلہ 382: وذکرفخرالاسلام البزدویؒ فی باب الامور المعترضہ من اصول الفقہ، ان اسلام المجنون لایصح، واسلام المعتوہ العاقل ،والصبی العاقل یصح، ولواسلمت امراء ة المجنون یعرض الاسلام علی ولیہ ویصیر مسلماتبعالابویہ، وکذایصیرتبعالهما۔

مسئلہ 383: ثم قال رحمہ اللہ:۔ والصغیر فی اولہ مثل المجنون یعنی اذاکان عدیم العقل والتمیز فامااذا عقل ، فهو والمعتوہ سواء ،غیر ان بین المجنون والصغیر فرق، وهو ان فی المجنون اذا اسلمت امرءتہ یعرض الاسلام علی ابیہ وامہ فی الحال ولایوخر،وفی الصغیریوخرلانہ محدود،فوجب تاخیرہ الی غایۃ العقل والمعتوہ کاصبی العاقل۔(2)

1: جامع احکام الصغار ج1ص: 113

2: جامع احکام الصغار جلدنمبر2 ص 204

میاں بیوی کا بچے کے بارے میں اختلاف:

مسئلہ نمبر 384: نکاح کے بعد بچہ پید ہوا شوہر اور بیوی کے درمیان اختلاف پیدا ہوا نکاح کے وقت میں اگر شوہر ایک مہینے سے نکاح کا دعوی کر رہا ہے اور بیوی ایک سال سے تو اسی صورت میں کا نسب باپ سے ثابت ہے اور اگر دونوں ایک ماہ سے نکاح کرنے کے دعویدار ہوں تو پھر بچے کیلئے اس باپ سے نسب ثابت نہیں ہوگا۔ اور اگر بیوی گواہ پیش کرے کہ اس نے مجھ ایک سال سے نکاح کیا ہے تو یہ گواہی قابل ہوگی اسی صورت میں اگر بچہ بڑا ہونے کے بعد گواہ پیش کریں اور اگر بچے نے نابالغ ہونے کی حالت میں گواہ پیش کئے تو بعض علماء کے نزدیک گواہی قبول نہیں جب تک اس کی طرف سے کسی خصم مقرر نہ کرلیں کیونکہ وارثت بچے کا حق ہے تو قاضی خصم مقرر کرے گا کہ گواہی خصم کی جانب سے ہو اور بعض علماء کہتے ہیں کہ اس تکلیف کو ضرورت نہیں بلکہ قاضی خصم کے مقرر کئے بغیر سنے گا کیونکہ نسب پر گواہی کرنا بطور ثواب بھی قابل قبول ہے۔ (اگر کہ گواہی کی طلب بھی نہ کی گئی ہو) تو یہ ایسا مسئلہ ہے جس میں علماء اختلاف رکھتے ہیں، بعض گواہی کو قابل قبول سمجھتے ہیں اور بعض نا قابل قبول سمجھتے ہیں۔

مسئلہ 384: رجل تزوج امراءة وجاءت بولد،فاختلفا،فقال الزوج تزوجتک منذشهر وقالت لابل منذ سنة ، فالولدثابت النسب من الزوج، فان تصادقا على انه تزوجهامنذشهر لم يثبت النسب منه ، فان اقامت البينة على تزوجه اياهامنذسنة قبلت۔وهذاالجواب صحيح مستقيم فيمااذااقام الولد البينة بعد ماكبر، واما اذاكان قيام البينه حال صغرالولد فقد اختلف فيه المشائخ رحمهم الله۔

قال بعضهم : لاتقبل البينة مالم ينصب القاضى خصما عن الصغير، فينصب عنه خصما لتكون البينة قائمامن هوخصم ، وقال بعضهم لاحاجة الى هذالتكلف ،والقاضى يسمع البينة من غير ان ينصب عنه خصمابناء على ان لشهادة على النسب تقبل حسبة بدون الدعوى، وهذا فصل قداختلف فيه المشائخ رحمهم الله قال بعضهم تقبل وقال بعضهم لاتقبل۔(1)

1: جامع احکام الصغار،ج: 1 ص: 112

(شوہر اگر مجبوب ظاہر ہوا تو لڑکی کے بلوغت کا انتظار کیا جائیگا۔)

مسئلہ 385: اگر کسی نے اپنا دس سالہ بیٹی کو کسی کے نکاح میں تو اس کا شوہر مجبوب نکلا تو قاضی فی الحال جدائی کا حکم نہیں کرے گا بلکہ لڑکی کے بالغ ہونے کا انتظار کیا جائے گا۔اب اگر لڑکی معتوہہ ہونے کی حالت میں بلوغت کو پہنچی اور اس کی صحیح ہونے کی امید نہ ہو تو باپ لڑکی کے طرف سے دعوی کرے گا اور قاضی دونوں کے درمیان جدائی کا حکم صادر کرے گا۔

مسئلہ 385:

ولوزوج ابنته الصغيره من رجل وهى ابنة عشرسنين فاذ الرجل مجبوب، فلم يفرق القاضى فبينو قف حتى بلغت ، فان بلغت معتوهة لايرجى زواله ،يخاصم عنه الاب فيفرق القاضى ۔(1)

1: الجرجانی،ابو یعقوب یوسف بن علی،المتوفی522ھ،خزانة الاكمل فی الفروع الحنفی، دار الكتب العلمية بيروت لبنان 1437ھ، ج 1 ص 445

فصل دوم:

سزا اور جنایت سے متعلق احکام

(یعنی سزا اور جنایات کے متعلق کس کس کی حضور ضروری ہے)

فصل دوم:

سزااور جنایت کے متعلق احکام

مسئلہ نمبر386: جب چور کا ہاتھ کاٹا جارہا ہو تو اس وقت گواہ اور وہ شخص جس نے دعوی کیا ہو، دونوں کی حاضری لازمی ہے۔ حتی کہ اگر یہ دونوں مر جائے تو چور کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔ یہ حکم سنگسار اور قصاص کے علاوہ ہر مسئلے میں جاری ہوتا ہے۔
دمشق (شام) کے مفتی علاؤالدین نے تنویر الابصار کی شرح میں لکھاہے کہ درج بالا مسئلہ میں گواہان کی حضور ضروری نہیں۔

مسئلہ 387: حکم قصاص کے وقت اگر قتل پر گواہ رہنے والا گواہ موجود نہ بھی ہو تو قصاص کا حکم دیا جائے گا۔ یہ حکم استحسانی ہے یہ مسئلہ کافی الحاکم میں بھی ذکر ہے۔ مسئلہ سنگسار میں شہداء کی ذات ضروری ہے اور زانی یعنی زنا کے مرتکبین کو پہلی کنکر بھی گواہاں ماردیں گے۔

مسئلہ نمبر388: اگر کسی شخص پر گواہی سے زنا کی ثبوت کی گئی اور وہ شادی شدہ ہو تو اس کو ایک کھلے میدان میں سنگسار کیا جائے گا۔ تاہم پہلے پتھر وہ گواہان ہی ماردیں گے۔ یہ اس لئے کہ اگر بعض (یاسارے) گواہان نے کسی کے کہنے پر (یا خود سے) جھوٹی گواہی دی ہو تو کنکر مارنے کی حالت میں وہ اپنی گواہی سے مر جائے گا۔

امام قویمیؒ نے کنز کی شرح میں بیان فرمایاہے کہ سارے یا بعض شہداء نے شہادے دینے سے انکار کر دیا کہ ہم پہلے نہیں ماریں گے یا غائب ہو گئے، یا وفات پا گئے، یا ان میں سے کوئی پاگل ہو گیا، یا اندھا ہو گیا، یا گونگا ہو گیا، یا مرتد ہو گیا، یا کسی کو زنا کی گالی دی، یا سزا کی طور پر اسی درے مارا گیا، تو ان سارے صورتوں میں طرفین کے نزدیک حد ساقط ہو جاتا ہے۔ (اور مجرم کو رجم نہیں دی جائیگی)

مسئلہ 386: لوثبت علیہ بالبینۃ فانہ یقطع لکن یشترط حضرۃ المولی عنداقامۃ البینۃ عند ابی حنیفۃ ومحمد وقال ابویوسف لیست بشرط۔

واماحضرتہ عندالاقرار بالحدود فلیست لیشترط اتفاقا۔

مسئلہ نمبر387: اس مسئلے کی تخریج تک مقالہ نگار کی رسائی نہیں ہوئی۔

مسئلہ388: رجمہ وھوالمحصن فی فناء ائ فی مکان واسع حتی یموت یبدء بہ بالرجم شھودہ وعندالشافعیؒ لایشترط بدائہ وھوروایۃ عن ابی یوسف،فان ابواہ عندالبدایہ کلا اوبعضا اوغابوااوماتواکذالک اوجن بعض اوصاراعمیٰ اواخرس اوارتد او حد فی قذف سقط الحد عند ابی حنیفہ ومحمد رحمھم اللہ وھوروایۃ عن ابی یوسف۔(3)

1: (شرح مجمع البحرین۔ابن الملک علامہ عبداللطیف الشھیربابن فرشتامخطوط رقم عام 7927 رقم خاص 4427 ص 120)

2: قنیۃ المنیۃ ،کتاب السرقۃ ص: 316

3: ابی المکارم، شرح مختصر الوقایہ،مخطوط الازہریہ،ص:83

مسئلہ نمبر 390: اگر کسی آبق غلام پر چوری کی ثبوت ہو گئی تو اس کا ہاتھ تب تک کاٹا نہیں جائے گا جب تک مولا حاضر نہ ہو اور امام ابو یوسفؒ نے فرمایا ہے کہ کاٹا جائے گا۔

مسئلہ نمبر 391: اگر غلام نے اپنے اوپر کسی ایسی بات کی شہادت جس سے اس پر حد لازم آتا ہے مثلاً آواز کیا کہ میں نے چوری کیا یا میں نے کسی کی بیوی سے زنا کی تو اس پر حد نافذ ہو گا۔اور اگر شہداء نے گواہی دی تو پھر مولا کی حضور تک حد نافذ نہیں ہو گا۔یہ طرفین کی نزدیک ہے۔

مسئلہ :392: اگر کسی مأذون غلام پر گواہی سے ثابت کیا گیا کہ اس نے قتل کیا ہے، یا زنا کیا ہے یا کسی پر زنا کی تہمت لگایا ہے یا شراب پیا ہے اور وہ انکار کر رہا تھا اور اس کا مولیٰ حاضر تھا تو یہ گواہی جائز ہے،اور اسی پر اجماع ہے،اور اگر مولیٰ غائب تھا تو طرفین کے ہاں قبول نہیں اور امام ابو یوسفؒ کے ہاں قبول ہے کیونکہ ان کے ہاں قصاص اور حدود میں مأذون اور مجور پر گواہی قبول ہے۔اور اگر گواہ غلام پر چوری کی گواہی دے رہے تھے تو اگر اس کا مولیٰ حاضر تو قطع بلا خلاف ہو گا،اور اگر موجود نہ ہو تو طرفین کے نزدیک اسطرح گواہی قبول نہیں،اور ضامن ہونے کی حالت میں قبول ہے اور اگر چوری موجب حد نہیں تھی تو پھر اجماعاً قبول ہے۔اور اگر اس پر خالص حدود اللہ کی بابت گواہی دی گئی تو یہ قبول نہیں۔ اور قصاص و قذف میں اگر مولی حاضر تو قبول ہے ورنہ نہیں۔

مسئلہ 390: ان اثبت علی الابق سرقۃ لایقطع حتی یحضرہ مولاہ قال ابو یوسف یقطع۔(1)

مسئلہ 391: یعنی اذااقربمایوجب الحداوالقصاص لزماہ فی الحال الا ان حضرۃ المولی لیست بشرط فی اقرارہ،ولم یقر لکن اقیمت علیہ البینۃ فحضرہ المولی شرط عند ابی حنیفہ ومحمد رحمہم اللہ۔(2)

مسئلہ 392: ولوشھدواعلی عبد ماذون فی التجارۃ ، بقتل عمد، اوقذف اوزنا، اوشرب خمر، فانکرالعبد ان کان مولاہ حاضرا،جاز بالاجماع، وان کان غائبالاتقبل عند ابی حنیفۃ ومحمد رحمہم اللہ ، وتقبل عند ابی یوسف لان عندابی یوسف لوقامت البینۃ علی العبد الماذون بقصاص اوحد تقبل وکذ المحجور۔ولوشھدوعلی العبد الماذون بالسرقۃ ، ان کان موجبۃ القطع ، تقبل اذا کان المولی حاضرامعہ ، ویقطع بلاخلاف ، وان کان المولی غائبا ،لاتقبل فی حق القطع فی قول ابی حنیفۃ ومحمد وتقبل فی حق الضمان ، وعند ابی یوسف تقبل فی حق القطع،وان کانت السرقۃ موجبۃ للمال تقبل بلاخلاف حضرالمولی اوغاب، قصاص و الزناوشرب خمر الحدود الخالصۃ للہ تعالی لاتقبل،
وفی القصاص والقذف ان کان مولاہ حاضراتقبل ، وان کان مولاہ غائبا لاتقبل فی قول ابی حنیفۃ ومحمد ۔(3)

1: فتاوی التاتارخانیہ،ج: 7 ص:447۔

2: (فتاوی قاضی خان ج2 ص 320)

3: (فتاوی قاضی خان ج2 ص 320)

مسئلہ نمبر 393: اگر چھوٹے لڑکے یا ایک احمق شخص، جس کو ولی نے تجارت کی اجازت دی ہو پر شہداء نے شہادت کی کہ اس شخص نے چوری کی ہے یا زنا کی ہے یا کسی پر قذف لگایا ہے تو اس پر حد ثابت نہیں ہو گی خواہ ولی حاضر ہو یا نہیں۔ اور قتل کے معاملے میں یہ گواہ جائز ہے بشر طیکہ ولی حاضر ہو کیونکہ قتل کے معاملے میں دیت ولی کو ہی دیتا ہے لہذا اگر ولی غیر حاضر ہو تو پھر جائز نہیں اس میں کسی کا اختلاف نہیں اور سرقہ میں قبول خواہ ولی حاضر ہو کہ نہ ہو۔

غلام کی حضور ایک حال میں ضروری ہے

مسئلہ نمبر 394 ایک شخص نے دوسرے شخص پر دعوی کیا کہ اس نے میرے غلام کی آنکھ اندھا کیا ہے اور مدعا علیہ نے انکار یا تو اگر غلام زندہ ہے تو اس کی حضور ضروری ہے اور اگر غلام مر گیا ہو یا اتنا چھوٹا ہو کہ اپنا حال بیان نہیں کر سکتا تو پھر حضور لازمی نہیں اور اگر مدعی نے گواہاں پیش کئے تو اس سے ضمان لیا جائے گا۔

(چھوٹے بچے اور چوپائے کی حضوور ضروری نہیں)

مسئلہ 395: فتاوی بزازیہ میں ہے کہ گدھے یا کسی دوسرے جانور کی حاضری لازمی نہین جب کہ اس کے آنکھ کے تاوان لینے کا معاملہ ہوں اسی طرح اگر کسی نے دعوی کیا کہ فلاں نے میرے جانور (گھریلو) یا کپڑا (چادر وغیرہ) کو زخمی کیا ہے (یا پھاڑ دیا ہے) تو ان اشیاء کا حضور ضروری نہیں کیونکہ جس چیز کے متعلق وہ دعوی کرتا ہے وہ واقع صورت میں وہ جز ہے جو غائب ہے۔

اگر کسی دوسرے چیز کے بابت دعوی ہو تو حاضر ہونا لازمی ہے۔

مسئلہ393: ولوشهدواعلی الصبی الماذون ، اومعتوه الماذون بقتل العمد، اوبالزنا اوشرب الخمر اوالقذف ، فی الزنا وشرب الخمروالقذف لاتقبل، حضرالولی اوغاب، وفی القتل ان حضرالولی ، جاز لان موجبہ هوالدیۃ علی العاقلۃ ، وان کان الولی غائبا ، لاتقبل بلاخلاف ، وان شهدو علی الاقرار بهذه الاسباب لاتقبل حضرة المولی اوغاب ۔(1)

مسئلۃ394: رجل ادعی انہ فقاء عین عبدلہ یساوی الفاوالعبد حیی وانکره المدعی علیہ یشترط حضرة العبد الاان یکون العبد میتااوصغیرا لایعبر عن نفسہ فلا یشترط حضرتہ ویحکم بالارش لوبرهن۔(2)

مسئلہ 395: وفی البرذون والحمار وغیرهمالایشترط حضرة الحیوان فی طلب ارش عینہ، وکذ الوادعی جرحا فی دابۃ اورخرقافی ثوب لایشترط احضارهما، لان المدعی فی الحقیقۃ الجزء الغائب ۔(3)

1: (فتاوی قاضی خان ج2 ص 320۔-321)

2: (فتاوی بزاریہ ج11 ص 204)

3: (فتاوی بزاریہ ج 11 ص 204)

(جب غلام کی حضور ضروری ہو صرف ایک حالت میں)

مسئلہ نمبر 396: اگر کسی نے دعوی کیا کہ فلاں نے میرے غلام جس کی قیمت ایک ہزار روپے تھا، کی آنکھ کو اندھا کیا ہے اور مدعی علیہ انکار کرتا تھا۔ مدعی نے اپنے حق میں گواہان بھی پیش کئے تو جب تک غلام حاضر نہ ہو قاضی گواہی نہیں سنے گا، اور غلام مر گیا تھا یا بہت چھوٹا تھا تو پھر سنے گا اور مدعی علیہ پر تاوان کا حکم کرے گا ور غلام کا حضور ضروری نہیں۔ اسی طرح اگر مدعی نے دعوی کیا کہ فلاں نے میرے گھوڑے کی آنکھ اندھا کیا ہے جس کی قیمت ایک ہزار روپے ہیں اور مدعاعلیہ نے انکار کیا، مدعی نے گواہان پیش کئے تو اگرچہ گھوڑا حاضر نہ بھی ہو تو قاضی مدعی علیہ پر تاوان چکانے کا حکم کرے گا۔

مسئلہ نمبر 397: مجور غلام اپنے فعل پر مأخوذ ہے ہے اور اپنی قول پر نہیں۔

مسئلہ 396:

ادعی علی رجل انہ فقاءعین عبدلہ یساوی ایضاوالعبد حیی لاتسمع الدعوی والبینۃ الابحضرۃالعبد، ولولم یکن العبد حیاتسمع ویقضی بالارش للمدعی، واذاکان العبد صغیرا اولایعبر عن نفسہ فالقاض یقضی بالارش للمدعی علی القاضی، ولاتشترط حضرۃ العبد، وکذا لواقام البینۃ انہ فقاعین برزونی ترکی تقبل وارادۃ البرذون للقاضی لیست بشرط لصحۃ الدعوی وان کااقام البنیۃ فاالقاضی یعضی بالارش للمدعی علی القاضی۔(1)

مسئلہ 397 والعبدالماذون یؤخذ بفعلہ ولایؤخذ بقولہ(2)۔

1: (فتاوی الھندیہ، ج 4 ص 42)

2: (فتاوی قاضی، خان ج2 ص 321)

فصل سوم

بیع اور اس کے مانند معاملات کے متعلق احکام

(یعنی بیع اور اسی طرح اور معاملات میں کس کس کی حضور ضروری ہے)

فصل سوم:

بیع اور اس کے مانند معاملات کے متعلق احکام

(بیچنے اور خریدنے والے کا حضور ضروری ہے)

مسئلہ نمبر 398: اگر بکر نے زید سے لونڈی خریدی اور قبضی کرنے سے پہلے کسی اور نے اس پر اپنی ملکیت کا دعوی کیا اور دعوی کی تائید میں گواہان بھی پیش کئے، تو قاضی تب تک اس تیسرے شخص کی حق میں فیصلہ نہیں کرے گا جب بکر اور زید حاضر نہ ہو۔ کیونکہ اس تیسرے شخص کے دعوے سے بیچنے والے اور خریدنے والے دونوں کے بیع فاسد ہوتا ہے۔ تو یہ اس طرح ہوا جیسا کہ رہن کا دعوی (مثلاً کسی نے دوسرے سے پالتو جانور کو گروی رکھ دیا۔ پھر تیسرے نے دعوی کیا اور شاھدین پیش کئے تو رہن رہنے اور لینے والے دونوں کا حضور لازمی ہے) اور اگر مسئلہ ایسا تھا کہ زید نے بکر سے خریدی ہوئی لونڈی اپنے قبضے میں لائی ہو تو اور اس کے بعد اس لونڈی کا کوئی مستحق پیدا ہو تو اس صورت میں خریدنے والے کا حضور لازمی ہے اور بیچنے والے کی نہیں اسی طرح حکم شفعہ میں بھی ہے۔ مثلاً کسی نے زمین خریدلی پر ابھی اپنے قبضے میں نہیں لائی تھی، اور کسی تیسرے شخص نے شفعے کا دعوی کیا تو دونوں (خریدنے اور بیچنے والے) کی حضور لازمی ہے لیکن اگر قبضہ کیا ہو تو صرف خریدنے والے حضور ضروری ہے۔

اور رشید الدین صاحبؒ نے اپنے فتاوٰی میں ذکر کیا ہے کہ اگر کسی نے کسی دوسرے شخص کا کوئی چیز بغیر اس کے اجازے کی بیچ لی تو اصل مالک کو دعوی کرنے حق حاصل ہے۔

اس طرح اگر کسی شخص نے دوسرے کی چیز غصب کی اور پھر بیچ دی تو دعوی پہلے غاصب پر ہو گا۔ اور اگر اجارہ پر دے دی ہو تو دونوں (یعنی پہلے غاصب اور اجارہ گر) کا حضور لازمی ہے۔

مسئلہ 398: اشتری بکر من زید جاریۃ وقبل قبضهااستحقهارجل لاتسمع بنیۃ المستحق مالم یحضرالبائع والمشتری اذالملک للمشتری والیدللبائع لان الانقضاء بہ یستلزم ابطال الید فصار کدعوی الرھن وبعد قبضہ یشترط حضرۃ المشتری لاالبائع والاخذ بالشفعۃ نظیر الاستحقاق۔

کذا ذکرفی فتاوی رشیدالدین للمستحق ولایۃ الدعوی علی البائع وان لم یکن المبیع فی یدہ لانہ غاصب والمشتری غاصب الغاصب ویصح الدعوی علی الغاصب وان المستاجریشترط حضرۃ العاتدین اذالملک للموخروالیدللمستاجرفیشترط حضرتهاکرھن۔(1)

1: (جامع الفصولین ج 1 ص 38)

مسئلہ نمبر399: اگر کسی نے کوئی چیز بیچ دی لیکن قبضہ کرنے سے پہلے کسی اور نے استحقاق کا دعوی کیا تو دونوں یعنی بائع اور مشتری کا حضور لازمی ہے اسی طرح حکم شفعہ میں بھی ہے۔

اگر کسی شخص نے کسی چھوٹے بچے پر دعوی کیا اور اس لڑکے کا وصی حاضر ہوں تو "تتمہ" کتاب میں شیخ الاسلام امام خواہر زادہؒ صاحب نے لکھا ہے کہ یہ جائز نہیں ہے اور لڑکے کا حضور لازمی نہیں۔

امام ناطفیؒ نے یہ بھی لکھا ہے کہ اگرچہ قرضہ اس لڑکے پر وصی کے ذریعہ عائد ہوئی ہو (یعنی وصی نے اس لڑکے کیلئے کوئی معاملہ کیا ہو اور اس میں یہ لڑکا مقروض ہوا ہو) تو اس دعوی کے وقت لڑکے کا حضور لازمی نہیں ہے۔

(چھوٹے لڑکے کا حضور لازمی ہے ولی یا وصی کے ساتھ)

اور اگر دعوی ایسے قرضے کا ہو جو اس پر وصی کے ذریعے لازم ہو چکا ہو، (مثلاً کسی کا کوئی چیز ضائع کی تھی اور اب مالک دعوی کر رہا ہو) تو اس صورت میں لڑکے کا حضور ضروری ہے تاکہ بوقت دعوی اس کی طرف اشارہ کر سکیں۔

اور علامہ خصافؒ نے ذکر کیا ہے کہ اگر کسی مجور نابالغ لڑکے پر کسی نے مال یا غصب کا دعوی کیا ،اور مدعی نے گواہان کھڑا کئے تو دعوی سنا جائیگا اور لڑکے کا حضور بمع والد یا وصی ضروری ہے، تو اگر کسی چیز کی ثبوت کی گئی تو والد یا وصی کو ادا کرنے کا حکم دیا جائیگا پس اگر اس لڑکے کا والد یا وصی نہیں تھا اور مدعی نے قاضی سے عرض کیا کہ اس کے لیے وصی مقرر کر دے تو قاضی منظور کرے گا، لیکن وصی کے تقرر کے وقت لڑکے کا حضور لازمی ہے۔اور بعض متأخرین علماء کا مؤقف ہے کہ اس دعوی کے وقت لڑکے کا حضور خواہ وہ مدعی ہو یا مدعا علیہ،اور خصافؒ نے فرمایا ہے کہ مناسب یہ ہے کہ بچے کے حضور کو ضروری نہ سمجھا جائے جیسا کہ شیخ الاسلام المعروف بخواہر زادہ نے ذکر کیا ہے۔

مسئلہ نمبر399: ولوباع شیئاولم یسلم الی المشتری حتی ادعاہ رجل فانہ یشترط حضرۃ البائع والمشتری وکذا لوارادالشفیع ان یاخذ الدار باشفعۃ وھی فی یدالبائع ، یشترط حضرہ البائع والمشتری۔

ولوادعی علی صغیرشیئابحضرۃ وصیہ ، ذکرالشیخ الامام المعروف بخواھرزادۃؒ فی شرح القسمۃ انہ لایجوزولایشترط حضرۃ الصغیر۔وذکرالناطفی: و ان کان دینا وجب لا بمباشرۃ الوصی کضمان الاستہلاک نحو ذالک یشترط حضرۃ الصغیر للاشارۃ الیہ۔

وذکر الخصافؒ: انہ لو ادعی علی صبیّ محجور مالا ، باستھلاک او غصب ان کان المدعی یقول: لی بینۃ حاضرۃتسمع دعواہ و یشترط حضرۃ الصغیر، و یحضر معہ ابوہ او وصیہ، حتی اذا قضا القاضی بالمال یومر الاب والوصی بالاداءو ان لم یکن لصبیّ اب و لا وصی، اطالب المدعی من القاضیان ینصب للصغیر وصیا، اجابہ القاضی الی ذالک لکن یشترط حضرۃ الصغیر عند نصب الوصی،و عند بعض المتاخرین حھرۃالصغیر عند الدعوی،سواء کان الصغیر مدعیا اومدعی علیہ۔قال مولانا رضی اللہ عنہ: و ینبغی ان لا یشرط حضرۃ الاطفال عند الدعوی، کما ذکر الشیخ الامام المعروف بخواھر زادہ رحمہ اللہ تعالی ۔(1)

1: (فتاوی قاضی خان کتاب الدعوی، ج: 2 ص 319،320)

مسئلہ نمبر 400:　　اگر کسی نے کوئی چیز خرید لی اور قبضہ کرنے سے پہلے کسی اور نے اپنی استحقاق کا دعوی کیا کہ یہ چیز میری ہے تو خریدنے اور بیچنے والے دونوں کا حضور لازمی ہے اور اس مستحق یعنی جس نے دعوی کیا اس کیلئے لازمی ہے کہ گواہان پیش کریں (یہ مسئلہ رہن کے مسئلے کی طرح ہے) اور اگر خریدنے والے نے مال کو اپنے قبضے میں لیا تھا تو صرف خریدنے والے کا حضور لازمی ہوتا ہے اور پھر یہ مسئلہ "شفعہ" کے مسئلے کی طرح بن جاتی ہے۔

(پہلے خریدنے والے کی حضور ضروری ہے)

مسئلہ نمبر 401:　　اگر زید نے بکر سے لونڈی خرید لی اور روپے (یعنی قیمت) ادا نہیں کی پھر زید نے بکر کے اجازت کے بغیر یہ لونڈی اپنی قبضے میں لی اور پھر خالد کو بیچ دی۔ پھر زید غائب ہو گیا۔ اب بکر خالد سے بکری واپس اپنے قبضے میں لینے آیا۔ تو اگر خالد نے تصدیق کی کہ زید نے مجھ سے تم دونوں کے مسئلے کے بارے میں بتایا تھا تو خالد کو چاہیئے کہ بکر کو لونڈی واپس کر دے اور اگر تکذیب کی کہ مجھے نہیں پتہ تو بکر کو کوئی حق حاصل نہیں لونڈی واپس لینے کی جب تک کہ زید واپس نہ آئے۔

مسئلہ 400:　وفی المبیع قبل قبضہ لاتسمع بینۃ المستحق مالم یحضرالبائع والمشتری، اذالملک للمشتری والیدللبائع لھماالبینۃ ، فصار کدعوی الرھن وبعد قبضہ یشترط حضرۃ المشتری لاالبائع والاخذ بالشفعۃ نظیر الاستحقاق۔(1)

مسئلہ 401:　رجل اشتری من أخر جاریۃ بالف درھم ولم ینقد عنھاوقبضھابغیر اذن البائع ، وبایعھا من من رجل اخر بمائۃ دینار وتقابضا، وغاب المشتری الاول ، وحضر بایعہ وارد استردادھا من یدالمشتری الثانی، فان صدق المشتری الثانی البائع الاول فان کان للبائع ولایۃ الاسترداد وان کذبہ وقال لاادری مایقول فلاخصومۃ بینھماالی ان یحضرالمشتری۔(2)

1: جامع الفصولین، الفصل الثالث، فیمن یصلح خصما،ج:1 ص 38۔

2: البخاری، ابو بکرمحمد بن احمد البخاری، المتوفی 619ھ الفتاوی الظھیریہ،مخطوط الازھریہ،الفصل الرابع عشر، فیمن یکون خصما،ج:2 ص: 229۔

(وارث اور وصی کا حضور ضروری ہے)

مسئلہ نمبر402: اگر زید نے بکر کے ساتھ ایک ہزار روپے امانت رکھے یا قرض دیئے یا بکر نے زبردستی چھین لئے اور یہ روپے بکر کے قبضے میں تھیں۔ پھر اچانک کسی نے یہ دعوی کیا اور گواہان حاضر کر دیئے کہ زید مر چکا اور اس نے میرے حق میں روپوں کا وصیت کی ہے۔ اور بکر نے یہ مان لیا کہ ہاں میرے پاس زید کے ہزار روپے ہیں پر مجھے زید کے موت کا پتہ نہیں تو قاضی زید کے وصی کے حضور کا حکم دے گا اور اگر بکر نے کہا کہ میرے پاس تو زید کے ہزار روپے نہیں ہے تو بکر مدعی کیلئے خصم ہے۔

(بائع اور مشتری کا حضور ضروری ہے)

مسئلہ 403: اگر ایک شخص نے دوسرے شخص سے لونڈی خریدی اور ابھی تک قبضہ نہیں کی پھر کسی تیسرے شخص نے اس لونڈی کے ملکیت کا دعوی کیا تو اس صورت میں خریدنے اور بیچنے والوں دونوں کا حضور لازمی ہے۔

یہ حکم "شفعہ" کے مسئلے میں بھی ہے اور اگر کسی سے گھر خرید لیا اور ایسا صورت سامنے آیا تو بھی یہ حکم ہے۔

مسئلہ 402: رجل لہ علی رجل الف درہم قرض اوکان غصب منہ الف درہم وھی قائمۃ بعینھا فی یدالمودع فاقام رجل البینۃ ان صاحب المال توفی واوصی لہ بھذالذی قبل ھذالرجل، والرجل مقربالمال لکنہ یقول لاادری امات فلان اولم یمت ،لم یجعل القاضی بینھاخصومۃ حتی یحضروارثااووصیا،ھذالذی ذکرنااذاکان الذی قبلہ المال مقرابالمال ، فان قال الذی بیدہ المال ھذاملکی ، ولیس عندی من مال المیت شئی صارخصما للمدعی۔(1)

مسئلہ403: باع جاریۃ ولم یقبضھالاتسمع بینۃ المستحق علی انھاجاریتہ مالم یحضرالبائع والمشتری اذالملک للمشتری والید للبائع فتشترط حضرتھا۔(2)

:1 (فتاوی ظھیریہ ج2 ،ص 230)

:2 (جامع الفصولین ج1، ص 38)

(مستحق کا حضور ضروری ہے)

مسئلہ 403:　　زید نے بکر سے کوئی جانور خریدا تھا پھر خالد گواہوں کے ذریعے اس جانور کا مستحق ٹھہرا۔ تو زید نے بکر سے روپے واپس لینے کا ارادہ کیا تو بکر نے اس جانور کے گھریلو ہونے، یا خریدنے اور یا یہ کہ خالد نے مجھے ہبہ کیا ہے اور گواہ بھی پیش کئے تو کیا اس صورت میں یہ گواہی خالد کے غائب ہونے کی حالت قابل قبول کہ نہیں؟ اس بارے میں علماء کا اختلاف ہے بعض حضور کو ضروری سمجھتے ہیں اور بعض ضروری نہیں سمجھتے اور یہ آخری قول {1} زیادہ ظاہر ہے۔

{۱} : جامع الفصولین کی سولہویں فصل میں ذکر ہیں کہ گواہی کی وقت مستحق کی حضور ضروری نہیں، اور تیسری فصل میں اختلاف ذکر کیا ہے لیکن پھر آخری بات کو ترجیح دی ہے۔ ۱۲ مترجم

مسئلہ نمبر403: لواستحق المبیع من یدالمشتری بملک مطلق ورجع المشتری علی بائعہ بالثمن فبر ھن البائع علی النتاج اوعلی وصولہ الیہ من جگۃ المستحق ببیع اونحوہ، وان الحکم للمستحق باطل ولیس لک الرجوع علی ھذا تقبل ھذہ البینۃ بغیبۃ المستحق ، اختلف المشائخ فیہ قال بعضھم شرط وقال بعضھم لاتشترط وھذ القول اظھر واشبہ۔(1)

1: (جامع الفصولین جلد نمبر 1 ص 39)

مسئلہ نمبر 403:   اگر کسی شخص نے دوسرے شخص سے لونڈی خریدی اور اس لونڈی نے اس کے ساتھ بچے کو جنم لیا پھر کوئی اور شخص نے اس لونڈی کے ملکیت کا دعوی کیا اور گواہ پیش کئے (یعنی مستحق نے گواہ پیش کئے اور قاضی نے اس کیلئے حکم کیا) تو وہ شخص لونڈی اور بچہ دونوں لے گا۔

(بچہ ماں کی تابع ہے اور پھل درختوں کے)

مسئلہ 404   اور اگر لونڈی کے مالک نے کسی کیلئے اقرار کیا (کہ یہ تیری لونڈی ہے) تو وہ صرف لونڈی کا ملک ہو جائے گا بچے کا نہیں، اور اسی طرح حکم ہے اگر کسی شخص نے کسی دوسرے شخص کے کھجور کے درخت جس میں پھل موجود ہو کے ملکیت کا دعوی کیا اور پیش کئے کہ یہ درخت میری ملکیت ہے تو مدعی کیلئے درخت اور پھل دونوں کا حکم کیا جائے گا۔

اور کیا اس بچے کے بارے میں قاضی کا حکم ضروری ہے کہ نہیں؟ (کہ یہ بھی مدعی کی ملکیت ہے) تو بعض علماء کا قول ہے کہ ضروری نہیں (بچہ ماں کی تابع ہوگا) اسی طرح ذکر کیا ہے امام محمدؒ نے قضا کے مسائل میں۔ اور اسی طرح منتقیٰ میں بھی مذکور ہے اور امام محمدؒ نے جامع صغیر میں ذکر کیا ہے کہ بچے کے بارے میں قاضی کا حکم ضروری ہے۔ اور اگر بچہ کسی اور کی ملکیت میں تھا تو پھر اس شخص کی حضور لازمی ہے یہ حکم تب ہے جب لونڈی نے بائع کے ساتھ بچہ جنم لیا ہو لیکن بچہ اس کا نہیں ہو۔ اور اگر بچہ بھی اس بائع کا ہو (یعنی لونڈی نے بائع سے بچہ جنا ہو) تو پھر کوئی اور شخص گواہوں کے ذریعے لونڈی کی ملکیت کا دعوی کیا تو امام محمدؒ نے جامع صغیر اور جامع کبیر میں ذکر کیا ہے کہ مدعی کیلئے بائع پر حکم کیا جائے گا بچے کے قیمت پر مشتری بائع سے بچے کے قیمت وصول کرے گا اور اگر بچہ مر گیا تو پھر بائع پر کچھ بھی نہیں۔

مسئلہ 403:   شری امۃ فولد ت عندہ ثم استحقت بالبینۃ یتبعھا الولد۔(1)

مسئلہ 404:   لالواقربھاالفرق انہ بالبینۃ یستحقھا من الاصل ، ولذا قلناان الباعۃ یتراجعون فیما بینھم بخلاف الاقراء فان الباعۃ لایتراجعون فیما بیعھم ثم فی فصل البینۃ ھل یشترط القضاء بالولد قیل لا، لانہ تبع للاصل فیدخل فی الحکم ، وھذا اذالم یکن الفرع فی یدہ وکان فی یداخرفان کانت ولدت من المشتری فھو حر بقیمۃ یوم الخصومۃ ویرجع علی البائع بہ وقد مرا ، ولومات الولد لا شئی علیہ۔(2)

:1   جامع الفصولین ج1 ،ص 100

:2   جامع الفصولین ج،1 ص 100

مسئلہ نمبر 405:   زید نے بکر سے گدھا خرید لیا تھا پھر خالد نے دعوی کیا اور گواہ پیش کئے کہ یہ گدھا میرا ہے۔اور بخارا کے قاضی نے اس کیلئے حکم کیا۔اور زید نے بکر سے لکھا ہوا سند لیا۔پھر زید نے بکر کی تلاش شروع کی تو سمرقند میں پایا اور بکر نے اقرار کیا کہ میں نے تم پر گدھا بیچ دیا تھا۔لیکن وہ اس بات سے انکار کر رہا تھا کہ یہ سند بخارا کے قاضی کا نہیں۔تو زید کیلیے حکم کیا جائیگا۔لیکن سمرقند کے قاضی کیلئے یہ بات جائز نہیں کہ بکر پر حکم کرے کہ تم زید کو گدھے کا پیسے واپس کرو۔بلکہ اگر زید نے اس بات پر گواہ پیش کیا تو یہ حکم کرے گا کہ بخارا کے قاضی نے زید کیلئے حکم کیا ہے اور گدھا اس سے خرید لیا ہے اور یہ بات کہ خرید لیا ہے اس لیے ضروری ہے کہ اگر زید سے گدھا نہیں لیا گیا (تو وہ قیمت کس طرح واپس کرے گا) پھر تو عوض اور عوض علیہ دونوں کا جمع ہونا ایک شخص کے ملکیت میں آجائے گا (اور یہ جائز نہیں) اور اگر بکر نے زید کے دعوی کے جواب میں کہا کہ یہ گدھا میں نے جس شخص سے خرید لیا تھا یہ تو اس کی ملکیت میں پیدا ہو گیا تھا تو تیرے لئے میرے اوپر کوئی حق نہیں اور س بات پر گواہ قائم کئے تو یہ گواہی قبول ہے لیکن تب جب خالد حاضر ہو اور گدھا بھی حاضر ہو۔اور امام ظہیر الدین نے کہا ہے کہ گدھے کا حضور لازمی نہیں۔

مسئلہ :405   استحق حمارمن یدہ ببخاری والبائع بثمر قند ، فجاء بسجل من قاضی بخاری، فانکر البائع بخاری لایقبل مالم یقولوا ان حاکم البخاری قضی بالحمارللمستحق واخذہ المستحق منہ ، لانہ اذالم یقولوا واخذہ المستحق منہ لایحکم بالرجوع علی البائع لئلایلزم اجتماع البدل والمبدل فی ملک واحد، فان قال البائع الاول ولیس لک الرجوع وبرھن یقبل ان بحضرۃ المستحق اوالحمار اولعبد ، وقال الامام ظھیرالدین لایشترط حضرۃ الحمار۔(1)

1:   فتاوی بزاریہ کتاب الدعوی، ج2 ص 111

(مبیعہ کی حضور ضروری نہیں)

مسئلہ 406: کسی شخص نے بیع فاسد ہونے کی وجہ سے اپنی قیمت واپس وصول کرنے کا دعوی کیا اور مشتری نے بیع سے انکار کیا یا اقرار کیا تو مبیعہ کی حضور ضروری ہے۔ کیونکہ بیع کا فاسد کرنا ایسا ہے کہ نیا بیع کرنا اور نئی بیع میں مبیعہ کی حضور ضروری ہے۔ مبیعہ تیار ہو مقدور التسلیم ہو، بر خلاف اس صورت کے کہ حکم کیا جائے کسی غلام کے آزاد ہونے پر۔ (یعنی قاضی حکم کرے کہ یہ غلام نہیں حر الاصل ہے) پھر زید نے مثلاً جس نے بکر سے غلام خرید لیا ہے۔ گواہ پیش کئے کہ غلام غلام نہیں آزاد ہے (تو تم نے کیسے مجھ پر بیچ دیا ہے اور میں اپنا قیمت واپس چاہتا ہوں تو اس وقت غلام کی حضور ضروری نہیں اور زید کیلئے حق ہے کہ بکر سے اپنے پیسے وصول کریں۔

مسئلہ نمبر 407: کسی نے کسی کے ساتھ بیع کیا اور مبیعہ کی اوپر کسے تیسرے بندے کا اجارے کا دعوی ہے یا رہن کا دعوی ہے تو یہ مدعی بائع کا حکم نہیں بن سکتا، جب تک بائع حاضر نہ ہو اور اگر بائع حاضر ہو اور مشتری نے گواہ پیش کئے تو گواہی قبول ہو گی۔

مسئلہ نمبر 408: اگر کسی یتیم کی وصی {1} نے وکیل کیا کہ یتیم کے مال سے کسی چیز کو بیع پر لیا جائے گا تو جائز نہیں ہے جب تک کہ وصی موجود نہ ہو۔

{1} وصی اپنے لئے یتیم کی مال کوئی چیز خرید سکتا ہے لیکن اسی شرط پر کہ اس میں یتیم کا فائدہ ہو۔ ۱۲ مترجم

مسئلہ 406: ادعی استردادالثمن بعلۃ ان الملک وقع فاسداوانکرالبائع البیع او اقر یشترط حضرۃ المبیع از للفسخ حکم ابتداء البیع وفیہ یشترط کون المبیع موجدا مھیا مقدور التسلم معلوما بخلاف مالوحکم بحریۃ الاصل فی القن فبرھن مشتریہ علی بائعہ انہ حرالاصل لایشترط حضرۃ القن ولہ اخذ الثمن۔(1)

مسئلہ407: تلاش بیسیار کے باوجود مقالہ نگار اس مسئلہ کی تخریج تک نہیں پہنچ سکا۔

مسئلہ 408: وکل الوصی رجلا بشراء شئی من مال الیتیم لایجوز الا بحضرۃ الوصی۔(2)

:1 جامع الفصولین فی فصل من یشترط حضرتہ فی الدعوی جلدنمبر1 ص 29

:2 آفندی، علامہ فضیل آفندی الحنفی، ادب الوصیاء، مخطوط الازھریہ ص : 43

فصل چہارم:

اجارہ غصب اور وکیل کرنے کے متعلق

احکام

(یعنی اجارہ غصب اور وکیل کرنے کے متعلق کس کس کی حضور ضروری ہے)

فصل چہارم:

اجارہ، غصب اور وکیل کرنے کے متعلق احکام

مسئلہ 409: زید نے بکر سے تین چوپائے کرایہ کئے تھے۔ بکر نے زید کے غیر موجودگی میں ایک چوپائے کو بیع پر دوسرے کو اجارہ پر اور تیسرے کو بطور عاریت کسی اور کو دے دی۔ اگر کوئی عذر اور وضاحت پیش کی جاسکتی ہے تو اس صورت میں بیع نہیں ٹوٹے گا اگر کوئی عذر اور وضاحت نہیں پیش کی جاسکتی تو بیع ٹوٹے گا۔ اجارہ بھی فاسد ہو جائے گا البتہ زید کا اعارے والے کے ساتھ جھگڑا نہیں ہے جب تک کہ بکر موجود نہ ہو (کیونکہ اعارے والے کا قبضہ ضامن والا قبضہ نہیں) اگر کسی کو ایک چوپائے بخش دی گئی ہے تو زید دعوی کرنے میں حق بجانب ہونگے۔ (اگر کہ بکر حاضر نہ ہو)

مسئلہ 410: اور مستاجر اجارے کی مدت تک چوپائے کا مستحق ہے اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ امام محمدؒ کے رائے میں اس سے مراد پہلا مستاجر ہے اور دوسرا مستاجر اس کا خصم ہے (یعنی زید اسے س مقدمہ کر سکتا ہے) اگر کہ بکر حاضر نہ ہو لیکن زیادہ صحیح یہ ہے کہ دوسرے مستاجر کے ساتھ بھی مقدمہ نہیں لڑ سکتا جب تک کہ مالک حاضر نہ ہو جیسا کہ اعارہ کے مسئلے میں ضروری ہے۔

مسئلہ 409: اجرثلاث دواب ثم المالک اجر دابۃ من غیرالاول واعارۃ اخری اووھب اخری اوباع فوجد المستاجر الدواب فی ایدیھم فلوباع بذر جاز بیعہ ولوبلاعذر فلاتصح البیع ۔ والذی اعار لیس بخصم مالم یحضر المالک(1)

مسئلہ 410: و ان کان المدعی یدعی الاجارۃ، قال فی الکتاب المستأجر احق بھا حتی یستوفی الاجارۃ،قال المتأخرون ،الصحیح ان المستأجر الثانی، لا یکون خصما للمستأجر الاول، حتی یحضر صاحد الدآبۃ بمنزلۃ المستعیر (2)

1: (جامع الفصولین ج 1 ص 37)

2: فتاوی قاضی خان، کتاب الدعوی، ج:2 ص: 338

(مستأجر کی کی حضور غصب کی دعوی میں)

مسئلہ 411: زید نے بکر سے ایک گھر کرایہ پر لیا تھا۔ کسی تیسرے شخص نے زید سے غصب کیا اب بکر اس شخص پر دعوی نہیں کر سکتا، جب تک کہ زید حاضر نہ ہو۔ کیونکہ گھر بکر کا قبضہ نہیں۔ اور زید کا دعوی کرنا جائز ہے اگرچہ بکر حاضر نہ ہو کیونکہ بکر نے اس کو مالک بنایا ہے کہ اس کے ساتھ اجارہ کا معاملہ کیا ہے تو بکر کے غیر موجودگی میں بھی خصم ہو سکتا ہے۔

مسئلہ نمبر 412: زید نے بکر سے گھر اجارہ پر لیا تھا۔ اب خالد کا ملکیت کا دعوی کرنا صحیح نہیں جب تک زید اور بکر دونوں حاضر نہ ہوں۔ کیونکہ بکر گھر کا مالک ہے اور زید کی قبضہ میں ہے تو دونوں کا حضور لازمی ہوا۔

مسئلہ نمبر 413: زید نے اپنا گھر بکر کو اجارہ پر دیا اور اس کے حوالے کیا۔ پھر وہ گھر بکر سے کسی نے غصب کیا اور ملکیت کا دعوی کیا تو یہ دعوی صحیح نہیں جب تک بکر حاضر نہ ہو۔ کیونکہ ملکیت زید کی ہے اور قبضہ بکر کا ہے تو بکر کا حضور ضروری ہے۔ جیسا کہ شفیع زمین خریدنے کا ارادہ کرے شفع کی وجہ سے (اس حال میں کہ زمین بیچنے والے نے بائع کو زمین حوالہ نہ کی ہو تو ضروری ہے بائع اور مشتری کا حضور کیونکہ ایک کی ملکیت اور دوسرا قابض ہے تو یہ بھی اجارے اور رہن کے دعوی کی ہوا۔)

مسئلہ 411: غصب دارامن ید مستاجرہ فدعوی ربہ علی غاصبہ لم یجز بلاحضرۃ المستاجراذاالیدلہ ، ودعی المستاجر علی الغاصب بلاحضرۃ المالک تسمع اذ ملک المنفعۃ لہ بعقدالاجارۃ فلہ خصوءمۃ بلاحضرۃ المالک،(1)

مسئلہ 412: وفی دعوی المستاجر یشترط حضرۃ العاقدین اذالملک للموجر والید للمستاجر فیشترط حضرتھا۔(2)

مسئلہ 413: اجر دارہ وسلمھا ثم غصبھا من المستاجر غاصب لایصح دعوی الملک علی الغاصب ، بلاحضور المستاجر، لان الید لاحدھما والملک للاخر فیشترط اجتماعھا کدعوی شفعۃ یشترط حضرۃ العاقدین لان الیدلاحدھما والید للاخر فصارکدعوی الرھن والا جارۃ ۔(3)

:8 جامع الفصولین ج1 ص 38

:2 جامع الفصولین ج 1 ص 38

:3 جامع الفصولین ج: 1 ص 38

(مزارع کی حضور لازمی ہے)

مسئلہ 414: زمینی دعوؤں میں کیا مزارع کی حضور ضروری ہے کہ نہیں؟(مثلاً زید نے بکر سے زمین مزارعت پر لی ہے اب خالد اس زمین پر ملکیت کا دعوی کر رہا ہے تو اسی صورت میں کیا زید کی موجودگی ضروری ہے کہ نہیں؟) تو اگر تخم مزارع کی جانب سے تھا تو اجارہ کی طرح اس میں بھی زید کی حضور ضروری ہے اور اگر تخم مزارع کی طرف سے نہ تھا اور زمین نے فصل کی ہو تو بھی یہی مسئلہ اور اگر زمین نے فصل نہ کی ہو تو پھر حضور لازمی نہیں (یہ حکم تب ہے کہ دعوی ملک **مطلق** کا ہو اور اگر دعوی کسی فصل یعنی غصب وغیرہ کا ہو اور زمین مزارع کے قبضے میں ہو تو پھر مزارع کی حضور ضروری نہیں ہے۔ کیونکہ خالد بکر پر **فعل** کا دعوی کر رہا ہے۔

مسئلہ 414: واما حضرة المزارع هل هو شرط فی دعوی الضیاع ان کان البزر من المزارع فهو کالمستاجر یشترط حضرته وان لم یکن البزرمنه ان نبت الزرع فکذالک ، وان لم ینبت لایشترط هذا فی دعوی الملک المطلق ، امااذا ادعی علی اخر غصب ضیعه وانها فی یدالمزارع لایشترط حضرة المزارع لانه یدعی علیه الفعل۔(1)

1: خلاصة الفتاوی، کتاب الدعوی ج: 4 ص: 84

(مولی کی حضور ضروری نہیں)

مسئلہ 415: غلام نے کسی کیلئے اقرار کیا تو اقرار کے وقت مولی کا حضور ضروری نہیں ہے۔اور اگر غلام اقرار نہیں کر رہا تھا بلکہ اس کے خلاف کسی دعوی میں گواہ پیش کئے گئے تو مولی کی حضور ضروری ہے طرفین کے نزدیک اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک ضروری نہیں۔

میں کہتا ہوں اگر مولی نے اپنے غلام کیلئے کسی پر دعوی کیا تو اس دعوی کے وقت میں غلام کی حضور ضروری ہے کہ نہیں؟ فقہاء کہتے ہیں کہ غلام کسی چیز کا مالک نہیں بن سکتا اور اگر مالک ہوا تو اس کی مولی کی ملکیت ہے۔اس ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ غلام کی حضور ضروری نہ ہو کیونکہ مجحور کا غلام کا قبضہ نہیں ہے۔اور فقہاء سے یہ جو منقول ہیں کہ غلام نے اگر کسی کے ساتھ امانت رکھ لیا اور غلام غائب ہو گیا تو اس کا مولیٰ یہ امانت نہیں لے سکتا۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ غلام کی حضور ضروری ہو۔اور میں نے اس مسئلے کے بارے میں کبھی کسی صحیح روایت کو نہیں دیکھا۔لیکن پھر میں نے فتاویٰ عمادی کے تیسرے جلد میں پایا جس میں تصدیم کی گئی ہے کہ غلام نے اگر کسی کے ساتھ امانت رکھا، یا غلام سے ہزار روپے غصب کئے تھے یا بطور قرض لئے تھے یا اگر غلام نے اسے کوئی چیز بیچ دیا ہے تو اگر جس کے پاس غلام کا مال ہے اس نے اقرار کیا کہ یہ مال جس سے میں نے لیا ہے وہ زید کا غلام ہے اور زید نے تصدیق کی تو اس صورت میں قاضٰی اس شخص کو مجبور نہیں کر سکتا کہ وہ یہ مال غلام کے مالک یعنی زید کو دے دیں اور اس کا اطلاق پیسوں کے علاوہ کسی بھی چیز پر کی جاسکتی ہے۔کیونکہ مقدمے کا حق غلام کو حاصل ہے اس چیز کی بابت میں جو اس شخص کے قبضے میں ہے۔یہ حکم اس صوت میں ہے کہ یہ شخص اقرار کرتا ہے کہ یہ مال مجھے مدعی کے غلام کے ذریعے پہنچا ہے۔اور یہ اقرار نہیں کرتا کہ یہ مدعی کا ہے۔اور اس صورت میں کہ وہ یہ اقرار کریں کہ یہ مال مدعی کا ملکیت ہے اور اس کے غلام سے زبردستی لیا گیا ہے یا اس نے دیا ہے اور مدعی اس بات کی تصدیق کریں تو قاضی صاحب قبضہ کو مجبور نہیں کر سکتا کہ مال کو زید کے حوالے کیا جائے۔

کیونکہ اگرچہ وہ اقرار کرتا ہے کہ یہ مال مولی کی ہے لیکن دونوں اس بات پر متفق ہیں کہ یہ مال کسی غائب (غلام) کی جانب سے اس شخص کو پہنچا ہے تو لہذا دونوں تسلیم کرتے ہیں کہ صاحب قبضہ خصم نہیں۔(یعنی صاحب اور مولی کے درمیان کوئی مقدمہ نہیں ہے جب تک کہ غلام حاضر نہ ہو۔

"فتاوی عمادیہ کی مضمون یہاں پر اختتام پذیر ہوا"

مسئلہ 415:

فانہ یصح اقرارہ فیھا، وحضرۃ المولی لیس بشرط فان لم یقرلکن اقیمت علیہ البینۃ مخضرۃ المولی شرط عندھما وعندابی یوسف لیس بشرط (1)۔

1: خلاصۃ الفتاوی ج 4 ص 209

(مولی کی حضور ضروری نہیں)

مسئلہ نمبر416: کسی کے غلام کو ہبہ کیا گیا پھر واپس لینے کا ارادہ کیا تو غلام اگر ماذون ہو تو اپنا مال واپس لے سکتا ہے اگرچہ مولی حاضر نہ ہو اور اگر مجور ہو تو جب تک مولی حاضر نہ ہو جائے اپنا مال واپس نہیں لے سکتا۔

مسئلہ نمبر417: زید نے کسی کے غلام کو اپنا لونڈی ہبہ کیا۔اور اس نے قبضہ کیا۔اب زید اپنا لونڈی واپس لینا چاہتا ہے اسی حال میں کہ غلام کا مولی غائب تھا تو لونڈی اگر مولی کی قبضہ میں تھی تو ہبہ میں رجوع نہیں کر سکتا کیونکہ لونڈی اس کے قبضے میں نہیں کیہ اس کے ساتھ مقدمہ کیا جا سکے۔اور اگر لونڈی غلام کی قبضہ میں تھی تو اگر غلام ماذون ہو ہبہ کر سکتا ہے اور اگر مجور ہو تو رجوع نہیں کر سکتا جب تک کہ مولیٰ حاضر نہ ہو۔

مسئلہ 416: وھب لعبد غیرہ شیئا، اذااراد الرجوع ان العبد ماذونایصح الرجود بغیبۃ المولی وان کان محجورا لایصح بلاحضوالمولی (1)۔

مسئلہ 417: رجل وھب لعبد جاریۃ فقبضھاثم اراد الواہب ان یر جعھافیھاوالمولی غائب ، فان کان المال فی یدالمولی لیس لہ ان یرجع فیھا لانہ لیس فی یدالخاضرحتی یخاصمہ وان کان المال فی یدالعبد فان کان العبد ماذونا فی التجارۃ فلہ ان یرجع وان کان محجوراعلیہ فلیس لہ ان یرجع۔(2)

1: فتاوی بزاریہ کتاب الدعوی فیمن یشترط حضورہ فی الدعوی، ج: 11 ص: 203

2: مجمع الفتاوی،کتاب الدعوی، ص 279

(غلام کی حضور ضروری ہے)

مسئلہ نمبر 418: کوئی شخص غلام کے غلام ہونے کا دعوی کر رہا تھا تو غلام کی حضور ضروری ہے۔اسی طرح غلام کی حضور ضروری ہے جب غلام کی وکیل آزاد ہونے کا دعوی کر رہا ہو۔اور اگر قاضی نے غلام کے آزاد ہونے کا حکم دیا تو قیمت واپس لینے کی صورت میں اس غلام کی حضور ضروری نہیں۔

(مستأجر کی حضور ضروری ہے)

مسئلہ نمبر 419: کسی نے دعوی کیا ایسے گھر یا چوپائے پر جو کسی اور نے اجارہ پر لیا ہو تو جب تک آجر اور متاجز دونوں حاضر نہ ہو مدعی کا دعوی کرنا صحیح نہیں ہے۔اسی طرح اگر دعوی کیر رہا تھا کسی ایسی چیز پر جو بطور رہن لیا گیا ہو۔تو راہن اور مرتہن دونوں کی حضور ضروری ہے۔

مسئلہ 418: رجل ادعی رق عبدیشترط حضرتہ، وکذ لواعی وکیل العبد حریتہ یشترط حضرتہ ، ولو قضی القاضی بالحریۃ الاصلیۃ لایشترط حضرتہ عندالرجوم بالثمن۔(1)

مسئلہ 419: رجل ادعی دابۃ اودارا فی اجارۃ الغیر، لاتقبل بینۃ المدعی الأ بحضرۃ الاجروالمستاجر جمیعا،کذا لرھن۔(2)

1: خلاصۃ الفتاوی ج: 4 ص 110

2: فتاوی قاضی خان ج:2 ص: 319

(اجارہ دار کی حضور ضروری ہے)

مسئلہ نمبر 420: اور تصریح کی گئی ہے اس میں (یعنی شرح الاصل) میں کہ بائع مستاجر کی خصم ہے (جیسا کہ فوائد ظہیر الدین میں ذکر ہے، مثلاً زید نے بکر سے چوپایہ اجارے پر لیا پھر بکر نے وہ چوپایہ خالد پر بیچ دیا تو زید خالد کے ساتھ مقدمہ کر سکتا ہے اگر چہ بکر حاضر نہ ہو) لیکن یہ حکم مخالف اس کے جو ذکر ہے (فتاوی صغریٰ اور ذخیرہ میں) اور وہ یہ ہے کہ بائع، مستاجر اور راہن کا خصم نہیں ہو سکتا۔ (یعنی مقدمہ نہیں کر سکتا جب تک کہ پہلا مالک حاضر نہ ہو) مدعی نے دعوی کیا مبیعہ غیر مقبوضہ پر اور مشتری غائب تھا تو کیا یہ مدعی بائع کا خصم ہو سکتا ہے اور اس کے ساتھ مقدمہ لڑ سکتا ہے کہ نہیں؟ تو (شیخ الاسلام برہان الدین) اور ثمر قند کے علماء کا موقف ہے کہ مشتری کا حضور ضروری ہے اور بعض کہتے ہیں کہ ضروری نہیں۔ اور اگر شے موہرن پر دعوی تھا تو اس میں ضروری ہے راہن اور مرتہن کا حاضر ہونا اس بارے میں علماء کا اتفاق ہے۔ اسی طرح ذکر ہے (ذخیرہ میں) اور اس کے بعد بیان کرتا ہے کہ مدعی غیر قابض نے اگر صاحب قبضہ پر دعوی کر رہا تھا کہ یہ گھر میں نے فلاں غائب شخص سے خرید لیا تھا اور صاحب قبضہ اپنے ملکیت کا دعوی کر رہا تھا تو یہ خصم (یعنی اس کے ساتھ مدعی مقدمہ کر سکتا ہے اگر چہ وہ غائب شخص حاضر نہ ہو) اسی طرح فتوی رہا ہے (شیخ الاسلام برہان الدین) نے اس کی مثال ایسی ہوئی کہ جیسے صاحب قبضہ نے دعوی کیا ہو تو (غائب کی حضور کی ضرورت نہیں)۔

{1}: اصل کتاب میں یہاں پر بہت سے ناموں کو چھوڑا گیا ہے، جس کی وجہ سے عبارت میں ربط ظاہر نہیں ہوتا، میں نے جامع الفصولین کی مدد سے وہ قوسن میں ذکر کئے ہیں، اب عبارت بالکل واضح ہے۔ ۱۲ مترجم

مسئلہ 420: وقد صرح فيه ان المشترى يكون خصما للمستاجر كماذكر فى فوائد ظهيرالدين وهو خلاف مازكر فى ذخيره والفتاوى الصغراى ان المشترى ليس بخصم للمستاجر والمرتهن۔

والمشترى شراء جائزاهل يصلح خصماللمدعى قبل القبض بلاحضرة البائع اجاب الشيخ برهان الدين وكثيرمن المشائخ سمرقندانه يشترط حضرة البائع وقيل لايشترط، فحصل فيه اختلاف المشائخ وفى دعوى المرهون يشترط حضرة الراهن والمرتهن وفاقا،وكذ اذكر فى ذخيرة ،وياتى بعده لوادعى شيئا على ذى اليدانه اشتراه من فلان للغائب شداء جائزا وذواليديدعيه لنفسه فهو خصم كذ افتى شيخ الاسلام برهان الدين كمالوادعى على البيع البات۔ (1)

1: جامع الفصولين الفصل الثالث فيمن يصلح خصما ج: 1 ص 37-38

مسئلہ نمبر 421:   زید بکر پر کسی ایسی چیز کی غصب کا دعوی کر رہا تھا جو زید کے قبضہ میں نہیں تو قاضی یہ دعوی نہیں سنے گا۔ اور اگر صرف ملکیت کا دعوی ہو اور صورت مذکور ہو تو بھی قاضی دعوی نہیں سنے گا۔ کیونکہ ملکیت کی دعوی میں مدعاعلیہ تب خصم بن سکتا ہے جب وہ چیز اس کے قبضے میں ہو۔ اور غصب کے دعوی میں مدعاعلیہ فعل کے ساتھ خصم بن سکتا ہے۔ (یعنی مدعاعلیہ پر کسی نے فعل کا دعوی کہ تم نے مجھ سے فلاں چیز غصب کیا ہے تو اسی صورت میں مدعاعلیہ خصم بن جاتا ہے اگرچہ وہ چیز اس کے قبضے میں نہ ہو۔

(غلام کی حضور ضروری ہے)

مسئلہ 422:   ایک غلام نے اپنے مالک کے ساتھ مال کمایا اور کسی کے پاس بطور امانت رکھ دیا۔ پھر وہ مال مودّع سے ہلاک ہو گیا۔ تو مولی کیلئے جائز ہے کہ مودع سے وہ مال لے لے کیونکہ یہ اس کے غلام نے بغیر اجازت کے بطور ودیعت دیا تھا۔ تو ایسا ہوا کہ کسی سے مال غصب کیا ہو۔ اور خزانۃ کتاب میں ذکر ہے مولیٰ نے کسی پر دعوی کیا کہ میرے غلام نے تمہارے ساتھ اتنا مال ودیعت پر رکھ دیا تھا میں وہ واپس لینا چاہتا ہوں۔ یہ دعوی صحیح نہیں ہے اسی وجہ سے کہ غلام غائب ہے تو مالک کا دعوی قاضی نہیں سنے گا۔

مسئلہ 421:   وفی الغصب مسموعۃ علی غیر ذی الید ودعوی الملک لا،لان دعوی الملک فی عقاء لایقبل الا علی صاحب الید وفی دعوی الغصب یجعل الخصم بالفعل ۔(1)

مسئلہ 422:

وفی المحیط اکتسب فی بیت المالک شیئاواودعہ عنداخر وھلک فی یدالمودع للمولی ان یصمن المودع لانہ مالت اودعہ عندہ بلااذنہ فکان کمودع الغصب ، وفی الخزانۃ ادعی علی مودع العبد ودیعۃ العبد لایصح مع ان قال العبد لمولاہ لانہ لما وصلت الودیعۃ الید من العبد لایسمع دعوی مولاہ۔(2)

1:    مجمع الفتاوی کتاب الدعوی۔ ص 239

2:    فتاوی بزاریہ ،کتاب الماذون ج:2، ص: 382

(غلام کی حضور ضروری ہے)

مسئلہ نمبر 423: ایک غلام نے ایک ہزار روپے کسی کے پاس امانت رکھے یا قرض پر دیئے یا کسی نے اس سے غصب کئے اور غلام غائب ہو گیا۔ اب غلام کے مولی نے مودّع یا مقروض پر پیسوں یا کسی اور چیز کا دعوی کر رہا تھا اور غلام غائب تھا تو قاضی یہ دعوی نہیں سنے گا۔ یہ حکم تب ہے جب مدعا علیہ اس بات کا دعوی کرے کہ وہ مال مجھے اس مدعی کے غلام کے ذریعے پہنچا ہے یعنی یہ تیرا مال ہے لیکن تیرے غلام نے مجھے بطور امانت دیا تھا یا میں نے غصب کیا تھا یا بطور قرض لیا تھا۔ تو مدعا علیہ مجبور نہیں کیا جائیگا اس مال کے واپس دینے پر جب تک کہ غلام حاضر نہ ہو۔

مسئلہ نمبر 424: غلام نے اپنے مالک کا مال کسی کو دیا (پھر مالک اس شخص سے اپنا مال طلب کر رہا تھا) اور مالک اقرار کر رہا تھا کہ وہ میرا ے غلام نے آپ کو دیا تھا تو مولی کیلئے مال لینے کا حق نہیں اور اگر اس شخص نے مالک کو مال دیا تو یہ بھی جائز نہیں۔ اور اگر مدعی (یعنی مالک) انکار کر رہا تھا کہ میرے غلام نے تم کو مال نہیں دیا ہے اور وہ میری مال ہے اور اپنے دعوی پر گواہ قائم کئے تو پھر مال واپس لے سکتا ہے ۔ لیکن اگر صاحب قبضہ نے گواہ پیش کئے کہ یہ مال مجھے تیرے غلام نے دی ہے تو مالک کا دعوی دفع ہو جائیگا۔

مسئلہ 423: اودع العبد الفا عند انسان وغاب اواقرض الفا وغاب،او غصب من عبد الفا وغاب ثم حضر مولاہ فادعی علی الغاصب اوالمودع اوالمدیون،لایسمع بلاحضورالعبد عینا کان اودینا، سواء اقر بالملک للمدعی بان قال: ھذ مالک اشترہ منک عبدک ، اواودعہ عندی او اقرضہ منی اوغصبتہ منہ ، لانھمااتفقاعلی الوصول من یدالعبد فکانت یدہ ید امانۃ فلایجبرعلی الدفع۔(1)

مسئلہ نمبر 424: قن دفع مال مولاہ الی رجل واقر المولی بدفعہ لیس لہ اخذہ، ولودفع ذلک الرجل الیہ لم یجز، ولو انکرالمدعی دفع القن الیہ وادعی انہ ملکہ وبرھن فلہ اخذہ الابرھن ذوالید ان قنک دفع الی فیندفع عندالدعوی۔(2)

1: فتاوی بزاریہ فیمن یشترط خصما۔ج: 11ص 203

2: جامع الفصولین ج1 ص 43

(مودِعؔ کا حضور ضروری ہے)

مسئلہ نمبر 425: اور "الاصل" کتاب میں ذکر ہے کہ مالک کیلئے یہ جائز نہیں کہ اپنے غلام کا امانت پر دیا ہوا مال امانت دار سے طلب کریں، چاہے غلام ماذون یا مجور جب تک غلام حاضر نہ ہو اور اس بات کی جانچ پڑتال نہ ہو جائے کہ یہ مال غلام کا اپنا کمایا ہوا ہے کہ نہیں۔ کیونکہ ہو سکتا ہے کہ وہ مال کسی اور کا ہو اور غلام کے ساتھ بطور ودیعت رکھی ہو۔ تو اگر شہادت سے معلوم ہوا کہ یہ مال غلام کا ہے تو لے سکتا ہے۔

مسئلہ نمبر 426: زید کی قبضہ میں کوئی چیز ہے خالد دعوی کر رہا ہے ہ اور گواہ پیش کر رہا ہے کہ یہ چیز میں نے بکر سے خرید لی ہے اور زید کہتا ہے کہ یہ مجھے بکر نے جو غائب ہے امانت کے طور پر دی ہے۔ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک زید خصم نہیں بن سکتا (کیونکہ زید اور خالد دونوں بکر کی ملکیت کو تسلیم کرتے ہیں) اور اگر زید انکار کر رہا تھا کہ یہ چیز بکر کی نہیں ہے تو پھر زید اور غائب بکر پر حکم کیا جائیگا (خالد کیلئے) اور اگر زید اقرار کر رہا تھا کہ کہ بکر کا ہے اور خالد تصدیق کر رہا تھا کہ تم نے بکر سے خرید لیا ہے تو قاضی زید کو حکم نہیں دے سکتا کہ یہ چیز خالد کے حوالہ کر دیں۔

مسئلہ 425: وفی الاصل لیس للمالک ان یقبض ودیعۃ عبدہ مازوناکان اومحجورامالم یحضر ولیظھرانہ کتبہ لانہ یحتمل انہ مال الغیر وفی یدالعبد ودیعۃ فان ظھرانہ للعبد بالبینۃ فحینئذ یأخذ۔(1)

مسئلہ426: المقربان مافی یدہ لفلان لم یکن خصماللمشتری لاتفاقھما انہ للغیر ولوانکر ذوالید انہ ملک الغائب قضی علیہ وعلی ذالک الغائب ولواقر ذوالید انہ للغائب وصدّق المشتری فی شرائہ لا یومر بالتسلیم۔(2)

:1 خلاصۃ الفتاو فی کتاب الودیعۃ الفصل الرابع فی طلب الودیعۃ ۔ ج4 ص 288

:2 جامع الفصولین ج:1 ص 39

(بائع اور مشتری کا حضور لازمی ہے)

مسئلہ 427: زید نے کسی سے تین دن کے خیارِ شرط پر کوئی چیز خریدلی۔ پھر کوئی اور اس چیز کی ملکیت کا دعوی کر رہا تھا تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک اس وقت بائع اور مشتری دونوں کے حاضر ہونا ضروری ہے۔

اور اگر کسی نے کوئی چیز بیع فاسدہ کے ذریعے خریدلی (مثلاً غلام سے کوئی ایسا غلام خرید لیا جو مالک سے بھاگا ہوا تھا اور پھر کوئی اس کی ملکیت کا دعویدار نکلا) تو مدعی بائع کے ساتھ مقدمہ نہیں کر سکتا (بلکہ خصم مشتری ہے)

مسئلہ نمبر 428: زید نے وکیل کیا کہ تم میری لونڈی کو فلاں جگہ پہنچادو پھر لونڈی نے اپنے آزاد ہونے پر گواہ پیش کئے تو وکیل کے لیجانے میں یہ گواہی قبول ہے اور آزادی کے بارے میں یہ گواہی قبول نہیں جب تک زید حاضر نہ ہو۔

مسئلہ نمبر 429: کسی نے دعوی کیا کسی اور پر، مدعا علیہ نے کسی سفر کا ارادہ کیا تو مدعی نے وکیل طلب کیا تو اس نے کسی کو وکیل کیا۔ اب اگر مدعا علیہ اپنا وکیل معزول کرنا چاہتا ہے تو معزول نہیں کر سکتا جب تک مدعی حاضر نہ ہو۔ اور اگر مدعی کے غائب ہونے کے حالت میں معزول کیا تو معزول نہیں ہو سکتا کیونکہ اس کے ساتھ مدعی کے حق کا تعلق ہے

مسئلہ 427: شراہ بخیارفادعاہ أخر یشترط حضرۃ البائع والمشتری عندابی حنیفۃ، والمشتری بالبیع الفاسد لم یکن خصما للمستحق۔(1)

مسئلہ428: وکل وکیلابنقل امتہ فاقامت البینۃ بانہ اعتقها تقبل، قصرت ید الوکیل عنها ولا تقبل فی وقوع العتاق مالم یحضر الغائب (2)۔

مسئلہ 429: رجل لہ علی اخر دعوی فارادالمدعی علیہ ان یسافر فوکل وکیلا بطلب المدعی ثم عزلہ لایعزل الا بحضرۃ الخصم فان عزلہ فی غیبۃ لاینعزل لتعلق حق الغیر بهذا الوکالۃ انتهی۔(3)

1: جامع الفصولین جلدنمبر 1 ص 39

2: شرح مجمع البحرین : ابن الملک العلامہ عبداللطیف الشهیر بابن فرشتا(مخطوط)ص 287

3: صرۃ الفتاوی ۔الساقزی ،محمد بن علی مخطوط بدون رقم ص 191

(جس کے جانب سے ضامن ہوا ہے اس کی حضور)

مسئلہ 430: زید بکر کے کہنے پر بکر کی جانب سے خالد کو ضامن ہوا کہ زید کے ذمے تیرا جو حساب ہے میں اس کا ضامن ہوں ،اور بکر غائب ہو گیا۔ خالد نے ایک ہزار روپے کا دعوی کیا (کہ میرے بکر کے ذمے ہیں اب تو اس کے ضامن ہو) تو یہ گواہی قبول نہیں جب تک بکر حاضر نہ ہو۔ اور اگر زید نے اپنے طرف سے ضمانت کیا تو اسی صورت میں زید پر حکم کیا جائیگا کہ واپس کر دے۔ (منیۃالمفتی فی الکفالہ)

مسئلہ نمبر 431: اگر بائع اور مشتری کسی مبیعہ کی قیمت اختلاف کرتے ہیں اور تحقیق کی ضرورت پیش آئی تو متعلقہ کسب سے کم از کم دو آدمیوں کا کسی قیمت پر متفق اور شاہد ہونا ضروری ہے جو کہ بائع اور مشتری کے حضور گواہی دیں۔ (بزاریہ)

